URDU TEXT BOOK

نمبر (۱)

قصائد ذوق

جس میں

ملک الشعراء خاقانی ہند خان بہادر شیخ محمد ابراہیم ذوق کا

دوسرا کلام بھی علاوہ غزلیات شامل ہے

مع دیباچہ و فرہنگ

مرتبہ

آنریبل جسٹس ڈاکٹر شاہ محمد سلیمان صاحب ایم اے ایل ایل ڈی

بیرسٹرایٹ لا جج ہائی کورٹ الہ آباد

URDU SECTION

فہرست مضامین کلام ذوق

CHEKED

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دیباچہ

تمہید اُستاد ذوق کے کلام کو از سرِ نو شائع کرنے کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی ؟

یہ امر مسلمہ ہے کہ دنیا کے ہر ملک اور ہر قوم کی نازک خیالی کا معیار اُس کے مشہور شعرا کا پاکیزہ کلام ہے اور کسی زبان کی علمی حالت کا اندازہ صرف اس کے شعرا کے کلام کی قدردانی سے ہو سکتا ہے۔ چنانچہ ہر زمانہ میں مشہور شعرا کا کلام مکرر سہ کرر شائع ہوتا رہتا ہے۔ یورپ کے شعرا کے کلام ہزار ہا مرتبہ چھپ چکے ہوں گے۔ شعرا ادب اور زبان کے پیشرو اور راہبر تصوّر کیے جاتے ہیں۔ اُن کے کلام کے مطالعہ سے فخرِ قومی قائم رہتا ہے۔ اور اپنی تہذیب کے اعلیٰ پیمانہ کا احساس ہوتا رہتا ہے۔ اس خیال کو مدِنظر رکھ کر میں نے یہ جرأت کی کہ اُستاد ذوق کی غزلیات کو چھوڑ کر قصائد و دیگر کلام کو از سرِ نو ترتیب دے کر شائع کروں تاکہ نوجوانانِ قوم کو جو اکثر ادبِ اُردو سے ناآشنا ہوتے ہیں یہ موقع ہاتھ آئے کہ اُردو شاعری کے ایک مستند اُستاد کے کلام کو نئے لباس میں ملبوس دیکھ کر اس کے مطالعہ کی طرف مائل ہوں اور اس کی نازک خیالی فصاحت اور بلاغت سے لطف اُٹھائیں اور معلوم کریں کہ ہماری قوم [illegible] بھی کیا کیا جوہر موجود ہیں۔ کسی شاعر کے کلام کے مطالعہ سے قبل اس کی زندگی کے حالات کا علم کرنے کی

ضرورت ہو تاکہ اس کے خیالات سمجھنے میں مدد ملے اس لیے ہم ذیل میں اُستاد ذوق کے مختصر سوانح درج کرتے ہیں۔

استاد کے تاریخی حالات شیخ ابراہیم ذوقؔ کے والد شیخ محمد رمضان ایک غریب سپاہی تھے اور دلی میں کابلی دروازہ کے پاس رہتے تھے۔ اور نواب لطف علی خاں کی ملازمت میں تھے تاریخ ۱۱ ذی الحجہ ۱۲۰۴ھ مطابق ۲۲ اگست ۱۷۹۰ء یوم دوشنبہ کو شیخ ابراہیم پیدا ہوئے۔ ابتداء میں حافظ غلام رسول کے مکتب میں پڑھتے تھے۔ حافظ صاحب شاعر بھی تھے اور شوق تخلص کرتے تھے۔ چنانچہ ابتداہی سے کچھ انس شاعری کا پیدا ہوا۔ حضرت آزاد کا قول ہے کہ لڑکپن میں پہلا شعر حمد میں اور دوسرا شعر نعت میں کہا تھا۔ جب کچھ سن رسیدہ ہوئے اور غزلیں کہنے لگے تو شاہ نصیر کے شاگرد ہوئے۔ مشاعروں میں غزلیں پڑھنے لگے۔ شاہ نصیر کے صاحبزادے شاہ وجیہ الدین منیر تھے اُن سے مقابلہ ہونے لگا۔ اس وجہ سے شاہ نصیر کی بے توجہی محسوس کی۔ غزلیات کی اصلاح بے پروائی سے ہوتی تھی۔ ایک مرتبہ مرزا سودا کی غزل پر (دوش نقش پا۔ آغوش نقش پا) غزل کہی۔ شاہ نصیر کے پاس لے گئے۔ شاہ صاحب بہت ناراض ہوئے اور غزل پھینکدی۔ رنجیدہ ہوکر واپس چلے گئے۔ بعد کو میر کلو حقیر کو وہ غزل سُنائی میر صاحب نے ہمت افزائی کی۔ اُن کے کہنے سے مشاعرہ میں وہ غزل پڑھی۔ بہت تعریفیں ہوئیں۔ اس کے بعد سے بلا اصلاح مشاعروں میں غزلیں پڑھنے لگے۔ اُن کا بیان تھا کہ پہلا دیوان غزلیات کا ۱۵ یا ۱۶ برس کی عمر میں مرتب ہوا تھا۔

مرزا ابوظفر ولیعہد اکبر شاہ کو شعر و سخن سے دلچسپی تھی۔ ظفر تخلص کرتے تھے اُن کے دربار میں اکثر مشہور شعراء کا مجمع رہا کرتا تھا۔ اولاً شاہ نصیر سے غزلیات میں اصلاح لیتے تھے۔ جب شاہ صاحب دکن چلے گئے تو میر کاظم حسین بیقرار اصلاح دینے لگے۔ جب وہ بھی میر منشی ہوکر دلی سے چلے گئے تو ولیعہد نے اُستاد ذوق سے اصلاح لینی شروع کی اور ان کی شاگردی اختیار کی۔

ظفر کے پہلے دیوان کا آخری نصف حصہ اور بقیہ تینوں دیوان اُستاد ذوق کے اصلاح شدہ ہیں اکثر اشعار خود ذوق کے کہے ہیں اور اکثر غزلیات بھی اُن کی ہیں صرف ظفر کا تخلص ڈال دیا ہے۔ ظاہر ہے کہ ایسی

اصلاحوں میں کثیر وقت صرف ہوتا رہا اور اپنے کلام کے مرتب کرنے کو وقت نہ ملا خود فرمایا ہے:-

ذوق مرتب کیونکہ ہو دیوان شکوۂ فرصت کس سے کریں
باندھے گلے میں ہم نے آپ خود ظفر کے جھگڑے ہیں

شروع زمانہ ولیعہدی میں اکبر شاہ مرزا ابوظفر سے ناراض تھے اور بجائے پانچ ہزار ماہوار کے صرف پانچ سو روپیہ مہینہ اُن کو ملتا تھا۔ ولیعہد نے ذوق کی تنخواہ للعہ روپیہ ماہوار مقرر کی۔ باپ نے بہت روکا لیکن ذوق نے کم تنخواہ کا خیال نہ کیا اور اُستاد ہو گئے۔ بعد کو تنخواہ صہ روپیہ اور پھر معہ روپیہ مہینہ مقرر ہوئی۔

۱۹ سال کی عمر میں یہ قدرت کلام حاصل ہو گئی کہ لوگ اُستاد تسلیم کرنے لگے اس عمر میں ایک قصیدہ اکبر بادشاہ کے دربار میں پڑھا جس کا مطلع یہ تھا۔

جبکہ سرطان و اسد مہر کا ٹھہرا مسکن ؎ آب و ایلولہ ہوئے نشو و نمائے گلشن

اس پر بادشاہ نے ذوق کو خاقانی ہند کا خطاب عطا فرمایا افسوس کہ یہ قصیدہ اب معدوم ہے۔
جب مرزا ابوظفر بادشاہ ہوئے اور بہادر شاہ کا لقب اختیار کیا تو ذوق نے ذیل کے مطلع کا قصیدہ اُن کی تہنیت میں لکھا۔

روشن ہو تیرے رخ سے کیا نور سحر رنگ شفق ؎ ہے ذرہ ترا پرتوہ نور سحر رنگ شفق

یہ ابتدائی قصیدہ بعد کو قصیدہ نمبر ۱۲ کی شکل میں مکمل ہوا۔
شروع عہد بہادر شاہ میں مرزا مغل بیگ وزیر تھے۔ اُن کے زمانہ وزارت میں اُستاد بادشاہ کی تنخواہ صرف ۳۰ روپیہ ماہوار مقرر تھی۔ اُستاد ایک تنگ اور چھوٹے مکان میں رہا کرتے تھے اور اسی مکان میں عمر بسر کی۔ ایک چھوٹی چارپائی پر بیٹھے ہوئے یا تو کتابیں پڑھا کرتے تھے یا قصائد اور غزلیات کہا کرتے تھے۔ عموماً بارہ بجے رات تک جاگنا ہوتا تھا وظیفہ پڑھکر تب آرام کرتے تھے۔ باوجود اس رتبہ کے بسر اوقات مفلسانہ اور قناعت سے ہوتی رہی۔ ذیل کا شعر حسب حال ہے

یوں پھریں اہل کمال آشفتہ حال افسوس ہے ؎ اے کمال افسوس ہے تجھ پر کمال افسوس ہے

جب مرزا مغل بیگ وزارت سے علیحدہ ہوئے تو اُستاد شاہی کی تنخواہ سَو روپیہ مہینہ مقرر ہوئی
ہمیشہ عیدوں اور نوروزوں اور دیگر تقریبوں میں قصیدے پڑھا کرتے تھے اور خلعت پاتے تھے
ایک مرتبہ جب بہادر شاہ بادشاہ نے سخت بیماری کے بعد صحت پائی تو ایک زبردست قصیدہ
ذیل کے مطلع کا ذوق نے پڑھ کر سُنایا۔

واہ واہ کیا معتدل ہے باغ عالم میں ہوا + مثل نبضِ صاحبِ صحت ہے ہر موجِ صبا

اس قصیدہ پر علاوہ خلعت کے خطاب خان بہادر اور ایک ہاتھی مع حوضۂ نقرئی انعام ہوا۔
بعد کو ایک بڑا عالیشان قصیدہ لکھا جس پر ایک گاؤں جاگیر میں عطا ہوا۔ مطلع یہ ہے

شب کو میں اپنے سرِ بسترِ خوابِ راحت   نشۂ علم میں سرمستِ غرور و نخوت

مرزا جواں بخت کی شادی میں اسداللہ خاں غالب نے ایک سہرا کہا جس کا مشہور مقطع طنز آمیز تھا

ہم سخن فہم ہیں غالب کے طرفدار نہیں   دیکھیں اس سہرے سے کہدے کوئی بڑھکر سہرا

اُستاد ذوق نے اوسی دن اوسی قافیہ اور ردیف میں اُس کے جواب میں ایک سہرا لکھا جو مسلّماً
غالب کے سہرے سے بڑھ گیا۔ مقطع یہ تھا

جس کو دعویٰ ہو سخن کا یہ سنا دو اُس کو   دیکھ اس طرح سے کہتے ہیں سخنور سہرا

ذوق کو دلی سے نہایت انس تھا۔ کبھی دلی سے باہر جانا پسند نہ کرتے تھے۔ دیوان چندو لال نے
دکن سے ایک مصرع طرح بھیجا اور دکن بلایا۔ آپ نے طرح میں غزل لکھ کر بھیجی جس کا مقطع یہ تھا۔

آجکل گرچہ دکن میں ہی بڑی قدرِ سخن   کون جائے ذوق پر دلی کی گلیاں چھوڑکر

دیوان صاحب نے خلعت اور پانچ سو روپیہ بھیجے مگر آپ دکن نہ گئے۔
آخر زمانہ میں جشنِ غسلِ صحت بادشاہ میں ایک قصیدہ تحریر ہوا جو شاید موجودہ قصائد میں سب سے آخر کا
قصیدہ ہے مطلع۔

زہے نشاط کہ گر کیجیے اسے تحریر   عیاں ہو خامہ سے تحریر نغمہ جائے صریر

شیخ ابراہیم ذوق کو بہت سے علوم سے واقفیت تھی تفسیر و تصوف میں دخل کامل تھا۔ ابتدا زمانہ میں

موسیقی سے بھی شوق تھا۔ نجوم و رمل کو بھی نہ چھوڑا علم طب پر بھی عبور رکھا لیکن کبھی مطب نہ کیا۔
کتب بینی اس قدر تھی کہ کہتے تھے کہ ساڑھے سات سو دیوان اساتذہ سلف کے دیکھے ہیں اور اُن کا
خلاصہ کیا ہے۔ اُردو شاعری کی بدقسمتی ہے کہ ان اساتذہ کا کل کلام تقریباً اب معدوم ہے حتیٰ کہ ذوق کا
خلاصہ بھی ضائع ہوگیا۔ خود ذوق نے اپنے کلام کی احتیاط نہ کی اور نہ بالترتیب اُس کو جمع کیا۔ اکثر پرچوں
پر طاقوں پر تکیوں کے غلافوں میں اور مٹی کے ٹھلیوں میں غزلیں پڑی رہا کرتی تھیں۔ کثیر حصہ اُن میں کا
غائب ہوگیا۔ شائقان نظم اُردو کے لیے کف افسوس ملنا باقی رہ گیا۔ ۱۸۵۷ء کے غدر کے خلفشار نے
اور آفت برپا کردی۔ اگر حضرت آزاد اپنا جمع کردہ مجموعہ لیکر مکان سے نہ بھاگتے تو موجودہ کلام کا دیکھنا
بھی ہم لوگوں کو نصیب نہ ہوتا۔ سب سے پہلے بعد غدر حافظ غلام رسول ویران نے کلام ذوق کا وہ
مختصر مجموعہ جو عام طور پر بازار میں دستیاب ہوتا ہے شائع کیا اس کے بعد حضرت آزاد نے ۱۲۶۹ھ
میں دیوان ذوق مرتب کرکے نکالا حضرت آزاد کا مقولہ ہے کہ جو غزلیں ذوق نے اپنے تخلص سے لکھی
تھیں اگر جمع کی جاتیں تو ظفر کے چاروں دیوانوں کے برابر ہوتیں اور اگر تمام قصائد ایک جا ہوتے تو
خاقانی شیروانی کے قصائد سے دوچند ہوتے۔ اُن کے کلام کا کثیر حصہ بالکل تلف ہوگیا اور خاص کر
عالم جوانی کا کلام اب دستیاب نہیں ہے۔ ہزاروں گیت۔ ٹھمریاں۔ ہولیاں۔ تاریخیں و دیگر اقسام کی
نظمیں بے پتہ ہیں۔ ایک مثنوی جو بچی ہے وہ بھی نامکمل ہے۔ علاوہ ان کے کثیر اشعار اُستاد کے اُن کے
شاگردوں کی غزلوں میں شامل ہیں۔ ظفر کے کلام کے متعلق اوپر ذکر آچکا ہے۔ دلی کے نواب الٰہی بخش خاں
معروف کا دیوان کل انھیں کا اصلاح کیا ہوا ہے۔ یہی صورت دیگر شاگردوں کی غزلیات کی ہے۔ ظاہر
ہے کہ کس قدر وقت اصلاح میں صرف ہوتا رہا ہوگا۔ تاہم اس قدر کلام خود اُن کا تھا جس کا ایک قلیل حصہ
اب ہم لوگوں کے دیکھنے میں آتا ہے۔

۲۴ صفر ۱۲۷۱ھ مطابق ۱۶ نومبر ۱۸۵۴ء جمعرات کے دن صبح ہوتے انتقال کیا۔ ۱۷ دن بیمار رہ کر
آپنے وفات پائی تھی۔ ۶۸ برس کی عمر تھی۔ مرنے سے تین گھنٹے پہلے یہ شعر کہا تھا۔

کہتے ہیں آج ذوق جہاں سے گزر گیا ۔۔۔ کیا خوب آدمی تھا۔ خدا مغفرت کرے

انتخاب کلام حالات متذکرہ بالا سے واضح ہے کہ استاد ذوق کے کلام کی کچھ انتہا نہ تھی قریب قریب روزانہ غزلیں کہا کرتے تھے۔ ہر موقع پر ہر جشن اور خاص تقریبوں میں قصیدہ لکھتے تھے۔ افسوس کہ بوجہ انتشار زمانہ غدر اُن کے کلام کا کثیر حصہ بالکل ضائع ہوگیا۔ جو حصہ محفوظ رہا اور دستیاب ہوسکا وہ نہایت قلیل جزو ہے اس لیے اس مختصر کلام میں سے مزید انتخاب کرنا ظاہرا بیجا معلوم ہوتا ہے۔ تاہم اس مجموعہ میں غزلیات شامل نہیں کی گئیں۔ اس کی وجہ یہ ہرگز نہیں کہ استاد کی غزلیات اُن کے قصائد کے ہمپایہ نہیں۔ غزل گوئی میں جو اُن کو ملکہ حاصل تھا وہ بیان سے باہر ہے۔ جو بلندی خیال وچستی محاورہ وترکیب الفاظ اُن کا حصہ تھا اوس کا اظہار ناممکن۔ صرف غزلیات کے پڑھنے ہی سے اوس کی خوبیاں معلوم ہوسکتی ہیں۔ اُن کی غزلوں میں بہت سے اشعار ایسے ہیں کہ اُس کو بار بار پڑھیے اور مزہ اُٹھائیے۔ دو مصرعوں میں کیا کیا بلند خیالیاں جمع کی ہیں خود فرماتے ہیں

نازک خیالیاں مری توڑیں عدو کا دل
میں وہ بلا ہوں شیشے سے پتھر کو توڑ دوں

صرف نازک خیالی ہی نہیں بلکہ اکثر واقعات اور جذبات کو نظم کیا ہے دریا کو کوزے میں بند کردیا ہے حسرتانہ شعر ہے

پھول تو دو دن بہار جانفزا دکھلا گئے ٭ حسرت اُن غنچوں پہ ہے جو بن کھلے مرجھا گئے

اکثر اشعار مخزن تصوف ہیں مثلاً

اُسے ہم نے بہت ڈھونڈھا نہ پایا ٭ اگر پایا تو کھوج اپنا نہ پایا

یا معدن فلسفہ ہیں

ثبات کب ہے زمانہ کے عزو شاں کے لیے ٭ کہ ساتھ اوج کے پستی ہے آسماں کے لیے

بندش خیال وترکیب الفاظ آپ کا حصہ تھا۔

محفل میں شور قلقل مینائے مل ہوا ٭ لا ساقیا پیالہ کہ توبہ کا قُل ہوا

یا

بل بے کمر کہ زلف مسلسل کے پیچ میں ٭ کھائی ہے تین تین بل اک گدگدی کے ساتھ

ہر بات کو تمثیلاً بیان کرنا آپ ہی کا کام تھا۔

چشمۂ آئینہ میں کب تر ہوا پائے نگاہ　　اس طرح جاتے ہیں دیکھا پاک من آب میں

حضرت ذوق کے اکثر مصرعے زباں زد خلائق ہیں اور اردو زبان میں روزمرہ کی بول چال میں رائج ہیں

ع　اے ذوق تکلف میں ہے تکلیف سراسر۔

ع　زبانِ خلق کو نقارۂ خدا سمجھو۔

ع　زندگی موت کے آنے کی خبر دیتی ہے۔

ع　صدا طوطی کی سنتا کون ہے نقار خانہ میں۔

ع　ہوں اس طرح جہاں میں کہ گویا نہیں ہوں میں۔

حقیقت یہ ہے کہ اردو شاعری کی جان اب تک غزل گوئی ہی ہے اور غزل گوئی کی خوبی کو خود شاعر ہی سمجھ سکتا ہے کسی کی یہ جرأت نہیں کہ غزلیات کی تحقیر کرے لیکن جو لوگ مغربی شعراء سے واقفیت حاصل کر چکے ہیں ان کی طبیعت ایسی نظموں سے مرغوب ہوتی ہے جس میں ایک سلسلہ خیال جاری ہو نہ کہ ایسی نظم کہ جس کا ہر شعر گو کہ بذات خود ایک گوہر ہے دوسری شعر سے خیال میں بالکل جداگانہ بلکہ کبھی برعکس ہے۔ اس میں علاوہ تعلق ردیف و قافیہ و بحر اور کوئی انس نہیں ہوتا۔ ایک شعر میں ہجر کی کلفت کا اظہار اور دوسرے شعر میں وصل کے لطف کا بیان۔ ایک کا مضمون دوسری سے کلیتہً متضاد۔ برخلاف اس کے قصائد و مثنویات و قطعات و رباعیات میں یہ بات نہیں۔ ہر ایک ان میں حسب مراتب ایک مکمل زیور ہے نہ کہ محض دانہ گوہر منتشر۔ اکثر صاحبان کا یہ عقیدہ ہے جو بطور پیشین گوئی قابل یادگار ہے کہ کچھ زمانہ بعد اردو زبان کا رنگ یوں بدلے گا کہ غزلیات ابتدائی مشق کے لیے اور قصائد و مثنویات وغیرہ کہنہ مشقی کا نمونہ رہینگی۔ چنانچہ جو لوگ مغربی شعراء سے مانوس ہیں اُن کی موافقت مزاج کا لحاظ رکھ کر صرف قصائد و مثنوی و سہرہ و قطعات و رباعیات اس مجموعہ میں شامل کی گئیں ہیں۔

ترتیب کلام | اولاً قصائد درج کیے گئے ہیں اور اُن کی ترتیب ردیف وار کی گئی ہے میری خواہش تھی کہ ترتیب بلحاظ زمانہ ہوتی لیکن مجھے کسی دیوان یا تذکرہ حتیٰ کہ دیوان مرتبہ حضرت آزاد سے ہر قصیدہ کا

سال تصنیف معلوم نہ ہوسکا اس لیے مجبوراً ترتیب ردیف وار کو ترجیح دی۔ بعض قصائد ناتمام تھے وہ درج کیے گئے ہیں۔ افسوس ہو کہ مثنوی بھی نامکمل ہو ورنہ لاجواب ہوتی۔ پھر بھی قدرت کلام کا پتہ دیتی ہو۔ حضرت آزاد کے مجموعہ میں قطعات و رباعیات بالکل منتشر و بلا ترتیب درج تھے ان کو بھی ردیف وار درج کیا گیا ہو۔

فرہنگ قصائد میں پابندی قوافی کی سخت شرط ہو۔ کثرت اشعار کی وجہ سے شاعر مجبوراً فارسی اور عربی زبان سے قوافی تلاش کرکے استعمال کرتا ہو۔ اکثر ایسے الفاظ جو روزمرہ کی زبان میں مستعمل نہیں ہوتے قلمبند کرنے پڑتے ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہو کہ معمولی استعداد کا اردو داں شخص بعض اشعار کو بالکل سمجھ نہیں سکتا یا سمجھنے میں غلطی کرتا ہو۔ کم از کم اُس کی خوبی کو شناخت نہیں کرسکتا۔ استاد ذوق کے قصائد میں ترکیب فارسی اور الفاظ عربی و فارسی کثیر ہیں بغرض سہولیت الفاظ کا ترجمہ فرہنگ میں جو آخر میں دی گئی ہو درج کردیا ہو اور اشعار پر نمبر آسانی کے واسطے دیدیے گئے ہیں تاکہ فرہنگ میں لفظ کے معنے کی تلاش میں دقت نہ ہو۔ فرہنگ کو مرتب کرنے کی زحمت مولوی نظام الدین حسین صاحب نظامی بدایونی نے اپنے سر لی تھی اس اہم کام کو جس خوبی سے اُنھوں نے انجام دیا ہو اس کا اندازہ اس کے مطالعہ سے ہوسکتا ہو جس کے لیے میں ان کا کافی شکریہ ادا کرنے سے قاصر ہوں۔

تنقید قصائد ذوق کو دیگر شعرا کے قصائد سے بالخصوص مرزا رفیع سودا کے قصائد سے مقابلہ کرنے کی استطاعت نہیں رکھتا۔ ہر ایک کا رنگ جداگانہ ہو اور ذاتی خوبی رکھتا۔ ہر ایک اپنی طرز میں علیحدہ اور اعلیٰ ہو۔ اور اظہار خیالات بلند۔ یہ سچ ہو کہ قصائد میں مبالغہ کثیر ہو۔ اکثر اشعار نیچرل شاعری کے حدود سے تجاوز کرتے ہیں لیکن مبالغہ اردو شاعری کی جان ہو۔ یہ طرز مشرقی شاعری کی خصوصیات میں سے ہو۔ بلا اس کے نظم بے نمک ہو۔ ہر سخن فہم مبالغہ کو خوب سمجھتا ہو اور مبالغہ سے قطع نظر کرکے صرف بلندی خیال کو دیکھتا ہو۔ مبالغہ کو تشبیہ اور تمثیل کے متوازی خیال کرتا ہو۔ مبالغہ آمیز تعریف کو کلیتہً سچ نہیں سمجھتا اس لیے ہجو ملیح نہیں ہوسکتی۔ مبالغہ صرف ایک جامۂ زریں ہو کہ جس میں اصل خیال آراستہ کیا جاتا ہو۔ غرض صرف اعلیٰ مشابہت سے ہو۔ مبالغہ خوبی کلام ہو نہ کہ نقص۔ مثلاً ایک

مسدس میں اشعار دعائیہ کو کمال پر پہونچایا ہی۔ جو چیزیں دنیا فانی میں ویرپا ہیں اُن کو مثال میں قلمبند کیا ہی۔

سر پر آرائے گردوں جب تلک سلطان خاور ہو — قمر دستورِ اعظم صدر اعلیٰ سعدِ اکبر ہو
عطارد میر منشی زہرا ناظر آسماں پر ہو — زحل میر عمارت تیر اگردوں میر لشکر ہو
سر ہفت آسماں جب تک کہ دورِ ہفت اختر ہو
الٰہی یہ بہادر شاہ شاہِ ہفت کشور ہو

اگر سراپا دیکھنا ہو تو ملاحظہ ہو قصیدہ نمبر ۱ میں

ایک بتِ ترسا بادلِ سنگیں لعبتِ کافر با ہمہ تمکیں — الخ

یا قصیدہ نمبر ۱۰ میں

تو ایک پری چہرہ حورِ طلعت بشکل بلقیس و ماہ کنعاں — الخ

یا قصیدہ نمبر ۴ میں

اللہ اللہ رے حسن اس کا کہ سر تا بقدم — الخ

تلوار کی صفت میں قصیدہ نمبر ۱۴ میں

آبداری میں تری تیغ کہ ہی برق کی موج — الخ

قصیدہ نمبر ۲۰ میں گھوڑے کی صفت ملاحظہ ہو۔

وصفِ شوخی ترے توسن کا ہو کس طرح رقم — الخ

اور ہاتھی کی صفت

کیا دکھاؤں تیرے ہاتھی کی بلندی شاہا — الخ

یا قصیدہ نمبر ۱۲ میں

دم ہی کیا باد صبا ہیں کہ دم سیر جہاں
(اور) ترے ہاتھی کی بلندی کی طرف کی جو نگاہ

کلام کے پڑھنے سے ثابت ہوگا کہ جو اعزاز بادشاہ نے آپ کو بخشا تھا وہ بلاوجہ نہ تھا حقیقت میں اُستاد ذوق کو نہ صرف لقب بلکہ درجہ خاقانی ہند کا حاصل تھا۔ اور اس پر خاکساری یہ کہ

ای ذوق کس کو چشم حقارت سے دیکھیے
سب ہم سے ہیں زیادہ کوئی ہم سے کم نہیں

قصائد فنڈ اس کلام کو ایک نئی ترتیب سے پیش کرنے کی غرض حاصل نفع مالی نہیں ہی ایک قلیل رقم از نام قصائد فنڈ علیحدہ کردی گئی ہی جس میں وقتاً فوقتاً حسب مقدور اضافہ ہوتا رہے گا۔ اُسی سرمایہ سے اولاً یہ مجموعہ شائع کیا جاتا ہی قیمت حتی الامکان کم سے کم رکھی گئی ہی کیونکہ غرض اشاعت کلام نہ کہ تحصیل زر ہی۔ جو آمدنی ہوگی وہ قصائد فنڈ میں داخل ہوگی اور اسی سرمایہ سے دیگر اساتذہ کے کلام یکے بعد دیگرے شائع ہوتے رہیں گے۔ اُمید ہی کہ اس طریقے سے ترقی زبان اُردو کا ایک سلسلہ قائم رہے گا۔ مؤلف کو بجائے مالی نفع کے دلی مسرت اس حقیر خدمت سے ہوگی۔

محمد سلیمان
الہ آباد۔ ۸ ستمبر ۱۹۲۴ء

قصیدہ نمبر ۱

یہ قصیدہ ابوالنصر معین الدین محمد اکبر شاہ ثانی کی مدح میں ہی جو ۱۸۰۶ء سے ۱۸۳۷ء تک دہلی کے تخت پر جب مغلیہ سلطنت کا چراغ ٹمٹما رہا تھا رونق افروز رہے ان کے عہد میں اُستاد ذوق کو ولیعہد بہادر کی اُستادی کی بدولت شاہی دربار میں رسائی ہو گئی تھی آزاد کہتے ہیں کہ یہ قصیدہ اُستاد کی نظر ثانی سے محروم رہا۔

صبحِ سعادت نورِ ارادت تن بریاضت دل بہ تمنّا
جلوۂ قدرت عالمِ وحدت چشمِ بصیرت محوِ تماشا
قصرِ رفیع و صحنِ وسیع و طرزِ مسجع سطحِ مربع
باغِ ارم یا روضۂ رضواں خلدِ بریں یا جنّتِ ماوےٰ
مرغِ خوش الحاں بر سرِ بستاں ہر گلِ بستاں خورم و خنداں
گوشِ شقایق۔ محوِ سرود و دیدۂ نرگس مستِ تمنّا
لحنِ قماری شکلِ مسبّح صوت عنا دل وردِ مہلّل
سرو بقامت نخل دعا و نکہتِ گل بادم مسیحا

(۵) فصلِ ربیع و موسمِ اُردی معتدل اک جا گرمی و سردی
میلِ عناصر سوئے طبائع ربطِ قوے با عالمِ اشیا

(۶) چہرۂ گلشن آتشِ رخشاں سرخیِ گل میں لعلِ بدخشاں
سبزہ پہ شبنم رشکِ جواہر لالہ بہ ژالہ لولوئے لالا

(۷) قلب کو فرحت روح کو راحت عقل کو قوت طبع کو جودت
جلوۂ ساقی نغمۂ مطرب نالہ بہ چنگ و نشہ بہ صہبا

(۸) خندۂ گل پر نشاءِ گل پر سرو چمن پر لطفِ سخن پر
نغمۂ بلبل نالہ صلصل قہقہۂ قلقل برلبِ مینا

(۹) غلغلہ اندر محفلِ مستاں وجد میں خیلِ بادہ پرستاں
نغمہ طرازاں بار بدآسا چنگ نوازاں شکلِ نگینا

(۱۰) جام بلوریں بادئہ لعلیں صبحِ بہار و گلشنِ رنگیں
پنبۂ مینا برسرِ مینا اخترِ صبح و گنبدِ خضرا

(۱۱) ساقیِ مہوش مستِ شبانہ مطرب دلکش صرفِ ترانہ
مژدۂ عیدِ اقبال مجسم وقت سعید انوار سراپا

(۱۲) اک بتِ ترسا۔ با دلِ سنگیں۔ لعبتِ کافر با ہمہ تمکیں
صورتِ لات و شکلِ منات و رشکِ یعوق و غیرتِ عزیٰ

(۱۳) کانِ ملاحت بحرِ صباحت جوئے فصاحت گلشنِ راحت
شور ہیں لیلیٰ نور ہیں سلمیٰ لہجہ ہیں شیریں جلوہ میں عذرا

(۱۴) وہ لبِ میگوں عارض گلگوں وہ قدِ موزوں چشمِ پرافسوں
برگِ گل و ژالۂ احمر سرو و صنوبر نرگسِ شہلا

(۱۵) خالِ بلب ہے۔ نقطۂ مشکیں۔ یا ہے ہلال و چشمۂ شیریں

مردم دیدہ محو بدیدہ لالہ بہ داغ و دل بہ سویدا

(۱۶) فوجِ نظارہ جوں رم آہو، آہوئے کعبہ نرگس جادو
چیں بہ جبیں محراب بہ کعبہ۔ طاقِ دو ابرو مسجدِ اقصےٰ

(۱۷) چاہِ زنخداں آبِ زلال۔ اور اس پہ تکلم چشمۂ شیریں
ناصیہ روشن جوں کفِ موسےٰ زلف شکن در خطِ چلیپا

(۱۸) پان کی سرخی لب سے گلو تک دست و گریباں قوسِ قزح سے
دام برائے گردنِ عنقا چشم و چراغ دیدۂ حورا

(۱۹) بیت زلالی لب بہ تکلم۔ فردِ خیالی رنگِ تبسم
موئے میاں جوں معنئے نازک تنگ دہاں سربستہ معمّا

(۲۰) عارضِ گلگوں چشمِ پُر افسوں سبزۂ تر سے طرزِ نظر سے
مایۂ ناز و۔ غمزہ طراز و۔ گلشن راز و۔ راز بد لہا

(۲۱) فتنہ سراپا۔ قہر سراسر سُست وفا ہیں چست جفا ہیں
شرم سے ڈوبا بحرِ حیا ہیں۔ ناصیہ رو بر عالمِ بالا

(۲۲) رمز سے ہوکر صرفِ تکلم۔ ناز سے ہوکر لب بہ تبسم
مجھ سے کہا ہو زمزمہ پیرا۔ تو بھی تو بول ای بلبلِ شیدا

(۲۳) میں نے پڑھا یک مطلعِ روشن مدح میں تیرے جس سے ہو گلشن
روح معزّے ای شہِ عالم عرش ہو جریرا ور شادہو لغشے

(۲۴) ای شہ عالم ورہمہ عالم۔ عالی اعلےٰ۔ والی والا
لب بہ ستائش۔ دل بہ نیائش جلوہ طراز عرشِ معلےٰ

(۲۵) نفسِ خلافت از رہ رتبت تختِ خلافت عرش بہ عظمت
تو ہی بہ حکم و جہ جو صورت وہ ہی بہ نفسِ رتبہ ہیولےٰ

(۲۶) روحِ مجسّم عقلِ مکرّم نفس مقدس جسمِ مطہر
باتن صافی جان موافی پردہ بہ دنیا جلوہ بہ عقبےٰ

(۲۷) علمِ حقیقی علم مجازی تیرے حاول ہیں ساری وطاری
اصل مبانی نقل معانی عقل کو تیرے عیشِ مہیّا

(۲۸) سارے پڑھے اسمائے الٰہی سب ہیں موثر اے شہِ اکبر
اسم جو اعظم ہے تو وہی ہے جس سے ہے تیرا اسم مسمّٰے

(۲۹) فہم ہیں لیکر صافی طینت رکھکے نظر میں اوجِ قرینت
غرقِ حیا ہیں زمزم و کوثر سر بہ زمیں ہیں سدرہ وطوبےٰ

(۳۰) خلق کریم و نفس نفیس و ابر مفیض و فائز رحمت
آبِ بقاؔ و خاکِ شفاؔ و نارِ خلیل و بادِ مسیحا

(۳۱) تو سرِ دنیا ظلِّ الٰہی حکم ترا تا ماہ بہ ماہی
تخت ترا ہے تا بہ ثرےٰ۔ اور فوق ہے تیرا تا بہ ثریّا

(۳۲) حکم پہ حاضر نظم پہ ناظر۔ تیرے جلوسِ جشن کی خاطر
فوجِ سکندر لشکرِ دارا۔ تختِ فریدوں مسندِ کسرےٰ

(۳۳) تجھسے ہی قائم شام و سحر ہے۔ تجھسے ہی ہے اکم تازہ و تر ہے
بارِ مراد و برگ نشاط و شاخ امید و نخل تمنّا

(۳۴) تو بہ ریاست تو بہ فراست۔ تو بہ مقالت تو بہ سیاست
فطرتِ لحیاں فکرِ جماعت حسن بیاض و غصّہ حمرا

(۳۵) رو بہ رضا و لب بہ دعا و دست بہمّت پا بہ اقامت
لب بہدایت دل بہ درایت صرف بہ زہد و محو بہ تقوےٰ

(۳۶) تو بہ حقیقت تو بہ طریقت تو بہ شریعت تو بہ ودلیعت

پاک سرشت و نیک نوشت و جسم مطہر قلب مصفّٰی

(۳۷) رو بہ تجمّل خو بہ تحمّل کف بہ تکلّف لب بہ تکلّم
روکش یوسف ہمسر صالح ہمرہِ موسیٰؑ ہمدم عیسیٰؑ

(۳۸) تیری محافظ آیۂ کرسی۔ تیری معاون آیتِ قدسی
زیبِ تمایم سورۂ یاسین حسین عزائم سورۂ طٰہٰ

(۳۹) جانبِ اعدا تو سرِ میداں کھینچ لے جس دم صارم براں
نعرہ ہو اس کا اُقتُل اُقتُل۔ نارِیہ اس کا نحن قتلنا

(۴۰) جلوہ سے تیرے ہو نہ منوّر شام و سحر آفاق تو کیونکر
مہ ہو دوائے دیدۂ شپّر مہر ضیا سے حیرتِ حربا

(۴۱) تو دمِ فرحت تو دمِ عشرت تو دمِ صولت بر سرِ دولت
ماہ بسرطاں زہرہ بمیزاں تیر بہ قوس و شمس بہ جوزا

(۴۲) فہم ترا وہ عقل ارسطو بالغہ جس سے جوہر ثانی
عقل ترا دے درس فلاطوں فلسفہ جس کی ابجد اولیٰ

(۴۳) حال دو عالم تجھ میں ہی پیدا۔ اور ہی بہ نور کشف ہویدا
غیر قیافہ غیر سرودہ غیر تفاؤل غیر بہ رویا

(۴۴) تیری شمیم خلق سے طاری۔ تیری نسیم طبع سے جاری
باد بہاری مشک تتاری۔ عود قماری۔ عنبر سارا

(۴۵) فکر فرنگ و دانشِ یوناں آگے ترے ہیں طفل دبستاں
تو ہی وہ ماہر۔ تو ہی وہ باہر۔ تو ہی وہ بینا تو ہی وہ دانا

(۴۶) تیغ سے تیری پیکر دشمن۔ حلقہ بہ حلقہ جیب ہو بہ جوشن
پیش حکیماں کب رہے ثابت۔ عقل سے جزو لا یتجزیٰ

(۴۶) زینتِ لوحِ شوکت و شاں توزیبِ سرِ توقیع جہاں تو
اس پہ مزیّن جوں گُل طغرے۔ اس پہ مسجّل جوں خطِ امضا

(۴۸) حاتمِ دوراں مسندِ نعماں رستمِ دستاں شیرِ نیستاں
تو بہ سخاوت تو بہ عنایت تو دمِ جرأت تو سرِ ہیجا

(۴۹) حسن ادا میں نکتۂ موزوں طرزِ بجا ہیں۔ گوہرِ مکنوں
شغل و عمل میں نظمِ مسجّع۔ حرف سخن میں نثرِ مقفّٰی

(۵۰) تیرا ہی توسن سایہ ذوالمن۔ برسرِ جستن در دمِ رفتن
برقِ جہان و آبِ روان و شعلۂ آتش موجۂ دریا

۵۱ بادِ بوقت تیز روانی ابر بوقت قطرہ فشانی
جب تو اڑا دے کوہ و جبل پر جب تو رواں ہو جانبِ صحرا

.....................—————.....................

(۵۲) فیل ہی تیرا ابرِ بہاراں۔ پر بہ خیالِ بادہ گساراں
ہووے درخشاں برق بہ باراں دے جو ہلا زنجیرِ مطلّا

(۵۳) بحر بوسعت کوہ برفعت۔ پردۂ کوہ نور پہ ظلمت
اُس پہ طلوعِ جلوۂ طلعت۔ طور پہ گویا نورِ تجلّٰی

(۵۴) پشت پہ اُس کی ہودجِ زرّیں قوسِ قزح سے مستک رنگیں
تیرا طلوع ای خسروِ خاور صبحِ شفق میں کردے ہویدا

(۵۵) تھا جو سخن آغازِ ثنا سے ختمِ سخن ہو حسنِ ادا سے
ذوقِ سخنداں تیری دعا سے طرزِ سخن موزوں ہو سراپا

(۵۶) دل ہی ترا یا نور کا عالم بلکہ فروغِ طور کا عالم
پیشِ نظر ہی دور کا عالم سن تو سہی افلاک پہ ہی کیا

(۵۷)	وردِ ملایک نامِ خدا ہی دیکھ زباں پر کس کی ثنا ہی دل کہ سراپا دستِ دعا ہی۔ دست دعا و دامنِ شہا
(۵۸)	تاکہ زماں منضم بہ زمیں ہو۔ دورِ میں چترِ چرخِ بریں ہو شاہ کا عالم زیرِ نگیں ہو۔ سطحِ زمیں ہو عالمِ بالا

قصیدہ نمبر ۲

یہ قصیدہ اُس زمانہ میں لکھا گیا تھا جبکہ ذوق کی شاعری عروج کو پہنچ چکی تھی شہزادہ ابوظفر اُس وقت ولیعہد تھے اُن کی بیماری سے شفا پانے کے بعد بادشاہ نے جشن غسل صحت ترتیب دیا اُسی تہنیت میں ذوق نے یہ قصیدہ لکھا تھا۔

(۱)	واہ واہ کیا معتدل ہی باغِ عالم میں ہَوا	مثلِ نبضِ صاحبِ صحت ہی ہر موجِ صبا
(۲)	پھرتی ہی کیا کیا مسیحائی کا دم بادِ بہار	بن گیا گلزارِ عالم رشکِ صد دار الشفا
(۳)	ہی گلوں کے حق میں شبنم مرہمِ زخمِ جگر	شاخِ بشکستہ کو ہی باراں کا قطرہ مومیا
(۴)	ہو گیا موقوف یہ سودا کا بالکل احتراق	لالہ بے داغِ سیہ پانے لگا نشو و نما
(۵)	ہو گیا زائل مزاجِ دہر سے یاں تک جنوں	بیدِ مجنوں کا بھی صحرا میں نہیں باقی پتا
(۶)	ہوتا ہی لطفِ ہَوا سے اس قدر پیدا لہو	برگ میں ہر نخل کی سرخی ہی جوں برگِ حنا
(۷)	پائی یہ اصلاحِ صفرا نے کہ دنیا میں کہیں	زردچشم اب دیکھنے کو بھی نہیں ہی کہربا
(۸)	ہر مزاجِ بلغمی میں ہوتی ہی تولیدِ خوں	چاندنی کا پھول ہو گر ارغوانی ہی بجا
(۹)	نام کو اشیا میں نہ تلخی رہی نہ سمیّت	بن گئی تریاک افیوں زہر میٹھا ہو گیا
(۱۰)	کیا عجب جدوار کی تاثیر گر رکھے زقوم	کیا عجب گر آبِ حنظل دیوے شربت کا مزا
(۱۱)	نیش کی جا نوش ہو دنبالۂ زنبور میں	کام میں افعی کے ہو مہرہ بجائے آبلا

(۱۲) راحت و آرام کا اس دور میں ہے دور دور
چاہیئے واقف نہ ہو دورانِ سر سے آسیا

(۱۳) موتیا بند آنکھ میں اپنی جو رکھتی تھی صدف
اب رکھے ہے روشنی مثلِ دلِ اہلِ صفا

(۱۴) آگیا اصلاح پر ایسا زمانے کا مزاج
تا زبانِ خامہ بھی آتا نہیں حرفِ دوا

(۱۵) نسخہ پر لکھنے نہیں پاتا ہو الشّافی طبیب
کہتا ہے بیمار بس کر مجھکو بالکل ہے شفا

(۱۶) فرق جا پایا نہ تاک اعضائے بدن سے درد نے
درد کے جو حرف ہیں وہ آپ ہی ہیں سب جُدا

(۱۷) لاغروں کو ہو کمالِ تاب و طاقت یہ شتاب
کیسے دو ہفتہ ہلال اک شب میں ہو بدر الدّجا

(۱۸) صبحِ صادق کے ہے گو سر میں سفیدی آگئی
لیکن اس پیری میں بھی صادق ہے ایسی اشتہا

(۱۹) بھوک کی شدّت سے اُس کو یک نفس فرصت نہو
قرص سے خورشید کے جب تاک نہ کر لے ناشتا

(۲۰) رات بھر ٹونگا کیا انجم کے دانے چرخِ پیر
پھر جو دیکھا صبح کو اصلا شکم میں کچھ نہ تھا

(۲۱) پہنچی یہ تفتیح کی نوبت کہ نوبت خانہ میں
لیتی ہے جی کھول کر کیا کیا ڈکاریں کرّنا

(۲۲) کوس پھولا ہے خوشی سے نفخ کا کیا دخل ہے
جوں حباب اس کے نہیں مطلق شکم میں امتلا

(۲۳) ہضمِ کامل اس قدر معدہ نے پہنچایا بہم
جید الکیموس ہے جو حلق سے اُتری غذا

(۲۴) ہے مزاجِ اہلِ عالم یہ قریبِ اعتدال
ساتوں اقلیمیں ہیں گویا اب بخطِ استوا

(۲۵) رکھے گا تعویذ اور گنڈا کوئی کیوں اپنے پاس
باغِ عالم میں بھی عالم جو صحت کا رہا

(۲۶) دے گا طاؤس اپنے بال و پر سے سارے نقش دھو
پھینکدے گی توڑ کر گنڈا گلے سے فاختا

(۲۷) اس قدر جاتی رہی عالم سے بیماری کہ آج
نام گلشن میں نہیں ہے نرگسِ بیمار کا

(۲۸) واقعی کس طرح سے صحت نہ اک عالم کو ہو
جبکہ ہو اُس کی نویدِ غسلِ صحت جاں فزا

(۲۹) وہ وحیدِ زماں مرزا محمّد بوظفر ق
اس کی قوت گر ضعیفوں کو بنا دے اقویا

(۳۰) تقویت کا یہ اثر ہو عام جو ہیں برگِ زرد
ہوں مقوّیِ دل و جاں مثلِ اوراقِ طلا

(۳۱) شادیِ صحت سے اُس کی آج ہو کر شادِ شاد
تہنیت خوانی میں ہیں سرگرم سب مدحت سرا

(۳۲) میں بھی اس رشکِ چمن محفل میں وہ مطلع پڑھوں
بلبلِ تصویر سنکر بول اُٹھے مرحبا

(۳۳)	مطلع	آج ہی عالم میں وہ روزِ سعادت انتما دے اگر زاغ و زغن بیضہ تو پیدا ہو ہما

(۳۴)	مژدۂ جاں بخش صحت ہی تیرا ماء الحیات	جس سے جوں سیماب کشتہ مردہ دل زندہ ہوا
(۳۵)	ہی بقائے عمر سے تیری بقائے عمرِ خلق	ذات ہی تیری جہاں میں چشمۂ آبِ بقا
(۳۶)	قطرہ افشانی سے آبِ غسلِ صحت کے ترے	ہوں دُرِ خوش آب پیدا اس قدر قوّت فزا
(۳۷)	ہوویں استعمال یاقوتی میں وہ موتی اگر	بخشتے پیرانِ کہن کو نوجوانوں کے قوا
(۳۸)	جسم کو مل مل کے دھویا تو نے جس دم وقتِ غسل	گردِ کلفت کو دلِ عالم سے گویا دھو دیا
(۳۹)	دل عدوئے سنگدل کا تھا شقاوت سے جو سخت	زیرِ پا پامال ہوتا تھا برنگِ سنگِ پا
(۴۰)	خوردۂ گل کو صبا لائی تصدّق کے لیے	دے گیا ابرِ بہاری نذرِ دُرِّ بے بہا
(۴۱)	شادیِ صحت کا تیری کیا کہوں عالم کہ آج	جوشِ عشرت سے یہ عالم بن گیا عشرت سرا
(۴۲)	چھیڑے تارِ شمع کو گر ناخنِ موجِ نسیم	بزم میں پیدا ہو تارِ سازِ مطرب کی صدا
(۴۳)	لب پہ ساغر کے ہی جوں موجِ تبسم موجِ مے	شورِ قلقل لب پہ ہی مینائے مے کے قہقہا
(۴۴)	بزم تصویراتِ فانوسِ خیالی کی طرح	حلقۂ رقاصگاں ہی زیرِ گردوں جابجا
(۴۵)	کر رہا صحنِ چمن ہی میں ہی کیا طاؤس رقص	آشیانہ میں ہی رقصاں طائرِ قبلہ نما
(۴۶)	خانہائے چشم میں بھی پتلیوں کا رقص ہی	ہی جو منظورِ نظر سب کو تماشا رقص کا
(۴۷)	چھوٹی آتشبازی ایسی جس کی گلکاری کو دیکھ	رات کو کہتے تھے آپس میں ثریا و سہا
(۴۸)	صنعِ آتشباز پر حیرت زدہ ہوتی ہی عقل	سنگِ پارس سے کہیں بارود کو پیسا تھا کیا
(۴۹)	ہو گئی تاثیر جس کی یہ کہ ہر گلریز سے	ریزۂ فولاد نکلے بن کے گلہائے طلا
(۵۰)	گنج چھٹتے تھے ستاروں کے عجب انداز سے	ماہ پاروں کا تھا گویا خندۂ دنداں نما
(۵۱)	منھ ہی کیا جو رنگ سے مہتاب کے ہمتاب ہو	غازہ سے ہر چند چمکے رنگِ روئے مہ لقا
(۵۲)	برج جو اُڑ کر ہوئے قندیلِ شب پر فلک	برج تھے جتنے فلک پر سب کو روشن کر دیا

(۵۳) فی الحقیقت یہ وہ شادی ہو کہ اس کے روبرو ‌ ‌ ‌ جشنِ جمشیدی کا کچھ مطلق نہیں رتبہ رہا

(۵۴) ہی زبانِ خامہ عاجز آگے بس تعریف میں ‌ ‌ ‌ ذوق کہتا ہو اُٹھا کر ذوق میں دستِ دعا

(۵۵) رکھے صحت سے ہمیشہ شافیِ مطلق تجھے ‌ ‌ ‌ جو ترے بدخواہ ہوں وہ رنج میں ہوں مبتلا

یہ قصیدہ ذوق نے جشن عید الفطر ۱۲۶۶ھ مطابق ۱۸۴۹ء میں لکھا تھا۔ اس قصیدے کے متعلق ایک خاص واقعہ مشہور ہو کہ زینت محل بیگم جو بہادر شاہ ابوظفر کی چہیتی بیوی تھیں اور جن کو بادشاہ نے وزارت کے اختیارات دے رکھے تھے انھوں نے اپنے زمانہ وزارت میں اُستاد ذوق کے بیٹے خلیفہ اسمٰعیل کو بعض شاہی خدمات سے محروم کر دیا تھا اور اس لیے بیگم اُستاد سے کھٹکتی رہتی تھیں اور یہ کوشش کرتی رہتی تھیں کہ کسی طرح سے اُستاد بادشاہ کی نظر سے گر جاویں۔ صبح کو عید ہونے کو تھی ذوق رات میں خوشی خوشی اس قصیدہ کو صاف کر رہے تھے کہ دربار میں سُنا کر واہ واہ سُنینگے کہ اتنے میں یہ خبر پہنچی کہ بیگم نے تمام درباریوں کو حکم دیدیا ہو کہ اُستاد جس وقت قصیدہ سُناویں کوئی تعریف نہ کرے۔ ذوق یہ خبر سُنکر دم بخود رہ گئے قلم رُک گیا اور دل میں کہنے لگے کہ بار خدایا بیگم کو کیا ہو گیا ہو خدائی کے مونھ بند کرتی ہو خلاصہ یہ کہ جس طرح بھی ہوا ذوق نے قصیدہ کو ختم کیا ۲ بج چکے تھے سو رہے صبح ہوئی درباری کپڑے پہن دربار میں پہنچے قصیدہ سُنایا لوگوں کے سکوت نے رات والی خبر کی تصدیق کر دی جب ساتویں شعر پر پہنچے تو بادشاہ بے اختیار ہو گئے گلے لگا لیا مکرر پڑھنے کے لیے ارشاد کیا۔ پھر کیا تھا مُہر سکوت ٹوٹ گئی دربار میں واہ واہ کے نعرے بلند ہونے لگے اور شاعر کو اپنی محنت کی داد مل گئی

(۱) پیری میں پر ضرور ہی جامِ شرابِ ناب — پائے فروغ صبح نہ بے نورِ آفتاب (مطلع)

(۲) تائب نہ ہو تو اس سے کہ داڑھی ہوئی سفید — کر خوب میکشی کہ یہ ہی سیرِ ماہتاب

(۳) ہی پیرِ دل خنک کی ہوا پر بقائے عمر — یہ برف وہ نہیں جسے رکھیں نمد سے داب

(۴) ہستی کا اپنے کر نہ بھروسا حباب وار — تعمیر بے بنا ہی یہ اور خیمہ بے طناب

(۵) آئی ہی جب سے قالبِ خاکی میں تیری جاں — غافل پئے سفر ہی اسی دن سے پا تراب

(۶) جو دم مرے سے گزرے غنیمت سمجھ کہ روز — گردش ہی آسماں کو زمانہ کو انقلاب

(۷) ہر بازیِ فلک پہ تو نوروز رو نہ کر — رکھ آفتاب گنجفہ پہ سال کا حساب

(۸) حاصل ہی کیا ہنر سے ولا آئینہ کو دیکھ — جوہر سے دل میں رکھتا ہی کس درجہ پیچ و تاب

(۹) گر ہو سکے تو خاکِ درِ میکدہ ہو تو — اس خاکداں میں تا نہ ہو مٹی تری خراب

(۱۰) آسودگانِ کنجِ خرابات کے لیے — جانا بہشت تک بھی ہی دوزخ کا اک عذاب

(۱۱) یا تنک ہیں بے دماغ نہ بولینگے منہ سے وہ — دے گا جواب نامہ نکیرین کو جواب

(۱۲) رکھتا ہی چرخ اہلِ سعادت کو بد مذاق — گذران ہی ہما کی سرِ روزی کلاب

(۱۳) دیکھے جہاں کو دیدۂ عبرت سے تو اگر — جامِ جہاں نما ہی ہر اک کاسۂ حباب

(۱۴) ساقی جو تجھ کو عین عنایت سے جام دے — لے اور لگا کے آنکھ سے پی جا اسے شتاب

(۱۵) گر بے حساب جام پہ جام آئیں تیرے ہاتھ — روزِ حساب تک تو پیئے جا علی الحساب

(۱۶) مستی میں ایسا مطلعِ تازہ کوئی سنا — جامی بھی لکھے دل پہ جسے کر کے انتخاب

مطلع

(۱۷) گلشن کو دے جو گریۂ مستانہ میرا آب — بیضوں سے بلبلوں کے ہو پیدا بطِ شراب

(۱۸) گلگونِ نشۂ مے گلگوں پہ ہو مرا — پابوس آسماں روشِ حلقۂ رکاب

(۱۹) مستی مری سکھائے اگر جھومنے کی طرز — ٹپکے ہمیشہ ابر سے مستی بجائے آب

(۲۰) بے ہوشیوں میں ہیں مری وہ گرم جوشیاں — ہوتے ہیں جن سے طائرِ ہوش و خرد کباب

(۲۱)	جاگ اُٹھیں وہ جو خواب عدم میں ہیں ہوشمند	غفلت میں گر بلند ہو میری صفیرِ خواب
(۲۲)	نہ پردۂ فلک کو اُٹھا دوں اک آن میں	ہو جاؤں میں جو عالمِ مستی میں بے حجاب
(۲۳)	ہو وہ صوابدیدِ فلاطوں میں خُم نشیں	کہہ بیٹھوں گر نشہ میں کوئی حرفِ ناصواب
(۲۴)	یہ ذہن کو ہے عالمِ مستی میں روشنی	ہر خشتِ خُم ہے حکمتِ اشراق کی کتاب
(۲۵)	ہر روز جامِ بادۂ روشن کا مجھ کو شغل	ہے مثلِ شغلِ آئینہ و شغلِ آفتاب
(۲۶)	پرہیز میرا یہ ہے کہ تقویٰ سے ہے گریز	تقویٰ ہے میرا یہ کہ ہے توبہ سے اجتناب
(۲۷)	لیکن ہے ابرِ رحمتِ باری سے دُر فشاں	دامانِ تر مرا روشِ دامنِ سحاب
(۲۸)	مداح ہوں میں اُس کا کہ ہے جس کے دور میں	شیبِ زمانہ کے لیے کیفیتِ شباب
(۲۹)	پیرِ فلک بنے ہے جوانِ سیاہ مست	ریشِ شعاعِ مہر پہ ہے ابر سے خضاب
(۳۰)	مانندِ نافِ آہو اگر جام میں ہو خوں	اُس کی شمیمِ فیض سے ہو جائے مشکناب
(۳۱)	اُس شاہ کے نمِ کرم و بوئے خُلق سے	ہر خارِ بن ہو ہمسرِ فوارۂ گلاب
(۳۲)	وہ بادشاہ جس کا بہادر شہ اسمِ پاک	ہے درجِ زمانہ کا یکتا دُرِ خوش آب
(۳۳)	ظلِ الٰہ خسروِ دیندار۔ دیں پناہ	شاہِ بلند جاہ۔ و خدیوِ فلک جناب
(۳۴)	تیغ اُس کی وہ ظفر دم و نصرت اثر کہ ہے	گنجِ ہزار فتح کی مفتاحِ فتح باب
(۳۵)	روشن دلی سے اُس کی عدو تیرہ بخت ہے	دزدِ سیاہ کار کو آفت ہے ماہتاب
(۳۶)	ہو مغزِ جانِ کافرِ نعمت کے واسطے	مطبخ میں اُس کے پشۂ نمرود ہر ذباب
(۳۷)	ہے ابر میں بھی برق کا شعلہ مگر نہیں	اُس میں دمِ وفورِ عطا گرمیِ عتاب
(۳۸)	کج خلقی اس کی طبعِ رواں میں نہیں ذرا	دریائے موج زن کو ہزاروں ہیں پیچ و تاب
(۳۹)	پڑھتا ہوں میں وہ مطلعِ روشن حضور میں	جس کا نہ ہووے مطلعِ خورشید بھی جواب
(۴۰)	مطلع	شاہا تو وہ ہے نورِ مجسم کہ آفتاب کرتا ہے نور کو ترے سایہ سے اکتساب

(۴۱) تلوار تیری ہی وہ غضب برقِ کفر سوز — ہی جس کی آنچ آتشِ دوزخ کا التہاب

(۴۲) جوہر سے تیری تیغ کے دکھلائے ہی قضا — سرکش کو لکھ کے حرف بحرف آیتِ عذاب

(۴۳) اللہ رے پاسداریِ اسلام و پاسِ شرع — ق — اللہ رے تیری مصلحت اللہ رے احتساب

(۴۴) انگور زخمِ دل پہ نہ بد خواہ کے بندھے — اس خوف سے کہ ہوتی ہی انگور کی شراب

(۴۵) کیسا ہی مے پرست ہو مانندِ چشمِ یار — مقدور کیا کرے قدحِ مے کا ارتکاب

(۴۶) بلکہ نہ لے دعار قدح کا بھی منہ سے نام — بالفرض گروہی ہو دعاؤں میں مستجاب

(۴۷) شاہا تری حمایت و دولت کے سایہ میں — کنجشک رشکِ باز ہی رشکِ ہما غراب

(۴۸) کرتا ہی روز و شب کو برابر شہنشہا — تعدیلِ عدل سے تری میزاں ہی آفتاب

(۴۹) خورشیدِ شیر چرخ پہ جو کھینچتا ہی تیغ — چاہے ہی شیر جنگ یہ تجھ سے مگر خطاب

(۵۰) کہیے۔ ترے تکلمِ شیریں کو شہد کیا — یہ شربتِ خضر ہی شہا وہ قئے ذباب

(۵۱) چالاکی ہی وہ توسن چالاک میں ترے — ق — شوخی ہی چشمِ یار میں عاشق میں اضطراب

(۵۲) کاوے میں یوں وہ جیسے کہ طاؤس وقتِ رقص — اڑنے میں یوں وہ جیسے کہ پرواز میں عقاب

(۵۳) چمکائے اک ذرا سرِ میداں جو تو اُسے — بے پر ہوا پہ جائے وہ جوں ناوکِ شہاب

(۵۴) کرتا ہی یوں ثنا کو دعا پر اب اختصار — یارب دعائے ذوق ہو مقبول و مستجاب

(۵۵) تا عید و عیدگاہ ہو اور خطبہ و نماز — تا خطبہ و نماز سے منظور ہو ثواب

(۵۶) ہر سال تجھکو عید ہو فرخ بعزّ و جاہ
ناکام ہوں عدو ترے اور دوست کامیاب

قصیدہ نمبر ۴

UR-42

یہ قصیدہ بھی عید کے دربار کے لیے تصنیف ہوا تھا اور ممدوح (بہادر شاہ) نے اس کو غیر معمولی پسندیدگی کا شرف عطا فرمایا تھا یعنی علاوہ خلعت معمولی کے ایک گاؤں جاگیر میں بخشا تھا

(۱) شب کو میں اپنے سرِ بسترِ خوابِ راحت — نشۂ علم میں سرمستِ غرور و نخوت

(۲) مرے لیتا تھا پڑا علم و عمل کے اپنے — تھا تصوّر مرا ہر امر میں تصدیقِ صفت

(۳) ہو گیا علم حصولی تھا حضوری مجھ کو — تھا مرا ذہن نہ محتاجِ حصولِ صورت

(۴) جو مسائل نظری تھے وہ بدیہی تھے تمام — عقل کو تجربہ کی اتنی ہوئی تھی کثرت

(۵) نہ غرض مجھ کو نتیجہ سے نہ تھا شکل سے کام — تھی مرے فکر کو ہر شکلِ خطا سے عصمت

(۶) ذہن میں سب مرے حاضر صُوَرِ علمیہ — پر جتانی نہ مجھے منظور نہ تھی علمیّت

(۷) چار و ناچار جو ترغیب سے یاروں کی کبھی — درس تدریس پہ آجاتی تھی مجھ کو رغبت

(۸) کبھی ہمّت تھی مری قاعدۂ صرف میں صرف — کبھی تھی نحو میں ہر [illegible] سے مجھے محویت

(۹) کبھی منطق کو تفوق یہ مرے ناطقہ سے — بحثِ حکمت ہو یہ فن گرچہ ہے تحتِ حکمت

(۱۰) کبھی میں کرتا تھا تصریحِ معانی و بیاں — کبھی میں کرتا تھا توضیحِ نجوم و ہیئت

(۱۱) کبھی تقسیمِ فرائض کبھی تفہیمِ اصول — کبھی تعلیمِ [illegible] کتاب و سنّت

(۱۲) کبھی تھا علمِ الٰہی کی طرف ذہنِ رسا — کبھی کرتی تھی طبیعی میں طبیعت جودت

(۱۳) کبھی تھا عقل پہ مذہب مرا مانندِ حکیم — کبھی مثلِ متکلّم مجھے پاسِ ملّت

(۱۴) کبھی کرتا تھا قدم چرخ کا ثابت بجہات — اور کبھی کرتا تھا باطل بسماءِ انشقت

(۱۵) کبھی انکارِ قیامت پہ میں لاتا تھا دلیل — کبھی تکرارِ تناسخ پہ مجھے سو حجّت

(۱۶) حشرِ اجساد میں تھا گاہ تردد مجھ کو — کبھی تھی عالمِ برزخ میں مجھے اک حیرت

(۱۷) کبھی تھی عرصۂ تدویرِ فلک کی مجھے سیر — کبھی میں ناپتا تھا سطحِ زمیں کی وسعت

(۱۸) کبھی ثابت مرے نزدیک فلک کی گردش — کبھی مثبت مرے نزدیک زمیں کی حرکت

(۱۹) کبھی میں کرتا تھا اعراض میں جوہر قائم — کبھی میں کرتا تھا معلول سے ثابت علت

(۲۰) کبھی منقول پہ مائل کبھی سوئے معقول — کبھی میں فقہ پہ راغب کبھی سوئے حکمت

(۲۱) کبھی میں حافظِ قرآں بعلمِ تفسیر — کبھی میں قاریِ قرآں بعلمِ قرأت

(۲۲) کبھی کرتا تھا مجسطی پہ حواشی تحریر — کبھی کرتا تھا اشارات وشفا کی صحت

(۲۳) کبھی میں کرتا تھا قانون سے تشریح علاج — کبھی میں کرتا تھا قاموس میں تصحیح لغت

(۲۴) کبھی میں لون سے بینندۂ بیمار و صحیح — کبھی میں نبض سے دانندۂ ضعف و قوت

(۲۵) گہ نباتات کی آگاہ میں کیفیت سے — گہ جمادات کی معلوم مجھے خاصیت

(۲۶) کبھی مشائیوں سے کرتا تھا میں پیشروی — کبھی لیجاتا تھا اشراقیوں پر میں سبقت

(۲۷) کبھی میں نفی حقایق میں تھا سوفسطائی — کبھی میں معتزلی باعث ردِ رویت

(۲۸) کبھی میں جبری و مجبور بعقل و تدبیر — کبھی میں قدری و مختار بقدرِ طاقت

(۲۹) گہ ملاحدہ کی تھی تردیدِ کلامِ الحاد — گہ وجودی و شہودی سے بیان وحدت

(۳۰) جوں مہندس کبھی مالوف بشکل و مقدار — جوں محاسب کبھی مصروف بضرب و قسمت

(۳۱) کبھی حرفوں سے تھا مطلوب مثالِ جفّار — کبھی کچھ نقطہ سے مقصود تھا رمال صفت

(۳۲) خانۂ کیسہ سے خارج کبھی شکل داخل — شکل خارج تھی کبھی داخل بیت غربت

(۳۳) کبھی کرتا تھا قران مہ و زہرہ پہ نظر — کبھی تھا دیکھتا مریخ و زحل کی رجعت

(۳۴) کبھی افسون و عزیمت کبھی تعویذ و طلسم — کبھی تجویزِ زکوٰۃ اور کبھی قصدِ دعوت

(۳۵) کبھی تھا علمِ قیافہ میں یہ ادراک مجھے — ایک صورت سے بیاں کرتا تھا میں سیرت

(۳۶) کبھی میں رہتا سرودی میں تھا ایسا مشغول — کہ نہ تھی ایک نفس ضبطِ نفس سے فرصت

(۳۷) سیمیا سے کبھی تصویر کشِ موہومات — کیمیا سے کبھی میں زر کشِ گنج و دولت

(۳۸) کبھی میں شیخِ شیوخ اور کبھی شیخِ رئیس — کبھی علامہ کبھی صوفیِ صافی طینت

(۳۹) کبھی میں قربِ فرائض سے تھا عالی درجہ — کبھی میں قربِ نوافل سے تھا والا رتبت

(۴۰) ماہر موسیقی ایسا کہ ادا کرتا تھا — کبھی میں بارہ مقام اور کبھی چاروں مت

(۴۱) کبھی میں شاعرِ غرّا و ادب دانِ بلیغ — نظم میں نام مرا نثر میں میری شہرت

(۴۲) کبھی کرتا تھا عروضی کا بھی میں قافیہ تنگ — طبعِ موزوں کی دکھاتا تھا جو موزونیت

(۴۳) کبھی پیش نظر انجیل و زبور و توریت — کبھی مصحف میں نظر میری سر ہر آیت

(۴۴) کبھی زرتشتیوں میں ایسا کہ سارے موبد — ژند و پاژند میں کرتے تھے میری تبعیت

(۴۵) کبھی یہ آگہی شاستر و بید پراں — کروں ایک بات سے پنڈت کی کتھا میں کھنڈت

(۴۶) کبھی میں حلِ معما و لغز ہیں ذی ہوش — کبھی اخبار و تواریخ میں صاحب خبرت

(۴۷) آخرش دیکھا تو العلم حجاب الاکبر — عاقبت پایا تو ہاں بلہ کو اہل جنت

(۴۸) فائدہ کیا جو ہر ایک علم کی جانی تعریف — فائدہ کیا جو ہر ایک فن کی کھلی ماہیت

(۴۹) فائدہ کیا کہ جو دیکھیں کتبِ ہر مذہب — فائدہ کیا جو ہوئی آگہی ہر ملت

(۵۰) عقل سے گرچہ کیا مادہ ایسا پیدا — کہ بہر شکل ہو اک تازہ تجلی صورت

(۵۱) یا بنائی کوئی صورت کہ جسے دیکھ کے ہو — ہیکلِ روم سے بت خانہ چین تک حیرت

(۵۲) بے مقدر نہ پڑے صورتِ بہبود نظر — دور آئینہ دل سے نہ ہو زنگ کلفت

(۵۳) پڑھوں اک مطلعِ برجستہ میں اس موقع پر — جس کو سن کر کہیں حسنت سبھی اہل فطنت

(۵۴) مطلع

گر نہ دے صاحبِ جوہر کو مقدر عزت
جوہر فرد ہی بالفرض تو کیا بے قیمت

(۵۵) کیا ہوا علم معقولہ سے اگر کیف کبھی — لیک بے یاوری بخت نہیں کیفیت

(۵۶) قاضی چرخ بھی جو تو ہی تو کیا گر تیرے — مثل دہقانِ فلک کھلنے ہوں طالع نکبت

(۵۷) دور گردوں نہ موافق ہو تو ہوا خفیف — جر اثقال میں تو جیسی اٹھائے محنت

(۵۸) آگے برگشتگی بخت کے چلنے کی نہیں — نظری و عملی کوئی بھی تیری حکمت

(۵۹) گو فصاحت میں تو سحبان ہی ولے بے تقدیر — حرف مطلب پہ زباں کو ہو تری ہو لکنت

(۶۰) گو ریاضی میں ہی صناع اگر بخت ہیں بد — نقش باطل ہی تری شکل وہ جس میں صنعت

(۶۱) کیا ہوا جانا اگر مسئلہ [illegible] و منار — پستی بخت سے تجھ کو جو نہیں ہی رفعت

(۶۲) کام تقویم نہ آئے نہ تری اصطرلاب — طالع بد سے اگر نیک نہ آئے ساعت

(٦٣) علم سے ہو نہ کبھی چارۂ آزار نصیب — پور سینا ہی تو کیا سینہ میں خوں ہو حسرت

(٦٤) سو دوائیں تو سے نسخہ میں ٹھُس پڑے بے تقدیر — نہ ہو بالخاصہ تاثیر نہ بالکیفیت

(٦٥) علمِ نیرنج سے گو بووے تو تخمِ نارنج — بے مقدر نہ ہو حاصل ثمرِ خوش لذت

(٦٦) علم سے جو سبق آموز ملائک تھا وہ دیکھ — بختِ بد سے ہوا مستوجبِ رجم و لعنت

(٦٧) ہوا مسجودِ ملائک یہ ظلوم و جہول — یعنی انسان قوی بخت و ضعیف الخلقت

(٦٨) گو تصوف سے ہو تو صوفیِ سجادہ نشیں — بے مقدر نہ کرامت ہو نہ خرقِ عادت

(٦٩) علم سے لاکھ ہو شیخی پہ تری بے تقدیر — نہ کہے کوئی تجھے شیخ علیہ الرحمۃ

(٧٠) یہ مقالات مثالِ قصصِ مصنوعہ — ہوئے یک بار جو افسانۂ خوابِ غفلت

(٧١) لگ گئی آنکھ مری دیکھا کیا خواب میں ہوں — کہ مجسم نظر آئی ہے نویدِ بہجت

(٧٢) اللہ اللہ رے حُسن اس کا کہ سر تا بقدم — تھا وہ خالق کا تماشائے ظہورِ قدرت

(٧٣) یاد کرتا قدِ رعنا کو ہے اُس کے زاہد — دمِ تکبیر جو کہتا ہے سدا قد قامت

(٧٤) چشمِ وحشی کو اگر اپنی وہ دکھلائے تو ہو — چشمِ آہو سے ہرن نشۂ جامِ وحشت

(٧٥) دلِ شامت زدہ کے در پئے تدبیرِ ہلاک — زلفِ واژوں تھی وہ رخسار پہ واژوں قسمت

(٧٦) آتشِ حسن سے اک شعلۂ سرکش بھی — موجۂ دود لطیف اس کی بھووں کی حالت

(٧٧) فوجِ مژگاں وہ بلا ہووے صف آرا تو کرے — دستِ بیداد سے یکدست وہ عالم غارت

(٧٨) چاہِ بابل وہ ذقن اور دھواں زلف کا عکس — دل گرفتارِ عذاب اس میں ہو ہاروت صفت

(٧٩) لعلِ شیریں کی حلاوت پہ جو تُلے جانِ عاشق — تو دمِ نزع بھی عناب کا چاہے شربت

(٨٠) نہ دمِ شرم تبسم سے لب اُس کے خوگر — نہ تغافل سے اُن آنکھوں کو نگہ کی عادت

(٨١) کھول دے معنیِ معدوم کمر کی جنبش — وا کرے عقدۂ موہوم لبوں کی حرکت

(٨٢) شوخی و ناز کی تعریف میں اس کی مطلع — وہ پڑھوں ہیں کہ جسے سُن کے ہو دل کو فرحت

مطلع

(۸۳) شوخی اس چہرہ میں یوں گل میں ہو جیسے حمرت ۔ نازیوں چشم میں نرگس میں ہو جیسے نکہت

(۸۴) لبِ پان خوردہ کی شوخی کے ہی آگے اک بات ۔ گر لگا دے وہ مسیحا پہ بھی خوں کی تہمت

(۸۵) نازک اندام وہ اور سنگدل اُن سے بھی سوا ۔ آیا جن سنگدلوں کے لیے ہی تسمِ قسمت

(۸۶) سیلی سینہ پہ نہ تھی جعدِ نسیں پشت کا عکس ۔ نظر آتا تھا صفائی سے الف کی صورت

(۸۷) چمپئی رنگ کا وہ اپنے دکھا کر عالم ۔ ایک عالم کا ہو دل لیکے بغل میں چنپت

(۸۸) اللہ اللہ رے تری تمکنت اف رے تمیز ۔ واہ رے تیرا تبختر تری بل بے نخوت

(۸۹) قہر انداز بلا ناز قیامت طناز ۔ سحر چشمک ستم ایما و کرشمہ آفت

(۹۰) جا بجا عالمِ مستی میں قدم کو لغزش ۔ دمبدم نشۂ صہبا سے زباں کو لکنت

(۹۱) آکے اُس رشکِ مسیحا نے کہا بالیں پہ ۔ لاتنم قُم کہ یہ غافل نہیں وقتِ غفلت

(۹۲) شورِ بختی سے نہ اتنا نمک افشاں ہو کہ ہو ۔ بادۂ میکدۂ عیش کی گم کیفیت

(۹۳) کیا سبب ہوتا کدورت سے نہیں کیوں خالی ۔ دل ترا شیشۂ ساعت کی طرح یک ساعت

(۹۴) بزمِ ہستی میں تو ہنس بول رہیگا کب تک ۔ صورتِ شمع سحر سوختہ روتی صورت

(۹۵) آتشِ دل سے ترے گوشۂ تنہائی ہیں ۔ بن گئی شعلۂ جوالہ کمندِ وحدت

(۹۶) وقت ضائع نہ کر اٹھ بسترِ اندوہ سے تو ۔ چل درِ میکدہ تک ہی حرکت سے برکت

(۹۷) فکرِ باطل سے نکر دل کو خنک تو اپنے ۔ ہی تجھے مثلِ سحر یک دو نفس کی مہلت

(۹۸) دیکھ تو کیا افقِ مشرق انوار سے ہی ۔ جلوہ افروز رخِ بانوے صبحِ عشرت

(۹۹) ادہمِ لیل سر عرصہ ہی برگشتہ عناں ۔ اشہبِ یوم سبک سیر ہی ہوے ساعت

(۱۰۰) جانبِ شرق ہی نوری فلق بال کشا ۔ جانبِ غرب ہی پروازِ غرابِ ظلمت

(۱۰۱) چرخِ مینائی پر ایک سبز پری کا عالم ۔ شفقِ صبح پر ایک لال پری کی حالت

(۱۰۲) نکہتِ گل جو ہوا ہیں تو ہوا عطر فشاں ۔ تازگی گل کو چمن میں تو چمن کو نزہت

(۱۰۳) کھلے ہی جاتے ہیں سب غنچے نہ ہے جوشِ نشاط ۔ لوٹے ہی جاتے ہیں گل بلبلے ہنسی کی شدت

(۱۰۴) آج یہ جوش پہ ہے رحمتِ باری کہ کہیں — نہ رہی کلفتِ عصیاں سے جہاں میں ظلمت

(۱۰۵) طفلِ نومشق کی مشقی کی طرح سو سو بار — دھووے مستوں کے سیہ نامہ کو ابرِ رحمت

(۱۰۶) کہے یہ رند کہ او زہد فروش آگ پھانک — مانگے گر بادۂ نو زاہدِ کہن کی قیمت

(۱۰۷) قل ہوا زہد کا قُلیا ہوئی زاہد کی تمام — سُنتے ہی قلقلِ مینائے شرابِ عشرت

(۱۰۸) اس قدر سازِ طرب ساز کی آواز بلند — چھیڑیں گر تارِ کھرج کا تو ہو پیدا دھیوت

(۱۰۹) نغمہ برلب کہیں مطرب پسرِ زہرہ جبیں — جام در دست کہیں مغبچۂ مہ طلعت

(۱۱۰) لیکے انگڑائی کہیں ہنسنے لگی رام کلی — اُٹھتی ملتی ہوئی آنکھوں کو کہیں اپنی للت

(۱۱۱) چشمِ سرمست مئے ناز میں کاجل پھیلا — لب میگوں پہ مسی کی پڑی پھیکی رنگت

(۱۱۲) بے نمک آیا نظر حسنِ مہ و انجم و چرخ — ہو گیا زرد رخِ شمع و چراغِ خلوت

(۱۱۳) چونکی مرغِ سحری عرش سے آوازِ خروش — ہو گئی خواب کو آوازۂ کوسِ رحلت

(۱۱۴) باغِ عالم میں ہیں مرغانِ اُولی اجنحہ تک — مثلِ مرغانِ سحر نغمہ طرازِ عشرت

(۱۱۵) دی ہی مسجد میں مؤذن نے اذاں بہرِ نماز — باوضو ہو کے نمازی نے ہی باندھی نیت

(۱۱۶) ہوئی بُت خانہ سے ناقوس کی پیدا آواز — چلے جمنا کو برہمن کوئی لیکر مورت

(۱۱۷) اُٹھے میخوار صبوحی کے لیے لیکے سبو — کہ عداوت ہی اگر کیجیے ترکِ عادت

(۱۱۸) اِک طرف سے ہوئی گھڑیال کی آواز بلند — ایک جانب سے لگی آنے صدائے نوبت

(۱۱۹) سحرِ عید ہی کر عید کا سامانِ نشاط — روزِ شادی کی ہی آمد شبِ غم کی رخصت

(۱۲۰) آج وہ دن ہی کہ آغوش میں لیکر تجھکو — کہے طوبیٰ لکَ ہر شاہدِ طوبیٰ قامت

(۱۲۱) اب ہیں بیدار ترے بخت مددگار نصیب — اب قوی ہیں ترے طالع تری یاور قسمت

(۱۲۲) فکر کر تہنیتِ عید کا اُس شاہ کی تو — دور میں جس کے ہی ہر صبح صباحِ دولت

(۱۲۳) وہ شہنشاہ بہادر شہِ کسریٰ انصاف — خسروِ جم حشم و داورِ دارا حشمت

(۱۲۴) قوتِ ملت و دیں قامعِ کفر و الحاد — حامیِ شرعِ نبی ماحیِ شرک و بدعت

(١٢٥)	حکمِ شرعی سے کرے سلب وہ سب جذبۂ شوق	مردِ مجذوب سے گر ترک ہو سترِ عورت
(١٢٦)	کون اُس کا نہیں وصّافِ صفاتِ نیکو	کون اُس کا نہیں سرگرمِ ثنا و مدحت
(١٢٧)	سُنتے ہی میں نے بھی وہ مطلعِ روشن لکھا	مطلعِ صبح کو ہو سامنے جس کے خجلت
(١٢٨) مطلع	مصحفِ رُخ ترا ای سایۂ ربّ العزّت	کھول دے معنیٔ اتممت علیکم نعمت
(١٢٩)	تیرا دروازۂ دولت ہی مقامِ اُمّید	تیرا دیوانِ عدالت ہی محلِّ عبرت
(١٣٠)	تیرا احسان بہارِ چمنِ صد رونق	تیری نیّت چمن آرائے ہزار امنیّت
(١٣١)	تیرے عشرت کدہ میں بار کسے غیرِ نشاط	تیری خلوت کدہ میں دخل کسے جز طاعت
(١٣٢)	صفحۂ علم پہ ہر جبیں سے تو ہم زانو	حجلۂ عیش میں ناہید سے تو ہم صحبت
(١٣٣)	ماہِ نو ایک فلک پر ترے نوردوں میں	نو فلک نوکروں میں تیرے قدیم الخدمت
(١٣٤)	کیسۂ گوہرِ انجم ترا صرفِ انعام	طاقۂ اطلسِ گردوں تیرا وقفِ خلعت
(١٣٥)	نیّتِ نیک تری آئنۂ حسنِ عمل	عملِ خیر ترا جلوۂ حسنِ نیّت
(١٣٦)	ذہنِ عالی ہی ترا طائرِ شاخِ سدرہ	طبعِ رنگیں تری گلچینِ ریاضِ جنّت
(١٣٧)	تیرا افضال جہاں کے لیے برہانِ کرم	تیرا اکرام زمانہ کو دلیلِ رحمت
(١٣٨)	علمِ ظاہر سے ہی یکساں تجھے دور و نزدیک	نورِ باطن سے برابر ہی حضور و غیبت
(١٣٩)	ذہنِ صافی ہی ترا پردہ درِ معنیٔ غیب	موشگافی ہی تری کوہ شگافِ دقّت
(١٤٠)	عقل میں شمس ہی تو علم میں کانِ گوہر	فضل میں کعبہ ہی تو حلم میں کوہِ رحمت
(١٤١)	تیری تدبیر پُر از دفترِ ہوش و فرہنگ	تیری شمشیر پُر از جوہرِ فتح و نصرت
(١٤٢)	دعوتِ صدق پہ لائے تری ایمان تصدیق	دستِ ہمّت پہ کرے تیرے سخاوت بیعت
(١٤٣)	تجھ سے راضی ہی خدا اور خدا کا محبوب	تیرا حامی ہی نبیؐ اور نبیؐ کی عترت
(١٤٤)	عزم کو ہی ترے ہر عزم میں عزمِ بالجزم	قصد کو تیرے ہی ہر قصد میں قصدِ سبقت

(۱۴۵)	قوت روح ملائک چمنِ قدس میں ہو	ذات قدسی کا تری عطرِ قبائے عفت
(۱۴۶)	کیا اللہ نے جب تجھ سا ولی نعمتِ خلق	کیونکہ واجب نہ خلائق پہ ہو شکرِ نعمت
(۱۴۷)	نطقِ شیریں سے تری عام حلاوت ہو گر	ثمرِ تلخ ہو حنظل کا سبوئے شربت
(۱۴۸)	شوکتِ عقربِ جرّارہ کے مانند رہے	دلِ حاسد میں خلش گر ترا نیشِ شوکت
(۱۴۹)	رونقِ شیشہ ہر اک سنگ ہو ریزہ ریزہ	پڑے البرز پہ گر گرز کی تیرے ضربت
(۱۵۰)	سر کشف وار چھپاتا ہے فلک زیرِ سپر	کیا غضب ہے تری شمشیرِ غضب کی ہیبت
(۱۵۱)	آئے طوفان جو ترے قہر کا طغیانی پہ	کشتیِ نوح بھی اعدا کو ہو گرداب صفت
(۱۵۲)	وہ تری تیغ کی بُرّش ہے کہ سایہ جس کا	کر دے ایکدم میں ہیولیٰ سے مفارق صورت
(۱۵۳)	تیرا بدخواہ رہے حرز سے یاں تک محروم	دیں نہ تعویذ اُسے تا بہ نشانِ تُربت
(۱۵۴)	آسیا وار پھرے کیوں نہ فلک گرد زمیں	تیرے توسن کی جو کاوے کی اُڑا جائے پھرت
(۱۵۵)	کیا ترے فیل کے اوصاف لکھوں میں کہ وہ ہے	ابر رفتار جبل پیکر و گردوں رفعت
(۱۵۶)	اُس کی خرطوم ہے گر طرّۂ لیلیٰ کی مثال	تو ہیں دندانِ صفا ساعدِ سلمیٰ کی صفت
(۱۵۷)	کیا عجب گر ہو تپِ لرزہ مہابت سے تری	نبض کی طرح رگِ سنگ میں ہو سرعت
(۱۵۸)	آبِ بارانِ کرم تیرا ہے وہ شربتِ خضر	برسے لالہ پہ تو افیون میں نہ ہو سمیت
(۱۵۹)	عدل کے لفظ کو دیتا نہیں نقطہ کوئی	عدل سے تیرے جو موقوف ہے رسمِ ثبوت
(۱۶۰)	عہد میں تیرے عجب کیا ہے سراغِ دلِ شمع	شعلہ میں مرہم کافور کی ہو خاصیت
(۱۶۱)	پنجۂ گربہ سرِ بچۂ موش و گنجشک	ہے حمایت سے تری دایہ کا دستِ شفقت
(۱۶۲)	دورِ انصاف میں گر تیرے ہو کشتہ سیماب	تو بلا شبہ پڑے دینی مہوس کو دیت
(۱۶۳)	دیا اللہ نے وہ قلبِ مصفا تجھکو	اے شہنشاہِ صفا ذہن و سراپا صفوت
(۱۶۴)	فردِ تفصیلِ حوائج ہے رُخِ حاجتمند	عرضِ حاجت کی نہیں سامنے تیرے حاجت
(۱۶۵)	عید کو دیکھ ترے ساتھ خلائق کا ہجوم	کہے عارف کہ یہ کثرت میں ہے ظاہر وحدت

(۱۶۶)	لکھے گر خامہ ترا وصفِ شمیمِ اخلاق	تو ہر اک نقطہ ہو اک نافۂ مشکِ تبت
(۱۶۷)	منتہی ہوں نہ کبھو تیرے صفاتِ نیکو	گر بیاں کیجیے تا حشر صفت بعدِ صفت
(۱۶۸)	ذوق کرتا ہے دعائیہ پر اب ختمِ سخن	کہ زباں کو ہے نہ یارا نہ قلم کو طاقت
(۱۶۹)	عید ہر سال مبارک ہو تجھے عالم میں	با شکوہ و حشم و جاہ بعمر و صحت
(۱۷۰)	خیر خواہوں کے ترے چہرے پہ ہو رنگِ نشاط	اور بد خواہوں کے رخسار پہ اشکِ حسرت

قصیدہ نمبر ۵

(۱)	مطلع	لکھ ذوق اُس کی مدح کہ جس کی ثنا سے ہے سرسبز تیرے گلشنِ باغِ سخن کی شاخ

(۲)	وہ کون؟ شاہ اکبرِ ثانی کہ جس کو روز	مجرا کرے ہے جھک کے نہالِ چمن کی شاخ
(۳)	اُس کی دعائے حرز پڑھے جوشِ غنچہ سے	تسبیح ایک لیے کے عقیقِ یمن کی شاخ
(۴)	کر دے جو وہ نہال تو لائے ابھی نکال	پرویں کا خوشہ گاؤ سپہرِ کہن کی شاخ
(۵)	بہرِ تصدق آئے زرِ گل کو لے صبا	کرنے لگے نثار ہے گہر یاسمن کی شاخ
(۶)	پہنچائے اُس کا مژدۂ صحت جو باغ میں	سجدہ میں بہرِ شکر جھکے نارون کی شاخ
(۷)	ہمسر ہے آج خضر ارم سیر سے شجر	ہم قد ہے آج یوسفِ گل پیرہن کی شاخ
(۸)	گرمیِ عدل اُس کی اگر ہو ستم گداز	نکلے برنگِ شمع ابھی کرگدن کی شاخ
(۹)	مطلع وہ پُر بہار لکھوں اُس کی مدح میں	مصرع کو جس کے سن کے کٹے نسترن کی شاخ

(۱۰)	مطلع	تیرے بہارِ فیض سے نخلِ کہن کی شاخ سرسبز یوں ہے جیسے کہ سرو چمن کی شاخ

(۱۱)	تیرے سحاب لطف سے سیراب ہو کہ ہم	ہمسر ہو شاخ نخلِ ارم سے ہرن کی شاخ

(۱۲)	شاہا یہ تیرا دستِ سخا باغِ دہر میں	گویا کہ نکلی ہے کرمِ ذوالمنن کی شاخ
(۱۳)	گر تیرا حفظ ہو چمنِ بندِ روزگار	آبِ مژہ سے سبز ہو سروِ چمن کی شاخ
(۱۴)	صرصر کا سارا خاک میں مل جائے زور و شور	بچھڑے کہ آشیانۂ مرغِ چمن کی شاخ
(۱۵)	دیکھے جو تیرا قوتِ بازو تو ٹوٹ جائے	وقتِ کشش کمانِ سپہرِ کہن کی شاخ
(۱۶)	تیرے عصا کو اس سے ہیں تشبیہ کیونکہ دوں	ہر شاخ سدرہ ایک کنارِ کہن کی شاخ
(۱۷)	تاثیر تیرا زور ضعیفوں کو دے اگر	ٹوٹے پہلتن سے بھی نازک بدن کی شاخ
(۱۸)	بلکہ کمند مار کے ہاتھی کو کھینچ لے	خرطوم سے لپٹ کے بصورت رسن کی شاخ
(۱۹)	منظور گر خزانہ میں ہو تجھ کو شاخِ زر	طیار ہو وہیں زرِ خور سے کرن کی شاخ
(۲۰)	ہاتھی کو تیرے چاہیے لکڑی تو دشت میں	خرطوم سے اکھاڑ لے وہ کرگدن کی شاخ
(۲۱)	دانتوں کو اس کے دیکھ ہو لرزاں بہ مثلِ بید	صد دیو کوہ پیکر و البرز تن کی شاخ
(۲۲)	گلگوں سے تیرے بڑھ نہ سکے یک قدم صبا	تو تازیانے مارے نہالِ چمن کی شاخ
(۲۳)	ہو تیرا فیض اگر چمن آرائے باغِ دہر	آبِ تبر سے سبز ہو نخلِ کہن کی شاخ
(۲۴)	نالاں ہیں تیرے عدل سے خونریز اس قدر	مانندِ نَے ہو گرمِ فغاں کرگدن کی شاخ
(۲۵)	برسائے جبکہ لعل و گہر تیرا دستِ جود	محتاجِ ابر ہو نہ نہالِ چمن کی شاخ
(۲۶)	شاداب آبِ لعلِ یمن سے ہو مثلِ گل	سیراب ہووے آب سے دُرِّ عدن کی شاخ
(۲۷)	یاں تک ہے پاسِ شرع ترے عہد میں کہ اب	ساغر بکف نہ ہووے گلِ خندہ زن کی شاخ
(۲۸)	پیدا ہو بادہ خوار کی تعزیر کے لیے	نخلِ کدوئے تاک میں صورت رسن کی شاخ
(۲۹)	یہ ذوق کی دعا ہے کہ تا باغِ دہر میں	سرسبز شعر ترے سے ہو نخلِ سخن کی شاخ
(۳۰)	جب تک کہ ہووے گردنِ مینا کی طرح سے	نخلِ نشاط ساقیِ پیماں شکن کی شاخ
(۳۱)	نخلِ حیات تیرا ترو تازہ ہو مدام جوں موسمِ بہار میں نخلِ چمن کی شاخ	

قصیدہ نمبر ۶

تعلّی ہے

نغمے کی آواز جو مفقود تھے

(۱) زہے نشاط اگر کیجیے اسے تحریر	عیاں ہو خامہ سے تحریرِ نغمہ جائے صریر
(۲) زباں سے ذکر اگر چھیڑیے تو پیدا ہو	نفس کے تار سے آوازِ خوشتر از بم و زیر
(۳) ہوا یہ باغِ جہاں میں شگفتگی کا جوش	کلیدِ قفلِ دلِ تنگ و خاطرِ دلگیر
(۴) کرے ہے وا لبِ غنچہ درِ ہزار سخن	چمن میں موجِ تبسّم کے کھول کر زنجیر
(۵) کچھ انبساطِ ہوائے چمن سے دور نہیں	جو وا ہو غنچۂ منقارِ بلبلِ تصویر
(۶) قفس میں بیضہ کے بھی شوقِ نغمہ سنجی سے	عجب نہیں کہ ہو مرغِ چمن بنالہ صفیر
(۷) اثر سے بادِ بہاری کے لہلہاتے ہیں	زمیں پہ ہمسرِ سنبل ہے موجِ نقشِ حصیر
(۸) نکل کے سنگ سے گر ہو شرارہ تخم فشاں	تو سبز فیضِ ہوا سے ہو وہ برنگِ شعیر
(۹) زمیں پہ گرتے ہی لے آئے دانہ برگ و ثمر	جو ٹوٹے ہاتھ سے زاہد کے سبحۂ تزویر
(۱۰) ہوا پہ دوڑتا ہے اس طرح سے ابرِ سیاہ	کہ جیسے جائے کوئی پیلِ مست بے زنجیر
(۱۱) نہ خارِ دشت ہے نرمی میں خوابِ مخمل ہے	ہر ایک تارِ رگِ سنگ بھی ہے تارِ حریر
(۱۲) ہوا میں ہے یہ طراوت کہ دودِ گلخن بھی	برستا اٹھتا ہے آتش سے مثلِ ابرِ مطیر
(۱۳) یہ آیا جوش میں بارانِ رحمتِ باری	کہ سنگ سنگ میں سنگِ یدہ کی ہے تاثیر
(۱۴) ہر ایک خار ہے گل ہر گل ایک ساغرِ عیش	ہر ایک دشت چمن ہر چمن بہشت نظیر
(۱۵) ہر ایک قطرۂ شبنم گہر کی طرح خوش آب	ہر اک گہر گہرِ شب چراغِ پُر تنویر
(۱۶) کرے ہے صبح شکر خندہ اس مزے کے ساتھ	کہ جس طرح بہم آمیختہ ہوں شکر و شیر
(۱۷) سنوارتی ہے جو شام اپنی زلفِ مشکیں کو	سوادِ مشکِ ختن پر ہے لاکھ آہو گیر
(۱۸) نہالِ شمع سے ہر شب پہ چنے گلِ شبّو	بہارِ عیش میں گلچیں کی طرح سے گلگیر

(۱۹)	ہنسے چراغ تو ایسی ہنسی میں پھول جھڑیں		حیا سے رنگِ گلِ آفتاب ہو تغییر
(۲۰)	رہے ہی چرخ پہ ہر صبح جوں صبوحی کش		بایں درازیٔ ریشِ آفتابِ ساغر گیر
(۲۱)	عجب نہیں ہی کہ آرائشِ زمانہ سے		حنائی پنجہ ہوں تاک و چنار و بید انجیر
(۲۲)	چمن میں ہی یہ درختانِ سبز پر جوبن		کہ زہر کھاتے ہیں سبزانِ خطۂ کشمیر
(۲۳)	نہ کیونکہ دیکھ کے گلشن کو یہ پڑھوں مطلع		کہ آئی ہی نظر اک قدرتِ خدائے قدیر
(۲۴)	مطلع	ظہورِ نرگس و گل جلوۂ سمیع و بصیر نسیم نکہتِ گل اطہر و لطیف و خبیر	
(۲۵)	شمیمِ عیش سے ہی یہ زمانہ عطر آگیں		کہ قرصِ عنبر اگر ہی زمیں تو گرد عبیر
(۲۶)	حمل سے حوت تلک جا بجا ہیں تصویریں		بنا ہی عالمِ بالا بھی عالمِ تصویر
(۲۷)	جہاتِ ستہ سے بزمِ جہاں ہی وسعت گاہ		کہ ہی ہجومِ نشاط و سرور جمِ غفیر
(۲۸)	زمانہ دشمنِ عشرت کا اس قدر قاتل		مہِ صیام کو دیکھے نہ کوئی بے شمشیر
(۲۹)	ہوا ہی مدرسہ یہ بزمگاہِ عیش و نشاط	ق	کہ شمسِ بازغہ کی جا پڑھیں ہیں بدرِ منیر
(۳۰)	اگر پیالہ ہی صغریٰ تو ہی سبو کبریٰ		نتیجہ یہ ہی کہ سرمست ہیں صغیر و کبیر
(۳۱)	زمینِ میکدہ یہ خندۂ نشاط انگیز		کہ لائے مو سے ہو دیوارِ قہقہا تعمیر
(۳۲)	دیا ہی رنج کو دھو تیرے غسلِ صحت نے		ضمیرِ خلق سے ای بادشاہِ پاک ضمیر
(۳۳)	عجب نہیں یہ ہوا سے کہ مثلِ نبضِ صحیح		کرے اگر حرکت موجِ چشمۂ تصویر
(۳۴)	شہنشہا ترے یمنِ شفائے کامل سے		جو لا علاج مرض تھے وہ ہیں علاج پذیر
(۳۵)	کہ چوبِ گل کو اگر ماریں سرِ مجنوں پہ		تو صورتِ بشر ہوشمند خوش تقریر
(۳۶)	اشارہ فہم ہوا ایسا کہ وہ بیان کرے		زبانِ برگ سے گونگوں کے خواب کی تعبیر
(۳۷)	جو میلِ کحلِ بصارت ہو کلکِ خطِ غبار		تو چشمِ دائرۂ عین بھی ہو چشمِ بصیر
(۳۸)	نہ موجِ مے کو ہو جنبش نہ شیشہ لے ہچکی		گئی جہاں سے یہ بیماری فواق و زحیر

(۳۹)	نہ برق کو تپِ لرزہ نہ ابر کو ہو زکام	نہ آب میں ہو رطوبت نہ خاک میں تبخیر
(۴۰)	بدل گئی ہی حلاوت سے تلخیِ دارو	شرابِ تلخ بھی ہو میکشوں کو شکر و شیر
(۴۱)	قوی ہی قوتِ تاثیر سے دوائے طبیب	غنیِ قبول کی دولت سے ہی دعائے فقیر

ق

(۴۲)	شکستِ دل کو ترے یمنِ تندرستی سے	کرے درست اگر مومیائی تدبیر
(۴۳)	تو موئے کاسۂ چینی کو چارہ سازِ قضا	نکالے کاسۂ چینی سے مثلِ موئے خمیر
(۴۴)	کھجائے سر جو کبھی مفسدانِ سرکش کا	علاجِ خارشِ سر ہو بناخنِ شمشیر
(۴۵)	بنا ہی نقشِ شفاخانۂ ہزار شفا	ہر ایک خانۂ تعویذ صاحبِ تکسیر
(۴۶)	ہر ایک اسمِ عزیمت میں اسمِ اعظم ہی	ہر ایک نسخۂ شفا میں ہی نسخۂ اکسیر
(۴۷)	رہا نہ کوئی گرفتارِ رنجِ عالم میں	چھٹے جو تیرے تصدّق میں مجرمانِ اسیر
(۴۸)	شہا ہی دم سے ترے زندگانیِ عالم	یہ تیرا دم ہی وہ اعجازِ عیسوی تاثیر
(۴۹)	مثالِ خضر تو ای رہنمائے ملّتِ دیں	جہاں میں پیر ہو پر ہو کرامتوں سے پیر
(۵۰)	تو وہ ہی حامیِ دنیا و دیں زمانہ میں	کہ تجھ سے زیب ہی دنیا کو دین کو توقیر
(۵۱)	کیا شہانِ سلف نے مسخّر ایک جہاں	کیے ہیں تو نے شہنشاہِ دو جہاں تسخیر
(۵۲)	سحر سے شام تلک زرفشاں ہی پنجۂ مہر	نثار کرتا ہی ہر روز ایک گنجِ خطیر
(۵۳)	فلک پہ کرتا ہی ہر شب ادا جو سجدۂ شکر	نشانِ سجدہ ہی زیبِ جبینِ ماہِ منیر
(۵۴)	یہ روزِ بہ سے ترے ہی جوان جہانِ کہن	کہے نہ کوئی دوشنبہ کو بھی جہاں میں پیر
(۵۵)	حیات بخشِ جہاں تیرا مژدۂ صحت	جو بخشے خلق کو عمرِ طویل و عیشِ کثیر
(۵۶)	ہزاروں سال سیر ہر صدی نکالے دانت	ہنسیں اجل پہ جوانوں کی طرح مردمِ پیر
(۵۷)	جہاں کو یوں تری صحت کے ساتھ ہی صحت	صحیح جیسے کہ قرآن ہو مع تفسیر
(۵۸)	یہ وہ خوشی ہی کہ فربہ ہوں جس سے روز بروز	ہلالِ بست و نہم کی طرح بدن کے حقیر

(۵۹)	پڑھوں ثنا میں تری اب وہ مطلعِ روشن	کہ جس کا مطلعِ خورشید بھی نہ ہووے نظیر
(۶۰) مطلع	شہنشہا وہ تری روشنیٔ رائے منیر عقول عشرہ کے انوار جس کے عشرِ عشیر	
(۶۱)	جو ہو نہ تابعِ امرِ تشاوِرُ واُولی الامر	تو عقلِ کل کو کرے تو نہ ہرگز اپنا مشیر
(۶۲)	جو ہیں نکات و معانی بشر کے فہم سے دور	وہ تیرے ذہن میں موجود سب قلیل و کثیر
(۶۳)	اگر ہی سہو کو کچھ دخل حافظہ میں تو یہ	نہ اپنا یاد ہی احسان نہ اور کی تقصیر
(۶۴)	حیا ہی گر متعلق تری نگاہ کے ساتھ	تو ہی ضمیر کی جانب تری صفائی ضمیر
(۶۵)	تیرا تو سیئہ بھی ہو یوں ہی داخلِ حسنات	کہ جیسے صحبتِ اصحابِ کہف میں قطمیر
(۶۶)	کرے ہی سلبِ تغیر کو ذاتِ حادثہ سے	زمانہ عدل سے تیری یہ اعتدال پذیر
(۶۷)	مجال کیا کہ ترے عہد میں شرر کی طرح	اُٹھائیں سر کو شرارت سے سرکشانِ شریر
(۶۸)	ہوا میں آکے جو کرتا ہی سرکشی شعلہ	تو چٹکیاں دلِ آتش میں لے ہی آتشگیر
(۶۹)	ترے نسق سے جو بالکل رہی نہ خونریزی	لڑائیوں میں کہیں چھوٹتی نہیں نکسیر
(۷۰)	جو پہنچے بت کدہ میں تیرا شورِ دینداری	بلند نالۂ ناقوس سے بھی ہو تکبیر
(۷۱)	کیا یہ کفر کو اسلام نے ترے معدوم	کہ کوئی زلفِ بتاں پر نہ کر سکے تکفیر
(۷۲)	جہاں میں چشمِ سیہ مستِ یار کا ہو یہ تاک	جو میکشوں کو ترا احتساب دے تعزیر
(۷۳)	پڑے گلے میں رسن خطِ سرمہ سے اُس کے	رہے مدام وہ گردش میں از پئے تشہیر
(۷۴)	وہ برقِ قہرِ خدا تیری تیغِ آتش دم	کہ جس کی آنچ ترے دشمنوں کو نارِ سعیر
(۷۵)	جو ہی خدنگ کا تیرے نشانہ چشمِ حسود	تو ہی تفنگ کا تیرے دلِ عدو نخچیر
(۷۶)	ترے نہیب سے ہوں شکلِ فلسِ ماہی الگ	کریں نہ حلقۂ جوہر رفاقتِ شمشیر
(۷۷)	جو تیر نکلے کماں سے تری وہ ہو جاوے	طلب میں جانِ عدو کی رواں قضا کا سفیر
(۷۸)	ترے ہی خامۂ طغرا نگار میں یہ زور	ق جو کھینچے اک روشِ خطِ منحنی وہ لکیر

(۷۹)	تو اس سے ایسی ہوں اشکال ہندسی پیدا		مٹا دے دیکھ کے اقلیدس اپنی سب تحریر
(۸۰)	وہ روشنی ترے خط ہیں کہ ابنِ مقلہ اگر	ق	لگائے آنکھوں سے سرمہ کی جا تری تحریر
(۸۱)	تو ہو یہ نورِ بصارت کہ پڑھ لے حرف بحرف		جو ہووے لوحِ جبیں پر نوشتۂ تقدیر
(۸۲)	رقم ہیں گر ترے اوصاف کے قصور کرے		زبانِ خامہ عطارد کی ناک میں دے تیر
(۸۳)	ترا سمند ہے وہ تیز رو کہ وقتِ خرام		نظر ہو دیدۂ زرقا کی بھی نہ اُس کا نظیر
(۸۴)	کہ سیر گاہ ہے اُس کی تو راہِ یک دو زہ		اور اس کا شرق سے تا غرب صحنگاہ مسیر
(۸۵)	ترے جو فیل کی تعریف خسروا لکھوں		کروں حکایتِ شیرین و کوہ کن تحریر
(۸۶)	کہ فیل کوہ کجک تیشۂ فیلبان فرہاد		وہ دو نو دانت صفا ایک ایک جوئے شیر
(۸۷)	چلے نہ اشرفی آفتاب عالم میں		خطِ شعاع سے اُس پر جو یہ نہ ہو تحریر
(۸۸)	ابو ظفر شہِ والا گہر بہادر شہ		سراجِ دینِ نبی سایۂ خدائے قدیر
(۸۹)	شہِ بلند نگہ شہریار والا جاہ		خدیو مہر کلہ خسروِ سپہر سریر
(۹۰)	جہاں مسخر و عالم مطیع و خلق مطاع		فلک مؤید و اختر معین و بختِ بصیر
(۹۱)	زمیں ہو سبز جو تیرے سحابِ بخشش سے		تو بوٹی بوٹی سے ہر خاک کے بنے اکسیر
(۹۲)	بچشمِ مہر اگر تیرا نیرّ اقبال	ق	کرے نگاہ سرآبجو و آبِ غدیر
(۹۳)	تو فلس فلس سے ہو ماہیوں کی وقتِ شکار		نگینِ دستِ سلیماں بدستِ ماہی گیر
(۹۴)	نہ ہے ثنا کے لیے تیرے اختتام و تمام		نہ ہے دعا کے لیے تیری انتہا و اخیر
(۹۵)	مگر یہ ذوق ثنا سنج مدح خواں تیرا		غلامِ پیرِ کہن سال ایک فقیر حقیر
(۹۶)	کرے ہے دل سے دعا یہ بصد افتقار نہ		سُنا ہے جب سے کہ رحم خدا دعائے فقیر
(۹۷)	الٰہی آپ پہ تا ہو زمیں زمیں کو ثبات		زمیں پہ تا ہو فلک اور فلک کو ہو تدویر
(۹۸)	فلک پہ چھوڑے نہ تا دامنِ مسیح حیات		زمیں پہ خضر کی تا ہو وفا نہ دامنگیر
(۹۹)	عطا کرے تجھے عالم میں قادرِ قیوم		بجاہ و دولت و اقبال و عزت و توقیر

(۱۰۰)	تنِ قوی و مزاجِ صحیح و عمرِ طویل	سپاہ وافر و ملک وسیع و گنجِ خطیر

قصیدہ نمبر ۷

(۱) ہیں میری آنکھ میں اشکوں کے تماشا گوہر — اک گھر دیکھو تو ہوں کتنے ہی پیدا گوہر

(۲) نظرِ خلق سے چھپ سکتے نہیں اہلِ صفا — تہِ دریا سے چمک کر نکل آیا گوہر

(۳) رزق تو در خورِ خواہش ہی پہنچتا سب کو — مرغ کو دانہ ملا ہنس نے پایا گوہر

(۴) پاک دنیا سے ہیں دنیا میں ہیں گو پاک سرشت — غرق ہے آب میں پر تر نہیں اصلا گوہر

(۵) ہے دلِ صاف کو عزلت میں بھی گردوں سے غبار — گرد آلودہ یتیمی ہوا تنہا گوہر

(۶) کورِ باطن کو ہو کیا جوہرِ دانش کی شناخت — کہ پرکھتا نہیں جب تک دیدۂ بینا گوہر

(۷) غیر پر مایہ نہ کم مایہ سے ہو ضبطِ ہوس — بہہ گیا ژالہ ہوا الگ کے نہ پگلا گوہر

(۸) جوہرِ خوب کو درکار ہے آرائشِ خوب — خوب تو آب کی خوبی سے ہی ٹھہرا گوہر

(۹) سرکشی کرتے ہیں بے مغز نہ پر مغز و وقار — جز حباب آب سے سر کھینچے نہ بالا گوہر

(۱۰) ربط ناچیز سے کرتے ہیں کوئی پاک نہاد — ہو نہ ہم صحبتِ تارِ رگِ خارا گوہر

(۱۱) دل خراشں اور ہے طاقت وہ دل ہے کچھ اور — کہ نہ گوہر کبھی ہیرا ہو نہ ہیرا گوہر

(۱۲) فیض کو عالمِ بالا کی ہے شرط استعداد — قطرۂ یک جا ہے طباشیر ہے یک جا گوہر

(۱۳) صدق اور کذب پہ ہر نکتہ کی ہے شرط نظر — کور کیا جانے یہ سچا ہے کہ جھوٹا گوہر

(۱۴) صاف باطن کی ہو جب قدر کہ ظاہر ہو درست — مول بھی ٹوٹ گیا صاف جو ٹوٹا گوہر

(۱۵) ہوتی غربت میں اگر قدر نہ خوش جوہر کی — تو کبھی کان سے باہر نہ نکلتا گوہر

(۱۶) خلشِ خارِ رہ سے ہی پرو تا کیا کیا — ہر قدم پر قدمِ آبلہ فرسا گوہر

(۱۷)	دلِ عاشق میں کرے کیونکہ نہ آنسو سوراخ	اسی الماس سے جاتا ہی یہ بیندھا گوہر
(۱۸)	ذوق موقوف کر اندازِ غزل خوانی کو	ڈھونڈ اس بحر میں اب تو کوئی اچھا گوہر
(۱۹)	غوطہ دریائے سخن میں ہی لگانا بہتر	آگے تقدیر سے خرمہرہ ملے یا گوہر
(۲۰)	اثرِ مدح سے اُس خسروِ دریادل کے	کر سخن قابلِ گوشِ دلِ دانا گوہر
(۲۱)	وہ بہادر شہِ غازی کہ برنگِ نیساں	روز برسائے ہی ابرِ کرم اُس کا گوہر
(۲۲)	جشن سے اُس کے ہی اک فیض کا دریا جاری	بہتے پھرتے ہیں برنگِ کفِ دریا گوہر
(۲۳)	زیور آرا ہوں اگر آج چمن میں گل و سرو	بیضۂ قمری و بلبل ہوں عجب کیا گوہر
(۲۴)	پہنچے گر گوشِ صدف تک یہ نویدِ عشرت	اتنا بالیدہ بخود ہو کہ ہو مینا گوہر
(۲۵)	کہتا ہی قطرۂ نیساں بھی کہ اس رُت میں کاش	ہوتا میں دانۂ انگور نہ ہوتا گوہر
(۲۶)	جادۂ لِ آب میں کثرت سے حبابوں کے بھرے	مانگ میں مثلِ بتِ خویشتن آرا گوہر
(۲۷)	ٹوٹا ہی کشمکشِ عیش سے جو صبح کا ہار	بکھرے شبنم سے ہیں گلزار میں کیا کیا گوہر
(۲۸)	گلِ بشگفتہ میں یہ قطرۂ باراں سے بہار	بھر دیے درجِ یاقوت میں گویا گوہر
(۲۹)	موجِ گوہر میں بھی ہی طرزِ تبسم پیدا	کوئی دم میں روشِ غنچہ ہنسے گا گوہر
(۳۰)	رخِ گلرنگ پہ ساقی کے عرق کا قطرہ	کیا تماشا ہی کہ بن جائے ہی مونگا گوہر
(۳۱)	قطرۂ آب لطافت سے ہی ٹپکا پڑتا	گوشِ خوبانِ سمنبر میں مصفا گوہر
(۳۲)	مدحِ حاضر میں کروں میں کوئی مطلع تحریر	آج ہی خامہ مرا منہ سے اُگلتا گوہر
(۳۳)	مطلع	آج وہ دن ہی کہ اے خسروِ والا گوہر کوہ دے نذر تجھے لعل تو دریا گوہر
(۳۴)	بحر و بر میں ہی شہا تیری مہیا سے نثار	سیم سے زر تک اور لعل سے لے تا گوہر
(۳۵)	ہو ترے فیض قدم سے جو زمیں گوہر خیز	ہو نصیب صدف ہو ن[illegible] کف پا گوہر
(۳۶)	مشتری کہتے ہیں جس کو وہ اٹھا لایا چرخ	ٹوٹ کر جو ترا اقبال [illegible] سے گرا تھا گوہر

(۳۷)	صبحِ اقبالِ سعادت کا ستارہ چمکا	جو ترا طرّۂ دستار کا چمکا گوہر
(۳۸)	تیرے آویزۂ سرپیچ کا اے قبلۂ خلق	صاف قندیل درِ مسجدِ اقصا گوہر
(۳۹)	حلبِ خلق میں ہے سینہ ترا آئینہ	عدنِ علم میں ہے قلبِ مصفّا گوہر
(۴۰)	پرورش دیوے چمن کو جو ترا ابرِ کرم	موتیا میں عوضِ غنچہ ہو پیدا گوہر
(۴۱)	ماہ گہنے کے لیے ہو نہ کہ گہنے کے لیے	تیرے کنٹھے کا کہوں کیا اسے زیبا گوہر
(۴۲)	دُرفشانی سے تری اتنے گہر ہیں ارزاں	لکھتے ہیں نسخۂ مفلس میں اطبّا گوہر
(۴۳)	عکس سے نیرِ اقبال کے دریا میں ترے ق	اے محیطِ کرم و جود کے یکتا گوہر
(۴۴)	آبِ گوہر ہو تہِ آب یہ اعجاز نما	کفِ دریا کو بنائے یدِ بیضا گوہر
(۴۵)	کوہ کا زہرہ کرے آب تری ہیبتِ عدل	گریہ سُن پائے کہیں سنگ نے توڑا گوہر
(۴۶)	طبعِ نازک پہ تری بارِ گہر ہو جو گراں	پوستِ بیضۂ ماہی سے ہو ہلکا گوہر
(۴۷)	آبِ دریائے کرم سے جو ہوئے تیر سیراب	ابرِ مردہ سے برسنے لگیں کیا کیا گوہر
(۴۸)	آج محفل میں تری وہ گہر افشانی ہے	لگنِ شمع میں ہیں آنسوؤں کی جا گوہر
(۴۹)	دستِ فراش میں جاروب ہے ریشِ فرعون	فرش پر تیلیوں میں اُلجھے جو صدہا گوہر
(۵۰)	تیرے دورانِ حفاظت میں کہاں رنج و گزند	حق میں بیمار کے تبخالہ ہے لب کا گوہر
(۵۱)	افعیِ زلف کے کاٹے کو ہے جوں مُہرۂ مار	گوشِ خوبانِ سمنبر میں مصفّا گوہر
(۵۲)	سینہ صافی کا تری ایک ہے نقشہ دریا	دلِ روشن کا ترے ایک نمونہ گوہر
(۵۳)	نقرۂ خنگ ترا ایسا برنگِ شفاف	روبرو جس کی صفائی کے ہو میلا گوہر
(۵۴)	غرقِ دریائے جواہر میں ہے وہ کوہِ گراں	گل ہیں مہندی کے جھڑاں لعل پہنا گوہر
(۵۵)	پیل تیرا ہے بلندی میں فلک سے افزوں	جھول میں جس کے ہیں انجم سے زیادہ گوہر
(۵۶)	لیکے خرطوم میں جو آب ہو وہ قطرہ فشاں	دیوے جوں ابرِ بہاراں ابھی برسا گوہر
(۵۷)	ہے ترے قطرۂ پیکاں سے دمِ بارشِ تیر	جگرِ چاکِ عدو میں صدف آسا گوہر

(۵۸) تیر انیزہ ہی وہ طائر کہ عوض دانہ کے — مُہرۂ پشت سے دشمن کے ہی چنتا گوہر

(۵۹) شعلۂ برقِ غضب سے ترے شاہا ہے آب — مثلِ مریخ ہر اک برج ستارہ گوہر

(۶۰) مُہرداروں میں ہی دربار کے گر نامِ عقیق — آبداروں میں ہی سرکار کے ادنیٰ گوہر

(۶۱) گر بجے گردوں کی طرح سے وہ بآوازِ مہیب — جوہری جس کو کہ بتلائے ہی گرجا گوہر

(۶۲) ہو تری کلکِ کرم جبکہ شہا گوہربار — جیمِ محتاج کے دامن میں ہو نقطہ گوہر

(۶۳) نقطۂ قافِ قلم سے جو ہو تیرے ہمسر — قاف تک قاف سے ہو بیضۂ عنقا گوہر

(۶۴) سینہ صافی سے تری ہووے صفا ایسی عام — دلِ کافر میں بھی ہو خالِ سویدا گوہر

(۶۵) ہو جو روشنگرِ عالم ترا نورِ دانش — موسے چینی میں پرو با کرے اعمیٰ گوہر

(۶۶) خسروا میں جو کہوں سب ترے اوصافِ نکو — تو سدا مونھ سے مرے پھول جھڑیں یا گوہر

(۶۷) ذوق کرتا ہی دعا یہ پر اب ختمِ سخن ہے — تا کہ ہو سنگ سے لعل آب سے پیدا گوہر

(۶۸) تا رہے پنجۂ خورشید پہ ہر روز طلا — تا گرہ میں رکھے شب عقدِ ثریا گوہر

(۶۹) دانۂ انجم گردوں سے پروئے جبتک — رشتۂ کاہکشاں میں شبِ یلدا گوہر

(۷۰) جب تلک جوشِ بہاراں سے ہو اے دمِ صبح — ٹپکے شبنم سے سرِ دامنِ صحرا گوہر

(۷۱) ہر برس جشن ترا تجھکو مبارک ہووے — برسیں نیسانِ کرم سے ترے شاہا گوہر

(۷۲) دوستوں کو ہو ترے گنجِ گہر رو نصیب — ہو نہ جز اشک سرِ دامنِ اعدا گوہر

قصیدہ نمبر

ذوق نے یہ قصیدہ اکبر شاہ ثانی کی مدح میں لکھا تھا نظرِ ثانی کی نوبت نہیں آئی۔

(۱) قلم جو صفحۂ کاغذ پہ ہووے نکتہ نگار — تو اپنے نقش مٹا دیں جہاں کے جادو نگار

(۲) سخنوروں نے جو باندھے سخن کے ہیں نیرنگ — زباں سے اُس کی ہیں وابستہ اُن کے سب اسرار

(۳) سوار توسنِ دست وال پہ ہووے یہ جب
کرے قلمروِ معنی کو دم میں باج گذار

(۴) جو شاخِ سدرہ پہ بیٹھا ہو طائرِ مضموں
تو اُڑ کے صوت شاہین کرے یہ اُس کو شکار

(۵) زبانِ تیغ نگہ سے لیا فسوں شاید
کہ اس پہ اُڑ کے مضامیں ہیں کرتے جی کو نثار

(۶) ہیں دست بستہ کھڑے جا ہوں بادھلوں جس کو
کہ لفظ و معنی و مضموں ہیں بے شمار و قطار

(۷) ہے کرتی کام جہاں جاکے اُس کی نوکِ زباں
قلم و پیرِ فلک کا ہے واں پڑا اسے کار

(۸) سخن زباں پہ ہے اور ہے نگاہِ دل دل پر
کہ تشنہ ہیں دل تو ہر ایک کی ہے اپنی اپنی بہار

(۹) سخن شناس اُنھیں دیکھ کر یہ کہتے ہیں
کہ جو گہر ہے وہی اس میں ہے دُرِ شہوار

(۱۰) کروں میں اُس کو مکرر کیا کہ مشتری نے ہے
متاعِ بخت کو بیچوں جو ہیں تو کس بازار

(۱۱) شرابِ دَوْر سے دل ہو گیا ہے مست ایسا
کہ شام روز جزا تک نہیں کا اُترے خمار

(۱۲) بنائے ناوکِ تقدیر خاک تو وہ جیسے
بچا سکے اُسے کیا خاک بلبلے کا حصار

(۱۳) ہزار درد اسے بیدردیِ زمانہ دکھائے
زباں پہ لایا نہ لائے گا شکوہ یہ زنہار

(۱۴) ق میں لایا سینہ میں تھا دل کی جا پہ آئینہ
کہ اہلِ دل اسے سمجھینگے مطلع الانوار

(۱۵) سو اُس کو توڑا ہے لوگوں نے سنگِ باراں سے
میں کہتا تھا کہ گہربار ہونگے یا گلبار

(۱۶) صفا کا اُس کے ایک ادنیٰ سا وصف ہے دیکھو
غبارِ غیر کی خاطر میں ہو تو ہے بار

(۱۷) میں آبگینہ کے آگے ہوں آپ شرمندہ
کہ ایک بات سے پڑتے ہیں بال اس میں ہزار

(۱۸) مگر تردّدِ ایام کیوں کروں ای چرخ
نہیں رہا تری گردش سے کچھ مجھے سروکار

(۱۹) لے آیا حسنِ مقدر اُس آستاں پہ مجھے
کہ سجدہ کرتے ہیں جھک جھک کے جس پہ لیل و نہار

(۲۰) سحابِ جود سے اُس کے زمانہ ہے گلشن
نہالِ ابرِ کرم اُس کے ہیں صغار و کبار

(۲۱) یہ سُن کے مجھ سے کہا طبع نے کہ ای ناداں
کچھ اُس کے نام کی تصریح بھی تو ہے درکار

(۲۲) ہے اُس کے نام کا لینا بھی یوں تو بے ادبی
کہ چشمہ پاس نہ دریا نہ ابر و دریا بار

(۲۳) سو میں زباں کو گیا لیکے دل کے دریا میں
مذاقِ آبِ گہر میں ہلا لیا کئی بار

(۲۴) اور اُس کے بعد ہوں کہتا کہ نام پاک ہو وہ — جیسے نمازوں میں لیتے ہیں سب پکار پکار

(۲۵) خدا کا سایہ ہی۔ اور نائبِ رسول خدا — محمد اکبر عالم نواز و عرش وقار

(۲۶) ملک صفات و فرشتہ سیر ولی خصلت — بدیں پناہ و بدل دولت و بہرخ انوار

(۲۷) خدا شناس و طریقت نما حقیقت بیں — بدست جود ہی دریا۔ بہ تمکنت کہسار

(۲۸) نہ حقِ وصف ہو اُس کا ادا کبھی لب سے — زباں بھر سر مو آسکے گر کرے گفتار

(۲۹) ہوا ہوں لیکے ہیں حاضر یہ تہنیت کے پھول — کہ اور پاس نہ رکھتا تھا کچھ برائے نثار

(۳۰) شہا ہی آج اُسی شاہزادہ کی شادی — جہاں میں جو ہی جہانگیر شاہ نیک اطوار

(۳۱) وہ شاہزادہ ہی پیدا ابھی سے شاہ نشاں — وہ شاہزادہ جواں ہی و لے کہن کردار

(۳۲) پڑھوں حضور میں ایک مطلع دعائیہ — قبول جس سے دعائیں ہوں بر سرِ دربار

(۳۳) مطلع
شہا خدا سے یہی ہی مری دُعا ہر بار
کہ شادیاں ہوں شبستاں میں تیرے لیل و نہار

(۳۴) شکوہ شادیِ شہزادہ کس زباں سے کہوں — کہ جوں شگاف قلم بند ہیں لبِ اظہار

. . . .

(۳۵) جو لکھنے بیٹھا ہیں سا چق کا وصفِ آرائش — تو نکلا خامہ سے جو حرف تھا خطِ گلزار

(۳۶) یکایک اُتریں پرستاں سے آن کر پریاں — ہوئیں جو تخت ہوائی پہ ناچنے کو سوار

(۳۷) ہجوم عیش و طرب اس قدر زمیں پہ ہوا — دبیرِ چرخ سے بھی ہو سکا نہ اُس کا شمار

(۳۸) لعبتانِ فلک پر ہوا خوشی کا جوش — سہاگ گانے لگی زہرہ بن کے موسیقار

. . . .

(۳۹) شبِ برات کی وہ روشنی کہ صلِّ علیٰ — ہو روزِ عید اگر آئے سامنے شبِ تار

(۴۰) جو ٹیٹوں پہ ہوئی روشنی تو شور اُٹھا — فلک نے کھینچی زمیں پر ستاروں کی دیوار

(۴۱) دیا ہو لا یا ارسطو طلسمِ یوناں سے — کھلایا سدِّ سکندر میں چین کا گلزار

(۴۲) لگے ستاروں کو جب آگ دینے آتشباز — تو بولے اہلِ نظر دیکھنا ہی طرفہ بہار

(۴۳) یہ دیں گے آگ کا دانہ جب اپنے موروں کو — تو آگے ہوویں گے طاؤسِ خلدان پہ نثار

(۴۴) جب اک طرف کو لگی جگمگانے چادرِ گنج — زمیں پہ سب کو نظر آئی آسماں کی بہار

(۴۵) ہمارے کانوں کے پردے تو اڑ گئے اُس دم — پٹاخے کرنے لگے چھوٹ کے جب بہم تکرار

(۴۶) پکارے سب کہ قواعد ہو فوج میں شاید — کہ فیر اڑ رہے ہیں صفیں ہیں قطار قطار

(۴۷) عجب تماشا ہوا پتلیوں کو جب دی آگ — کہ ناچنے لگے مل کر ثوابت و سیّار

(۴۸) ہوائی کہتی تھی جا کر شہابِ ثاقب سے — کہ تو زیادہ ہی یا میں فزوں ہوں آتشبار

(۴۹) ہیں ابر طور سے برسے زمیں پہ نور کے پھول — زمیں تو تودۂ گل ہے گی آسماں گلبار

. . . .

(۵۰) اب اس دعا پہ قصیدہ کو ختم کرتا ہی ذوق — کہ دوست تیرے سرافراز و عدو ہوں خوار

(۵۱) پر اس ہوس کی ابھی چھٹ رہی ہی مہتابی — قلم میں سالِ عروسی کا پھول دیوے بہار

(۵۲) اِسی خیال میں تھا دیکھتا خدا کی طرف — لیے خموشی فکرت نے والبِ گفتار

(۵۳) کہو سرِ لبِ بستہ سے شادیِ فرزند — مبارک آپ کو ہوا ای شہِ سپہر وقار

(۵۴) جو ہوویں اُس کے ہوا خواہ وہ رہیں سرسبز — ہوں اُس کے دشمنِ بدکیش خالدًا فی النّار

۲+۳۰

۱۱۹۳
۳۲
۱۲۲۵

قصیدہ نمبر ۹

(۱) ہی وہ جاندار وے مونا فعِ اعضا و حواس — کہ دل مردہ ہو زندہ تنِ بے حسِ حسّاس

(۲) قطرۂ منی سے ترقی حواسِ خمسہ — یوں ہو جس طرح کہ اک نقطہ سے ہوں پانچ پچاس

(۳) ہووے اس روغنِ کبریت سے مثلِ زرِ سرخ — رنگِ رخسار جو کلفت سے ہو ہمرنگِ نحاس

(۴) خشک مغزوں کو جو ہو بوئے گلاب اس کی بو — تر دماغ اتنا ہو دم لینے نہ دے فرطِ عطاس

(۵) قلب ماہیت اگر اس سے نہ بالکل ہو تو کیوں — قلبِ انساں میں تھوڑے سے مبدل ہو ہراس

(۶) اُس کی دولت سے عجب کیا دلِ مفلس ہو غنی — کہ یہ ہے شربتِ دینار و علاجِ افلاس

(۷) دیوے ساقی جسے اک جام وہ دعوے سے کہے — آج جو پاس ہے میرے نہیں جمشید کے پاس

(۸) اللہ اللہ رے تری مستی و بالادستی — شب کہے مست کہ کر لولی گردوں سے مساس

(۹) سلسبیل آکے اگر خلد سے ہو آبِ سبیل — کہے مے نوش کہ بجھتی ہے کوئی اُس سے پیاس

(۱۰) زندگانی سے ہے مقصود شراب و ساقی — اور باقی تو ہے سب وہم و خیال و وسواس

(۱۱) زندگی چند نفس ہے کہو زاہد سے کہ تو — پاس کر عیش کا کیا کرتا ہے پاسِ انفاس

(۱۲) بیٹھ گوشہ میں نہ تو چھوڑ کے اس جلسہ کو — دیکھ رندانِ خرابات نشیں کا اجلاس

(۱۳) مے نہیں برقعِ مینا میں مگر جلوہ فروز — کوئی خورشید لقا ہے شفقی رنگ لباس

(۱۴) اے خنک دل کبھی تو اس سے ہو سرگرمِ نشاط — غم کو جا دل میں نہ دے جی کو نہ رکھ اپنے اُداس

(۱۵) دل جو گھر غم کا ہو کیا اس میں ہو سرمایۂ عیش — وہ مثل ہے کہ کہاں گھونسلہ میں چیل کے ماس

(۱۶) دلِ پُر وسوسہ کی ہوتی ہے مے سے واشد — کھلتا ہے ہاتھ سے ساقی کے یہ قفلِ وسواس

(۱۷) میں یہ کہتا ہی تھا جو دل نے مرے مجھ سے کہا — توبہ کر توبہ نہ کر اتنی زیادہ بکواس

(۱۸) ایسے مردار بد افعال کا تو نام نہ لے — حامیِ شرع ہے وہ بادشہِ پاک انفاس

(۱۹) شاہِ دیندار بہادر شہِ غازی جس نے — خانۂ توبہ و تقوے کو کیا محکم اساس

(۲۰) دور میں اُس کے ہو گر مرتکبِ مے کوئی — کرے ہر قطرہ کلیجے میں خراشِ الماس

(۲۱) مے اگر آبِ بقا بھی ہو تو ہو وہ زہرآب — جس کے پینے سے ہو جینے ہی سے میخوار کو یاس

(۲۲) دھووے اس عہد میں گر زخم کو مے سے جرّاح — تو رہے حشر تلک سوزش و درد و آماس

(۲۳) کہتے اس آبِ شر انگیز کو ہیں آج بشر — کہ یہ روغن ہے سرِ آتشِ شرِ خنّاس

(۲۴) تا نہ باقی رہے مے اور نہ مے میں مستی — توڑتا سنگِ نمک سے ہے وہ شیشہ کا گلاس

(۲۵)	احتساب اس کا جو دے سنگ پہ شیشہ کو پٹک	تو صدا ہو نہ بلند اُس سے بجز حمد و سپاس
(۲۶)	مدح حاضر میں پڑھوں اُس کے کوئی مطلع میں	کہ سخن فہم و سخنور کا ہی وہ قدر شناس
(۲۷) مطلع	نطقِ شیریں وہ تیرا شہد کہ ہر درد کو راس شان میں جس کے شہا فیہِ شفاءٌ الناس	
(۲۸)	ہندوی زلف کے ہی پاس سدا مصحفِ رُخ	عہد میں تیرے ہی کافر کو بھی اسلام کا پاس
(۲۹)	مومیائی ہو حمایت تری حق میں اُس کے	سخت گیری سے فلک توڑے کسی کی گر آس
(۳۰)	بوٹی اکسیر کی اور پارس اگر ہاتھ آئے	بل بے ہمّت ترے نزدیک ہی پتھر ہو وہ گھاس
(۳۱)	چمنِ دہر میں نرگس بھی تری بخشش سے	رکھتی ایک کاسۂ زرّیں ہی اور اک سیمیں طاس
(۳۲)	کیا عجب فیض سے گر ابرِ کرم کے تیرے	بیدِ مجنوں میں ہو پیدا ثمرِ سیب و گلاس
(۳۳)	تیری شمشیر کے آگے نہیں رکھتی ہرگز	مغربی تیغ مہ نو کی شہا رتبہِ داس
(۳۴)	فیضِ تعلیم سے تیرے ہو جو منکر انساں	احمق الناس اُسے جانیے بلکہ نناس
(۳۵)	لوحِ تقدیر کے لکھے کو پڑھے حرف بحرف	تربیت سے ترے اُمّی بھی ہو یہ حرف شناس
(۳۶)	یوں ترا حاسدِ پر عیب ہی عالم میں حقیر	اسپ بدفال کوئی جیسے میانِ نخاس
(۳۷)	دیکھے آہو کو جو ضیغم تو وہیں عدل ترا	ڈھانک دے آنکھوں کو اُس کی روش گاؤ خراس
(۳۸)	زہے خورشید کے طالع کہ شعاعِ خورشید	دمِ تیرے گھوڑے پہ لگے جائے قطاس
(۳۹)	ایسا چالاک کہ اس طرح سے اُڑ جاتا ہی	جس طرح عاشق دل باختہ کے ہوش و حواس
(۴۰)	پہنچے اُس رخش فلک سیر زمیں پیما کو	نہ منجّم کا خیال اور نہ مہندس کا قیاس
(۴۱)	تیرا ہاتھی ہی فلک کا ہکشاں ہی خرطوم	کان دو نو مہ و خور دم ہی ذنب سر ہی راس
(۴۲)	ذنب و راس وہ جن سے ہوں نحسِ بخت عدو	ماہ و خور وہ کہ ہوا خواہ ہوں روشن انفاس
(۴۳)	رنگ ہاتھی کا سیاہ اور وہ دانت اُس کے سفید	کہتا ہی دیکھ کے یہ ظلمت و نور اپنا قیاس
(۴۴)	طرفہ صنعت سے لپیٹا ہی شبِ یلدا نے	صفحۂ صبحِ منوّر کو مثالِ قرطاس

(۴۵)	ختم کرتا ہی سخن ذوق دعا پر اس طرح	ق	تا ہوں دنیا میں گہر کان میں پیدا الماس
(۴۶)	توشۂ بحر و برا ای شاہِ سکندر فر ہو		دے خدا عمرِ خضرؑ تجھکو حیاتِ الیاسؑ
(۴۷)	عید ہر سال ہو فرخ تجھے با عیش و نشاط		تو ہمیشہ رہے خوش اور ترا بدخواہ اُداس

قصیدہ نمبر ۱

یہ قصیدہ اکبر شاہ ثانی کی مدح میں عید کی تہنیت میں لکھا گیا تھا نظرِ ثانی کی نوبت نہیں پہنچی۔

(۱)	صبحدم فکر جو تھا سیرِ فلک کا مشتاق	عرش پر اُڑ گیا اک آن میں مانندِ براق
(۲)	چمک اس برقِ جہاں کی ہو بیاں کیا کہ اگر	افقِ طبع پہ دکھلائے فروغِ اشراق
(۳)	شعلۂ رنگِ حنا کر کے اُڑا دیوے ابھی	قفسِ دل میں جو ہیں بند طیورِ اشواق
(۴)	رات مجھکو یہ فلک گرد وہاں لیکے گیا	کہ عقولِ عقلا کی تھی جہاں طاقت طاق
(۵)	فلسفی دہر کے جو جتنے ہوے مشائیں	نورِ اشراق سے تھے ہو گئے سب اہلِ رواق
(۶)	تھے سعادت سے جو سب برجِ فلک مالا مال	بخت و دولت سے لبریز تھا ہر قصر و رواق
(۷)	تھی تعجب کی نہ جا بارِ جلالت سے ہو گر	حرکتِ چرخ گرانبار کی قطبین پہ شاق
(۸)	انجمِ ثابت و سیار سعادت سے بہم	یوں نظر آئے کہ جوں دست و بغل اہلِ وفاق
(۹)	نجم و ناہید لقب جس کا ہے رقاصِ فلک	تھا چپ و راست بہ ہنگامۂ ہائے عشاق
(۱۰)	بدر تھا پل میں قمر پل میں نظر آتا ہلال	خدمتِ دائرہ داری میں تھا ہر رنگ سے طاق
(۱۱)	اس کا طنبور جو دیتا تھا سُروں کو بنات	جرمِ خورشید سے ہوتی تھیں شعاعیں اشراق
(۱۲)	تیرِ گردوں کا خوشی سے تھا جو دل لہراتا	دے کے ترتیب ثریا کو باقسام اباق
(۱۳)	جلترنگ ایسی بجاتا تھا کہ سب وجد میں تھے	لعبتانِ فلکی صورتِ اہلِ اذواق
(۱۴)	نظر آجاتا تھا گر اخترِ مدار کوئی	دیتا مریخ دمِ تیغ سے اس کو الحاق

(۱۵)	ہاتھ پھر مارکے چونگ کا اک بھی تی سے	دم میں تھا اپنے طپنچہ پہ چڑھاتا چقماق
(۱۶)	جو چلا پارۂ تن اس کا سوئے عالم خاک	یہ اُڑا اس پہ تڑاقا وہ اُڑا اس پہ تڑاق
(۱۷)	سعدِ اکبر کہ جسے کہتے ہیں قاضیِ فلک	حسن کو عشق سے دیتا تھا بہم ربط و وفاق
(۱۸)	ہوتا زاہد بھی تھا آمادہ پئے دامادی	زالِ دنیا کو جو تھا بیٹھ رہا دیکے طلاق
(۱۹)	چرخِ ہفتم پہ فلک ہی تو بطی الحرکت	عالمِ خاک ہیں پر ہی تگ و دو کا مشتاق
(۲۰)	نفخ تفریح سے پُر باد ہی گردوں کا شکم	لیکن اس وقت ہیں تنقیہ بہت اُس کو ہی شاق
(۲۱)	ہی جو ہر کوچہ ہیں آرائشِ نوبت خانہ	خالی آوازِ دمامہ سے نہ ہو کوئی رواق
(۲۲)	یوں جو آراستہ افلاک پہ ہو بزم طرب	گلشنِ عیش و طرب کیوں نہ ہو بزمِ آفاق
(۲۳)	آج وہ روزِ ہمایوں ہی جسے کہتے ہیں عید	بذلہ سنجی ہیں شگفتہ ہی دلِ اہلِ مذاق
(۲۴)	بزمِ خسرو ہیں چل اے بار یدہ بزمِ سخن	سب یہ کہتے ہیں کہ تو نکتہ سرائی ہیں ہی طاق
(۲۵)	تیرا قانون ترے پاس خطِ مسطر ہی	چھیڑ دے زابل و تبریز و خراسان و عراق
(۲۶)	تیرے نغمے ترے مضموں ہیں یہ شہنائے قلم	دم کشی پر ہی سرِ دست کمر بستہ و چاق
(۲۷)	زمزمے مدح کے لکھ اس کی جسے کہتے ہیں سب	نائبِ ختمِ رسل ظلِ خدائے خلّاق
(۲۸)	کون وہ یعنی شہنشاہ محمدؐ اکبرؒ	دستِ بخشش سے خجل جس کے ہی بحرِ آفاق
(۲۹)	طبع وقّاد کی گر اُس کی رقم ہو توصیف	مہرہ اختر کا ہو اور ماہ سے آئے مہراق
(۳۰)	نیّرِ جاہ سے خورشید ہلال آسا ہی	کاہش رشک سے رکھتا ہو بس استدقاق
(۳۱)	عطر سے شیشۂ افلاک ہو دم میں لبریز	ہو وے گر لخلخہ سا اس کی نسیم اخلاق
(۳۲)	خسرو ارات کو تھا منزلِ دل ہیں میرے	کارواں شہرِ سمرقند کا رکھتا اتراق[۱]
(۳۳)	اُن کے خرجینوں سے چُن چُن کے ہیں لایا ہوں متاع	مدحِ حاضر کے لیے تیری بصد استغراق
(۳۴)	تو ہی وہ نسل خواقین بہ تبارِ آفاق	جس نے توراں سے کیا ہند ہیں آکر قشلاق[۲]

۱؎ فرود آمدن بہ منزل۔ ۲؎ قشلاق:۔ گرم ملک جہاں سرد پہاڑوں کے لوگ آکر سردی کے دن بسر کریں ۱۲

(۳۵)	اگر ترا مہر طبیعت ہو بہ جوزائے غضب	زمہریر از پئے آرامِ جہاں ہو ییلاق
(۳۶)	گر نہ دے حکم تو پھر ابر کے سینہ میں کبھی	رحمتِ عام نہ ہو مایۂ ماءِ مُہراق
(۳۷)	تر زباں وصف میں سب ہیں ترے طفلانِ نبات	دایۂ غیب سے پلواتا ہے شیرِ اشفاق
(۳۸)	تیرے شایانِ کرم پر ہے زمانہ مہماں	مہ و انجم سے فلک پر ہیں مہیّا اطباق
(۳۹)	گر سبق لیں نہ ترے فلسفۂ حکمت سے	اہلِ یوناں پہ نہ ہووے حکما کا اطلاق
(۴۰)	ہوں نظر سے کبھی باہر نہ غوامض کے طیور	تیرے شہبازِ فراست کا ہے یہ استحقاق
(۴۱)	درکِ امراض کریں جبکہ انامل تیرے	نبض آسا متحرک ہو رگِ سنگِ سماق
(۴۲)	دیکھ کر نجمِ سعادت کا ترے حسنِ طلوع	مادرِ شب پسرِ مہ کو کرے شرم سے عاق
(۴۳)	تو جو محرابِ عبادت میں رکھے سر بسجود	طاقِ مسجد میں جھکے آکے سرِ ہفتم طاق
(۴۴)	پاسِ دیں تیرا جو زنّار کی چاہے تبدیل	دوشِ گردوں پہ خطِ منطقہ ہو خطِ نطاق
(۴۵)	ہو گیا تیغِ سیہ تاب سے ہے سُرمہ گلو	دم نہ مارے گا ترے آگے حسود و بقباق
(۴۶)	رعبِ شمشیر ترا یوں ہو سپر سے دہ چند	جیسے نقطہ سے کریں ایک کو دس اہلِ سیاق
(۴۷)	ہو ترے فیضِ تکلّم سے شفا عام تو ہو	زہر کی جا دہنِ مار میں پیدا تریاق
(۴۸)	عدل نے تیرے شہا دفع یہ کی خونریزی	فصد کی منع اطبا نے پئے رفعِ خُناق
(۴۹)	اللہ اللہ رے لشکر کا ترے خیل و حشم	ہم عدو جس سے نہ ازبک ہو نہ ہمسر قلماق
(۵۰)	تیرے دربارِ جلالت کے جو ہیں مہرِ غضب	کہکشاں کو ہیں سرِ دوش لیے مثلِ چماق
(۵۱)	اور ایک مطلعِ دلکش نے طبیعت سے مری	ہے ترے عدل کی تعریف میں پایا الصاق
(۵۲)	مطلع	اُٹھ گیا [illegible] دہر سے یہ شر و شقاق زید سے عمر کے دل میں نہیں باقی ہے نفاق
(۵۳)	چرخ کے گنبدِ بے در میں ہیں گے جب یوں	دم نہ مارینگے مگر گونج کے شور و شلتاق
(۵۴)	گر لکھوں وصف ترے سب جہاں گرد کا میں	دے فلک نذرِ پامالِ قلم ہفت اوراق

(۵۵) تن میں اس طرح سے ہی اُس کے پھڑکتی شوخی | قفس تن میں ہو جوں طائر جاں عُشّاق
(۵۶) ماہیِ زیرِ زمیں لوٹ کے ہو جائے کباب | جھاڑے گر سنگ پہ وہ نعل سے اپنے چقماق
(۵۷) وقت کو باندھ کے فتراک میں رکاب اُس کا | چرخ پر دائرے کھینچا کرے مانندِ نطاق
(۵۸) اُس فلک سیر کو گلگشت میں گر توشا ہا | جودتِ طبع کی جنبش کا چھوا دے مطراق
(۵۹) یوں اُڑے سوئے فلک جیسے بہ تفریحِ مشام | بوئے گُل جائے تنفس میں دمِ استنشاق
(۶۰) کیا لکھوں وصف ترے فیلِ فلک پیکر کا | کہ گرانباری ہی اس کی تن البرز پہ شاق
(۶۱) عمر بھر مطبخ عالی میں رہا نعمت خواں | صفحۂ اطعمہ پر خام رہا جوں مستحق
(۶۲) ہیں ستاروں کی بھی آنکھیں انہی ہاتھوں کو لگی | نور ہمت کا زمانہ میں جو ہی عام انفاق
(۶۳) بر سرِ دشمنِ بد کیش بہنگامِ وغا | گر قشوں ہووے جلوریز بہ دشتِ قبچاق
(۶۴) تو عجب کیا ہی کہ اس کشورِ برفانی میں | شعلۂ تیغ شرربار ہو برقِ حرّاق
(۶۵) دل مرا ہو گیا اس وقت ہی وہ عالمِ نور | جس کی مشرق سے کریں نورِ معانی اشراق
(۶۶) کر دعا صدقِ ارادت سے کہ ہی وقتِ دُعا | کیوں خموشی پہ کیا ذوقِ زباں کو مشتاق
(۶۷) دوشِ گردوں پہ ہو تا فرغلِ سنجابِ غمام | سبزہ تا خاک پہ ہو پیرہنِ استبراق
(۶۸) دخت رز کو بہ سرِ محفلِ اہلِ تقویٰ | جب تلک سینۂ مینا میں رہے دردِ فراق
(۶۹) تجھکو آفاق میں ہووے رمضاں بھی عید | ہو ترے رویتِ دیدار پہ عیدِ آفاق
(۷۰) اور ترے نیّرِ اقبال کے آگے دشمن | یوں رہے جیسے کہ ہو ماہ بایامِ محاق

صفحۂ دہر سے پھر گردشِ افلاک اسے
حرفِ باطل کی طرح دیوے جہاں سے ازہاق

قصیدہ نمبر ۱۱

(۱) ایک خورشید لقا طرفہ جوانِ ارشق | تابِ رخسار فلق سرخیِ رخسار شفق

(۲) وہ جبیں ماہ مبیں اُس پہ خطِ چینِ جبیں — تھی وہ انگشت نبی جس نے کیا ماہ کو شق

(۳) کرے دو ٹکڑے جگر کھینچ کے ابرو تلوار — باندھ کر کھینچ لے دل زلفِ مسلسل کی دہق

(۴) تیر انداز جو مژگاں تو ادا خنجر گزار — چشمِ ابلق تو نگہ ترک سوارِ ابلق

(۵) غمزہ و ناز کرشمہ وہ بلا غارت گر — کہ نہ چھوڑیں تنِ عشاق میں جاں ایک رمق

(۶) سرو قامت سمن اندام گلستاں رخسار — ہونٹ گلبرگ دہن غنچہ و بینی زنبق

(۷) سرو قامت سے اگر اُس کے ہو طوبیٰ سرکش — راست ہاں تہمت ہی یہ کل طویل احمق

(۸) شکر آمیختہ بادام مقشر دنداں — سیبِ فردوس زنخداں لبِ خنداں فستق

(۹) کھلنا اُس کے دہن تنگ کا ایسا مشکل — جیسے دشوار ہو مفہوم کلامِ مغلق

(۱۰) مصحفِ روئے کتابی کو جو دیکھو اُس کے — تو کہیں صورتِ اخلاص نہ پاؤ مطلق

(۱۱) لوحِ رنگیں سے نہ زیبا ہو بیاضِ گردن — تا کہ ہو سرخی شنجرف نہ خونِ ناحق

(۱۲) دست و بازو و بر و دوش عجب صبحِ بہار — پنجہ پنجۂ خورشید و حنا رنگِ شفق

(۱۳) سینہ تا ناف صفا آبِ گہر کا دریا — ناف اک عکسِ ذقن اس میں بجائے زورق

(۱۴) نازک ایسی کمر اس کی کہ سمجھنا مشکل — جس طرح شعر خیالی میں ہوں معنیٔ ادق

(۱۵) ہو گراں اس پہ نزاکت سے نہ باندھے ہرگز — گر ہو تارِ نظر دیدۂ عنقا منطق

(۱۶) اُس کا زانو وہ مصفا کہ اگر دیکھے اُسے — آئینہ آبِ خجالت میں رہے مستغرق

(۱۷) کیا کہوں ساقِ بلوریں کی صفائی اُس کی — شمع گر دیکھے اُسے شرم سے آجائے عرق

(۱۸) قد جو گلبن تو وہ پاؤں کے حنائی ناخن — نیچے گلبن کے پڑے بکھرے ہوئے گل کے ورق

(۱۹) آکے بالیں پہ وہ طناز سراپا انداز — مجھ سے یہ کہنے لگا کیوں ہے تو غمگیں ناحق

(۲۰) مژدۂ عید سے ہے گلشنِ عالم میں بہار — نغمۂ عیش سے ہے بزمِ جہاں میں رونق

(۲۱) دوش پر سرو لبِ جو کی ہے اک سبز قبا — بر میں لالہ کے بھی گلشن میں ہے گلگوں یلمق

(۲۲) جوشِ سبزہ سے ہے وہ فرشِ سرِ صحنِ چمن — کوئی مخمل اسے کہتا ہے کوئی استبرق

	مصرع اول		مصرع دوم	حاشیہ
(۲۳)	باغ عالم میں ہی یہ جوش بہارِ عشرت		ٹپکے ہی نخل سے مستی میں ہمیشہ راوق	شراب
(۲۴)	تو بھی کر تہنیتِ عید کا اُس کے ساماں		کہ ہی وہ خسروِ دیں حامیِ دینِ بر حق	آنکھوں کے حلقے
(۲۵)	وہ بہادر شہِ غازی کہ دمِ معرکہ ہوں		اُس کے تیروں کی حدف اُس کے عدوؤں کی حدق	
(۲۶)	مدح اُس کی ہی مناسب تجھے بلکہ انسب	مناسب سے زیادہ	یعنی توصیف کے لائق ہی وہ بلکہ الیق	لائق سے زیادہ
(۲۷)	سُن کے یہ میں نے کہا مدح میں اُس کی مطلع		جس پہ احسنت کہیں مجھ کو لبید و عمعق	
(۲۸)	مطلع		تو ہی وہ نائبِ ختمِ رسل اے سایۂ حق کہ ترے سایہ میں ہی گلشنِ دیں کو رونق	
(۲۹)	ابرِ رحمت کا ہی سایہ ترا اے سایۂ حق		کیونکہ سایہ میں ترے ہو نہ جہاں کو رونق	
(۳۰)	کس کا مقدور کہ سرتاب ترے حکم سے ہو		جو ترا امر ہی الحق جو کہے تو صدّق	
(۳۱)	ذکرِ حق سے کوئی خالی نہیں تیرا ہی وہ دور		کرتا میخانہ میں ہی شیشۂ مے بھی حق حق	
(۳۲)	گر کرے نشو و نما نامیہ (اُگنے بڑھنے کی قوت) فیض ترا		گل جو ہو شمع سے پیدا تو گلابی زنبق	
(۳۳)	حرف ہیبت کا تری کوئی زباں پر آیا		ہوگئی وقتِ کتابت جو زبانِ خامہ کی شق	
(۳۴)	نطقِ شیریں سے ترے ہووے حلاوت گر عام		کام میں خلق کے پورا ہو بجائے لورق	لوتنی
(۳۵)	ناتوانوں کو جو دے زورِ حمایت تیری		مارے لات اُڑ کے سرِ پیلِ دماں بچۂ بق	کیڑے مکوڑے کا
(۳۶)	کہتے ہیں برق جہاں جس کو وہ ہی ایک ادنیٰ		توپخانہ میں ترے توپ پہ زرّیں بیرق	چھوٹا جھنڈا
(۳۷)	کوہ تھی جس پہ کرے کاہکشاں کی بھی کمند		وہ تری ہمت عالی کا ہی عالی جوسق	مکان
(۳۸)	قطرہ افشاں ہو اگر تیرا سحابِ ہمت		بوٹی اکسیر کی پیدا ہو بجائے سرمق	بتھوے کا ساگ
(۳۹)	کرتا ادنیٰ کو جو اعلیٰ نہ ترا منصوبہ		پاتا شطرنج میں فرزیں کا نہ رتبہ بیذق	
(۴۰)	کرتا اک جست میں ہی ماہیِ گردوں کا شکار		طائرِ تیرِ ہوائی ترا مثلِ لقلق	
(۴۱)	اے شہِ دادگر اے خسروِ انصاف پرست	ق	اللہ اللہ رے عدالت کا تری نظم و نسق	

(۴۲)	اتنا عالم میں حذر خون سے ہو خونخواروں کو		خونِ فاسد کو بھی ہرگز نہ کرے نوشِ علق
(۴۳)	پرتو افگن ہو اگر روشنیِ طبع تری		ابرق آئینہ ہوا ور سنگِ سیہ ہو ابرق
(۴۴)	مشتری بھی ترے شطرنج کا اک مہرہ ہے		آفتاب ایک ترے گنجفہ کا گر ہے ورق
(۴۵)	ابر ہے گرچہ مثالِ نمدِ نم دیدہ	ق	گر تری برقِ غضب جھاڑ دے اُس پر چقمق
(۴۶)	تو شتابہ سے بھی جل اُٹھے زیادہ وہ شتاب		آگ لگ جانے میں دیر اُس کے نہ ہووے مطلق
(۴۷)	تیرے توسن میں وہ جلدی کہ اگر چھیڑ دے تو		یوں وہ اُڑ جائے کہ جیسے سرِ آتش زیبق
(۴۸)	شمس کو پہنچے تری راہ سے یوں شرق میں نور	ق	تو ہو مغرب میں گر اے پرتوِ نورِ مطلق
(۴۹)	جس طرح روشنیِ قلب سے اہلِ اشراق		عرصۂ دور سے شاگرد کو دیتے ہیں سبق
(۵۰)	ذوق کرتا ہے ثنا ختم دعا پر اس طرح	ق	تا کہ ہوں ارض و سما و نو طبق زیرِ طبق
(۵۱)	ہووے ہر سال مبارک تجھے عیدِ رمضاں		اور دشمن کو رہے تیرے سدا رنج و قلق

یہ قصیدہ ۱۸۳۷ء کی تصنیف ہے یہ وہ زمانہ تھا جبکہ ۲۸ جمادی الثانی ۱۲۵۳ھ کو خاندان مغلیہ کا وہ بدبخت آخری بادشاہ جو ۱۸۵۷ء کے ہنگامہ کی بدولت قید کرکے رنگون بھیجا گیا تھا دہلی کے تخت پر بیٹھا تھا اسی کے جلوس تخت نشینی کی تقریب میں اُستاد نے یہ مرصع قصیدہ لکھا تھا۔

(۱)	ہے آج جو یوں خوشنما نورِ سحر رنگِ شفق		پرتو ہے کس خورشید کا نورِ سحر رنگِ شفق
(۲)	یہ جوش نسرین و سمن یہ لالہ و گل کا چمن		گلشن میں گویا چھا گیا نورِ سحر رنگِ شفق
(۳)	ہر سروِ قد غنچہ دہن زیبِ چمن شانِ چمن		ہر سیمبر گلگوں قبا نورِ سحر رنگِ شفق
(۴)	افشاں جبیں پر سر بسر مہتاب و انجم جلوہ گر		اور گورے ہاتھوں میں حنا نورِ سحر رنگِ شفق

(۵)	لب پر تبسم ہی کہ ہی جوشِ بہار و موجِ گل	دندانِ پانخوردہ ہیں یا نورِ سحر رنگِ شفق
(۶)	ہر مجمعِ پیر و جواں ایک طرفہ مشرق ہی کہ واں	روشن دل و رنگیں ادا نورِ سحر رنگِ شفق
(۷)	جامِ بلوریں میں ہی یوں عکسِ شرابِ لالہ گوں	ہو جیسے کیفیت فزا نورِ سحر رنگِ شفق
(۸)	حسنِ گلِ مہتاب نے جوشِ گلِ سیراب نے	کیا باغ میں چمکا دیا نورِ سحر رنگِ شفق
(۹)	دیکھے چمن میں برگِ گل آلودۂ شبنم جو کل	خجلت سے پانی ہوگیا نورِ سحر رنگِ شفق
(۱۰)	ہی شوق کو بالیدگی ہی ربط کو چسپیدگی	کس رنگ ہوں ملکر جدا نورِ سحر رنگِ شفق
(۱۱)	ساقی مئے عشرت سے بھر ساغر کہ ہی اس رنگ پر	آب ہوا جائے فضا نورِ سحر رنگِ شفق
(۱۲)	جشنِ بہادر شاہ ہی روزِ علو جاہ ہی	ہی اس لیے بہجت فزا نورِ سحر رنگِ شفق
(۱۳)	وہ خسروِ روشن گہر جس کو خجل ہوں دیکھ کر	ماہ و ثریا و سہا نورِ سحر رنگِ شفق
(۱۴)	اک صاف مطلع میں لکھوں وہ ثنا سے رنگ دوں	ہوں دیکھ کر غرق حیا نورِ سحر رنگِ شفق
(۱۵)	مطلع	روشن ہو تیرے رخ سے کیا نورِ سحر رنگِ شفق ذرہ ہی تیرے فیض کا نورِ سحر رنگِ شفق
(۱۶)	ای آفتابِ عز و شاں تیری جبیں سے ہی عیاں	نورِ یقیں رنگِ حیا نورِ سحر رنگِ شفق
(۱۷)	روشن بیانی سے تری رنگیں کلامی سے تری	شرمندہ ہوتا ہی سدا نورِ سحر رنگِ شفق
(۱۸)	وہ سیمگوں ایواں ترا وہ سائباں رنگیں کھنچا	لیں وام اب جس سے صفا نورِ سحر رنگِ شفق
(۱۹)	فانوسِ شیشہ لعلگوں روشن تری محفل میں یوں	گویا کہ شیشہ میں بھرا نورِ سحر رنگِ شفق
(۲۰)	انصاف نے تیرے شہا سیماب و آتش کو کیا	یوں جمع جیسے ایک جا نورِ سحر رنگِ شفق
(۲۱)	تیری امان و حفظ سے ہو جاے حق میں شمع کے	نارِ خلیل آبِ بقا نورِ سحر رنگِ شفق
(۲۲)	خورشید تجھ سے فیض کو پہنچے تو مشرق میں نہ ہو	جز در و لعلِ بے بہا نورِ سحر رنگِ شفق
(۲۳)	جس پر کہ تو ہووے غضب ہو اُس کے حق میں کیا عجب	سیلِ فنا برقِ بلا نورِ سحر رنگِ شفق
(۲۴)	شمشیر کی تیری چمک خونِ عدو سے یک بیک	دکھلائے ہی روزِ وغا نورِ سحر رنگِ شفق

(۲۵) پیکان ترا الماس گوں منھ سرخ سوفاروں کے یوں — گویا لگا کر پر اُڑا نورِ سحر رنگِ شفق

(۲۶) جلوہ ہی تیری مہر کا شعلہ ہی تیرے قہر کا — ہی جس کو عالم جانتا نورِ سحر رنگِ شفق

(۲۷) اسپِ حنا بستہ ترا وہ نقرہ خنگِ بادپا — غیرت سے جس کی اڑگیا نورِ سحر رنگِ شفق

(۲۸) اب ذوق کی ہی یہ دعا جب تک ہے شاہنشہا — ق — خورشید و مہ ارض و سما نورِ سحر رنگِ شفق

(۲۹) جب تک لباسِ دہر کو صابون اور شنجرف ہو — زینت دہِ صبح و مسا نورِ سحر رنگِ شفق

(۳۰) ہر جشنِ فرخ ہو تجھے اس طرح آب و تاب سے — ہوں تیرے محتاجِ ضیا نورِ سحر رنگِ شفق

(۳۱) شاہا زمانہ میں ہوتا با آبرو اور سرخ رو — ہو جلوہ گر مشرق سے تا نورِ سحر رنگِ شفق

(۳۲) دشمن کا تیرے منھ ہو فق اور خوں سے ہو دل ہو کے شق — دیکھے نہ وہ اس کے سوا نورِ سحر رنگِ شفق

قصیدہ نمبر ۱۳

(۱) طرب افزا ہی وہ نوروز کا نارنجی رنگ — دیکھ کر بھاگے جسے رنج ہزاروں فرسنگ

(۲) بل بے بالیدگیٔ عیش کہ برگِ گل پر — قطرۂ شبنم کا ہی مینائے شرابِ گلرنگ

(۳) واہ کیا گلشنِ آفاق میں ہی جوشِ بہار — چہچہے کرنے لگی بلبلِ تصویرِ فرنگ

(۴) کلکِ نقاشیِ قدرت سے گلستاں میں ہی آج — تختۂ لالہ و گل صفحۂ نقشِ ارژنگ

(۵) خسروا آج کیا تونے وہ جشنِ نوروز — دیکھ کر جس کے تجمل کو ہو جمشید بھی دنگ

(۶) ہی ترے بزمِ طرب میں پئے رسمِ نوروز — صورتِ بیضۂ رنگین فلکِ مینا رنگ

(۷) مشک افشاں ہو جہاں میں جو تری نکہتِ خلق — نافِ آہوئے ختن سے نہ ہو کم داغِ پلنگ

(۸) بلکہ ہو جوششِ بہار ان کرم سے تیرے — کیا عجب شاخ میں آہو کے گلِ رنگا رنگ

(۹) تیرے انصاف سے ہی بزمِ جہاں میں شاہا — شمع گلگیر سے اور شمع سے محفوظ پتنگ

(۱۰) ہاتھ اگر شعلہ فشاں تیری ذرا آتشِ قہر — تو سمندر رہے پانی میں بجائے خرچنگ

(۱۱) زیرِ ران تیری ہے وہ توسنِ چالاک کہ تو | ق | چھیڑ دے ایک فراش کو جو وقتِ صفِ جنگ
(۱۲) یوں کرے جست کہ جیسے سرِ میدانِ نبرد | | منھ سے اڑ جائے حریفوں کے ترے خوف سے رنگ
(۱۳) رکھتی سرعت ہے تپ لرزۂ ہیبت سے تری | | نبضِ محموم کی مانند جبل میں رگِ سنگ
(۱۴) مرغِ دل کو ترے دشمن کے قفس ہے سینہ | | اور جگہ چوبِ قفس کی ہے تیرا تیرِ خدنگ
(۱۵) ہووے حاسد کو نہ آزارِ حسد سے صحت | | تاکہ دارو نہ پیالے میں بھرے تیرِ تفنگ
(۱۶) مفسد و حاسد و غماز و عدوئے سرکش | | زیرِ شمشیرِ غضب تیرے ہوں چاروں ہم رنگ
(۱۷) آنہیں سکتے بیاں میں ترے اوصاف تمام | | ہوتا ہے قافیہ سنجوں کا یہاں قافیہ تنگ
(۱۸) کرتا اس رنگ سے ہے ختمِ سخن ذوقِ دعا | ق | ذوق جو ہے ترا مداح محبت یکرنگ
(۱۹) گلشنِ دہر میں ہر سال مبارک تجھکو | | جشنِ نوروز بہر رنگ بتاج و اورنگ

(۲۰) اور ترے حاسدِ بد بیں کو دکھائیں لاکھوں
خسروا روز نئے رنگ فلک کے نیرنگ

قصیدہ نمبر ۱۴

(۱) حبذا ساقیٔ فرخ رخ و خورشید جمال | | مرحبا مطربِ ہاروت فن و زہرہ خصال
(۲) بارک اللہ کہ زر افشاں ہے تو ای ابرِ بہار | | خیر مقدم کہ خراماں ہے تو ای بادِ شمال
(۳) للہ الحمد لبالب ہے ہر عیش سے جام | | شکر للہ زر گل سے ہے چمن مالا مال
(۴) جوشِ روئیدگی سبزہ سے ہو جائے گا سبز | | گل زمینِ چمن میں تا وا ید خال
(۵) اللہ اللہ رے سرسبزیٔ گلزارِ جہاں | | کیا عجب ہو جو دلِ خضر اگر رنگِ ہلال
(۶) شہرِ [illegible] سے پیدا ہوئے گل | | ہے یہ جوشِ گلِ خود رو سرِ دامانِ خیال
(۷) جوشِ فوارہ ہے [illegible] | | [illegible] کرے بال

(۸) کیا عجب رحمتِ باری سے کہ وقتِ باراں — ابرِ مردہ سے بھی ہو قطرہ فشاں آبِ زلال

(۹) معجزہ باد ہے مانندِ عصائے موسےٰ — شجرِ خشک بھی ہو جائے تر و تازہ نہال

(۱۰) ذوقِ مستی سے ہے طاؤس چمن میں رقاص — شوقِ آہنگ سے ہے سرو پہ قمری قوال

(۱۱) شورِ بلبل بھی یہ رکھتا ہے نمک آج کہ گل — بن گیا کثرتِ شبنم سے نمکداں کی مثال

(۱۲) دیتی ہے طاقتِ پرواز یہ کیفیتِ مَے — اس ہوا میں ہے بطِ مے کہ اڑوں بے پر و بال

(۱۳) ہے یہ وہ دور کہ ہر صوفیِ صافی مشرب — رقصِ مستاں میں ہے وجد کناں شاملِ حال

(۱۴) بیدموں کو ہو جو دے چارہ گرِ عیسےٰ دم — شمعِ مردہ کی رگِ تار سے کھولیں قیفال

(۱۵) پتلیاں ناچتی ہیں چشم کے گھر میں بے ساز — جنبشِ دستِ مژہ دیتے ہیں اس انداز سے تال

(۱۶) ہوں قلم ہاتھ اگر کوئی لکھے خطِ غبار — صفحۂ دہر پہ کیا دخل جو ہو گردِ ملال

(۱۷) روزِ جشن آج ہے اُس کا کہ جسے کہتی ہے خلق — نائبِ ختمِ رسل ظلِ خدائے متعال

(۱۸) وہ بہادر رستم غازی کہ اگر تیغ اُس کی — اپنی دکھلائے چمک چرخ پہ کٹ جائے ہلال

(۱۹) وہ نکو خوئے و نکو روئے و خجستہ منظر — وہ بلند اختر و فرخ روش و فرخ فال

(۲۰) وہ مسیحا دم و یوسف رخ و داؤد الحان — وہ سلیماں وش و موسیٰ کف و صالح اعمال

(۲۱) چمنِ خلق و نسیمِ کرم و ابرِ سخا — چشمۂ فضل و ہنر کانِ عطا بحرِ نوال

(۲۲) آسماں جاہ و عطارد قلم و مہرِ علم — مشتری دانش و مہ بینش و مریخ جلال

(۲۳) خسرو و جم حشم و داور و کسریٰ انصاف — شاہ دارا دل و سلطانِ سکندر اقبال

(۲۴) مدح حاضر میں پڑھوں اس کے وہ مطلع جس سے — ہمسری کی نہ رکھے مطلعِ خورشید مجال

(۲۵) مطلع
ہو تری یک نظرِ فیض سے ناقص کو کمال
مہر سے گر مہ کامل ہو وہ ہفتہ میں ہلال

(۲۶) نیرِ جاہ ترا وہ ہے جسے تا دورِ فلک — نہ کسوف و نہ غروب و نہ ہبوط و نہ وبال

(۲۷) آگے بخشش کے ترے خرمن در یکدانہ — آگے ہمت کے ترے کوہ طلا یک مثقال

(۲۸) ہووے جوں چادرِ مہتاب گلیمِ شبِ تار
رخ پر نور جو تو پونچھ کے جھاڑے رومال

(۲۹) جام سے قطرہ جو ٹپکا تو معلق ہی رہا
دستگیری نے لیا تیری جو گرتوں کو سنبھال

(۳۰) گر ترے قہر کی گرمی تپ محرق بن جائے
لبِ دریا پہ حبابوں کی جگہ ہوں تبخال

(۳۱) قوت ماسکہ ممسک کے قویٰ سے گم ہو
فیض جاری سے ترے بخل کو پائے زوال

(۳۲) حکمت آموز ترا علم جہاں ہو تو وہاں
نہ ارسطو کو ہو طاقت نہ فلاطوں کو مجال

(۳۳) ہو تری عقل سے عاجز دمِ بحثِ معقول
اک مقولہ ہیں فقط فعل کی عقل فعّال

(۳۴) دم ہی کیا بادِ صبا میں کرے دم سیرِ جہاں
ق ترے گلگوں سبک سیر کے جاوے دنبال

(۳۵) یونہی دو چار قدم خاک اڑا کر رہ جائے
اور پہنچ جائے کہیں سے وہ کہیں مثلِ خیال

(۳۶) ہے وہ ہیکل میں اگر دیو تو صورت میں پری
ہے اڑان اس میں ملک کی تو بشر کی سی خصال

(۳۷) جلد اتنا کہ جہاں عرصۂ جولاں اس کا
عہدِ مستقبل و ماضی کا وہاں ہے یک حال

(۳۸) زیبِ تن اس کے جو مہندی کا ہو ہر گل تصویر
پھرتا کاوے میں ہے وہ صورتِ فانوسِ خیال

(۳۹) اس فلک سیر کو جولاں جو کرے تو تو یہ ڈر
مزرعۂ سبزِ فلک ہو نہ مبادا پامال

(۴۰) تیرے ہاتھی کی بلندی کی طرف کی جو نگاہ
ق سر پہ اندیشہ نے لی ہاتھ سے دستار سنبھال

(۴۱) کہکشاں کو وہ فلک پر سے زمیں پہ کھینچے
نیشکر راہ میں مانگیں اگر اس سے اطفال

(۴۲) جیسے ماتھے پہ بزرگوں کے ہو سجدہ کا نشاں
اس کی مستک پہ شہا جلوہ نمایوں ہے ڈھال

(۴۳) ہے جو اس فیل کی خرطوم سرافیل کا صور
آئے اعدا پہ قیامت سرِ میدانِ قتال

(۴۴) اس کے دانت ان کے لیے ہیں روشِ تیرِ شہاب
ہے جن اعدا کو سرِ اوجِ شیاطیں کی مثال

(۴۵) آبداری میں تری تیغ کہ ہے برق کی موج
ق کیا تماشا ہے کہ ہے آب سے آتش سیّال

(۴۶) تیری شمشیر کو ہے خونِ عدو روز مباح
یہ غلط تیسرے دن ہوتا ہے مردار حلال

(۴۷) طائرِ روحِ عدو کے لیے صیادِ اجل
سبزۂ تیغ میں جوہر سے لگا رکھتا ہے جال

(۴۸) طاقتِ دم زدن اس دور میں ہے کس کو بھلا
دیکھ کر تیرا نسق اے شہِ فرخندہ خصال

لب پر آ جائے ہے سینے سے پئے استقبال		پر ترا ذکر جو آتا ہے زباں پر تو نفس	(۴۹)
شیر سے پنجہ کرے پنجۂ مژگانِ غزال		ہو قوی دست اگر زورِ حمایت سے ترے	(۵۰)
شعلۂ شمع کو صرصر سے نہ ہو اضمحلال		تقویت دیوے اگر پاسِ حفاظت تیرا	(۵۱)
فیلسوفی ہے حکیموں کی خلا کہنا محال		ہے ترے عہد میں فتنے سے زمانہ خالی	(۵۲)
دیوے ہیزم کو جلا کر کوئی پانی میں جو ڈال	ق	آتش و آب میں یہ ربط ترے عدل سے ہے	(۵۳)
لے تہِ آب سے شانہ پرِ ماہی کا نکال		کاکلِ موجِ دخاں کے لیے اس کے دریا	(۵۴)
مبتدا جس کا شہا غرّۂ ماہِ شوّال		خبرِ جملۂ عشرت ہے ترا جشنِ سعید	(۵۵)
روشِ غنچۂ تصویر زباں منہ میں لال		ہوتی ہے حیرتِ توصیف سے تیری شاہا	(۵۶)
یہ جو ہے ذوق ثنا خواں ترا اور مدح سگال	ق	بس دعا ہی پہ فقط ختم سخن کرتا ہے	(۵۷)
رہے جب تک کہ زمانہ میں حسابِ مہ و سال		جشن ہر سال ترا ہووے مبارک تجھ کو	(۵۸)

قصیدہ نمبر ۱۵

واہ بگڑا ہے کچھ اس خم میں عجب رنگ سے نیل		لاتا نیرنگ سے ہے رنگ نئے چرخِ بخیل	(۱)
لاکھ بے ہوشیوں سے جس کی بھری ہے زنبیل		دو زمانہ سے وہ عیار ہے یہ ہوش ربا	(۲)
کہ بجز حفظِ خدا جس کی نہ خندق نہ فصیل		ہے توکل کا احاطہ وہ عزیمت کا حصار	(۳)
زنگ دیتا ہے چھپا جوہرِ شمشیرِ اصیل		گم ہوں ظاہر کی خرابی سے صفات اہلِ دل	(۴)
بلکہ ہے آتشِ نمرود گلستانِ خلیل		پیش دشمن نہ گذر حق سے نہیں سانچ کو آنچ	(۵)
ورنہ صورت میں تو کچھ کم نہیں شہباز سے چیل		ہوتے سیرت سے ہیں ہر [illegible]	(۶)
رسمِ تحریر میں بھی چھوٹے نہ [illegible]		نہیں ہے قید علائق کسی عالم [illegible]	(۷)
[illegible] منزل [illegible]		ہو [illegible] بھی [illegible]	(۸)

(۹) عید یکروز جہاں میں رمضاں ہی یک ماہ
یعنی ہی کثرت تکلیف کے یاں عیش قلیل

(۱۰) کشت سبز فلک دوں سے نہ رکھ چشم ثمر
خوشۂ فیض سے بے بہرہ ہی یہ مزرع بخیل

(۱۱) قابل انساں کی صحبت سے ہی انسان ملک
بن گیا پیش نبی صورت دحیہ جبرئیل

(۱۲) جتنا خورشید تپے اُتنی ہی بارش ہو سوا
ہووے کیونکر تپش عشق نہ رحمت کی دلیل

(۱۳) عشق کھنچوائے ہی اک ارجاکش سے بزور
بار صد کوہ الم بے عمل جر ثقیل

(۱۴) لگے چرخ کو گر نالۂ عاشق کی ہوا
دم میں اجزا لے دخانی کی طرح ہوں تحلیل

(۱۵) شمع کشتہ کے لیے ہی دم عیسے آتش
سوزش عشق سے زندہ ہوں محبت کے قتیل

(۱۶) معتبر ہی جو کرے نالۂ دل درد اظہار
نالہ ہی دل کی زباں دل ہی موکل یہ وکیل

(۱۷) دل کے ہی ایک ورق میں وہ حقیقت ساری
جس کا اجمال قضا اور قدر ہی تفصیل

(۱۸) جی میں ہی اور پڑھوں میں کوئی مطلع ایسا
گوہر مخزن معنی سے ہو جس کو تاویل

(۱۹) مطلع
گنج حیرت میں کروں علم خموشی تحصیل
یہ عجب مدرسہ ہی جس میں نہی قال نہ قیل

(۲۰) درس توحید سے لوں ایک شفا کا نسخہ
بحث میں علت و معلول کے ہی عقل علیل

(۲۱) جلوہ افروزی یک بدر تجلی ہی اسکا
شمع فانوس سمجھ خواہ چراغ قندیل

(۲۲) فکر بے ہودہ میں کس واسطے ہی تو پابند
کچھ نکال اپنے لیے ذوق سے نکلنے کی سبیل

(۲۳) خواب غفلت سے ہو بیدار کہ آئی پیری
نہیں مہتاب یہ ہی روشنی صبح رحیل

(۲۴) عرصۂ عمر ہی وہ تار کھنچا اور ٹوٹا
کچھ اگر وقت معین کی طرف ہو نہ ڈھیل

(۲۵) وہی منزل ہی جہاں ٹھیرے حیات گذراں
کہ پڑی راہ فنا کوئی نہ فرسخ ہی نہ میل

(۲۶) مشق اندوہ سے اک روز نہیں تو بیکار
تیرے ہفتہ میں نہیں کوئی بھی روز تعطیل

(۲۷) غم عصیاں ہی تو ہی رحمت غفار وسیع
فکر روزی ہی تو ہی رزق کا رزاق کفیل

(۲۸) ہی تمنائے زر و مال تو سب جائے گا چھوڑ
چھوڑ جانے کو تو کافی ہی فقط ذکر جمیل

(۲۹) پھر بہارِ چمنِ عمر میں دلگیر ہی کیوں — سیر کر سیر کہ ہی فرصتِ گلگشت قلیل

(۳۰) مژدہ عیش سے ہی دیکھ تو کیا رنگِ چمن — گل کی رنگیں ہی قبا غنچہ کی رنگیں مندیل

(۳۱) ہوئے آراستہ ہیں آج بدل کر پوشاک — فصل سے باغ تلک باغ سے لے تا بہ نخیل

(۳۲) نظر آتا ہی برنگِ لبِ ساغر جو ہلال — ٹپکا پڑتا ہی لبِ مست سے شوقِ تقبیل

(۳۳) گاہ مَے خم میں ہی گہ شیشہ میں کیا کیا پئے سیر — روح کرتی ہی کسی مست کی قالب تبدیل

(۳۴) تہنیت خواں ہو تو آج اس شہِ دریا دل کا — جس کے نزدیک ہی ایک قطرہ سے کم قلزم و نیل

(۳۵) وہ بہادر شہِ والا نسب پاک گہر — خسرو چرخ سریر و شہ خورشید اکلیل

(۳۶) ماہِ نو چشم زدن میں مہِ کامل ہو جائے — نظرِ مہر میں ہی اس کے وہ نورِ تکمیل

(۳۷) نورِ معنی ہی بہر شکل نتیجہ اس کا — اللہ اللہ رے نے شکلِ شہنشاہِ شکیل

(۳۸) مدحِ حاضر میں پڑھوں مطلعِ روشن ایسا — مطلعِ شمس کو بھی جس کے ہو واجب تخجیل

(۳۹) مطلع
بعد شاہانِ سلف کے تجھے یوں ہی تفضیل
جیسے قرآں پس توریت و زبور و انجیل

(۴۰) تو ہی اس طرح سے عزت دہِ اولادِ تمر — جیسے موسے شرف افزائے بنی اسرائیل

(۴۱) نور افزائے بصارت ہو اگر تیرا جمال — آئیں آنکھوں سے نظر معنی اللہ جمیل

(۴۲) روئے نیکو پہ ہی مائل تیری خوئے نیکو — کہوں کیونکر نہ کہ الحُسن الی الحُسنِ یمیل

(۴۳) ہی جو انسان کے قالب میں ترا نورِ ظہور — برجِ خاکی میں ہی خورشیدِ فلک کی تحویل

(۴۴) دانش آموز ہو گر تربیتِ عام تری — بید مجنوں کو بنا دے ابھی انسانِ عقیل

(۴۵) جوہرِ تیغِ اجل ایک ترے حکم کی نقل — تیر حکمِ قضا حکم کی تیرے تعمیل

(۴۶) عہد میں تیرے جو ہو راہِ تعدی مسدود — کھلے فعلِ متعدی سے نہ بابِ تفعیل

(۴۷) تشنۂ ذوقِ حلاوت ہوں کیونکر سیراب — تیری شیریں سخنی ہی انھیں شربت کی سبیل

(۴۸) نکتہ چینوں کے لیے نکتہ برجستہ ترا — قابضِ طبعِ رواں ہی روشِ دانہ ہیل

(۴۹) جب ہوئی مرغانِ ہوا تیرے نشانِ بندوق — نسرِ طائر کو بھی تو نے سمجھے ایک اُڑتی ہوئی چیل

(۵۰) مُہرۂ پشتِ عدو میں تیرا تیر صف دوز — رشتۂ مہرۂ تسبیح کی مانند دخیل

(۵۱) طائرِ روحِ عدو کے لیے بہرِ پروانہ — تیر کی تیرے صدا جیسے کبوتر کو زفیل

(۵۲) وہ قیامت ہے تری فوج کہ شورِ محشر — ق — دم نہ مارے کبھی سُن پائے جو گھوڑوں کی صہیل

(۵۳) نالۂ بوق کی ہیبت سے رکھے پھونک کے پاؤں — کوچۂ صور سے گزرے جو دمِ اسرافیل

(۵۴) دوں ترے گھوڑے کو کیونکہ میں پری سے نسبت — ق — نہ یہ صورت نہ یہ رفتار نہ یہ ڈول نہ ڈیل

(۵۵) گرمِ جولاں وہ کہاں ہو کہ رکھے ہے وسعت — نہ تو میدانِ تصور نہ فضائے تخییل

(۵۶) عرصۂ معرکہ میں گر تجھے اے شاہسوار — اس سبکسیر سے منظور ہو کارِ تعجیل

(۵۷) جائے یوں جیسے ہوا سُم بھی نہ پانی سے ہو تر — نہ ہو پروا اُسے ہے راہ میں تالاب کہ جھیل

(۵۸) کوہِ البرز کو سائے میں دبا لے اپنے — ق — ہے وہ اے شاہ فلک رتبہ تری رفعتِ فیل

(۵۹) حملہ آور ہو وہ جس دم تو پئے جانِ عدو — اُس کی خرطوم ہو دستِ کششِ عزرائیل

(۶۰) تو جو محرابِ عماری میں ہوا جلوہ نما — اُس کے دانتوں پہ یہ خرطوم سے سوجھی تمثیل

(۶۱) خانۂ قوس میں خورشیدِ جہانتاب آیا — دن تو کوتاہ ہوا اور ہوئی رات طویل

(۶۲) نہیں یہ جوشِ گُل و لالہ نکل آیا ہے — دادخواہی کے لیے خاک سے خونِ ہابیل

(۶۳) عدل نے تیرے کیا روئے زمیں کو گلزار — آج تک عدل میں کوئی نہ رہا تیرا عدیل

(۶۴) واسطے دیدۂ بدبیں کے ہے یہ عینِ صلاح — ہو تری نوکِ سناں سرمہ کوری کی جو میل

(۶۵) تیر برسائے عدو پر جو کماں دارِ قضا — کم نہ فوارہ سے ہو تیروں کی اُس کی مندیل

(۶۶) رہزنِ نطفۂ بدخواہ ہو اوّل ہی قضا — آسکے پشتِ پدر سے نہ کبھی تا احلیل

(۶۷) محکمہ میں ترے انصاف کے ہوں ہاتھ قلم — دے اگر بھول کے بھی کوئی سرِ حرف کو چھیل

(۶۸) ذوق کرتا ہے سخن تیری دعا پر کوتاہ — ہو گراں خاطرِ نازک پہ مبادا تطویل

(۶۹) عید ہر سال ہو فرخ تجھے باجاہ و جلال — ہوں قوی پایہ ترے دست بصد قدرِ جلیل

(٤٠) جو ضلالت سے ہوں گمراہ وہ اے ظلِّ خدا | ذلِ اقدام سے ہوں خاکِ مذلت پہ ذلیل

قصیدہ نمبر ١٦

اس قصیدہ میں طالب علمی کے خیالات کا رنگ جھلکتا ہے اس لیے یہ ماننا پڑتا ہے کہ یہ قصیدہ جوانی کے زمانہ کی ابتدائی مشق کا نتیجہ ہے اور اکبر شاہ ثانی کی مدح میں لکھا گیا ہے۔

(١) تا زباں زد دہر میں ہو فلسفی کا یہ کلام | ہے پی افلاک لازم نفی خرق و التیام

(٢) تا خط محور پہ ہووے گرم گردش آفتاب | تا نہ قطبین فلک تک پہنچے دورِ صبح و شام

(٣) سبعہ سیّارہ ہوں سائر تا سپہر ہفت آسماں | ہو ثوابت کا سپہر ہشتمیں پر ازدحام

(٤) منجمد ہو کر میانِ طبقہ ہائے زمہریر | قطرہ افشاں تا بخار ابر ہوں بن کر غمام

(٥) آب باراں سے گزر کر منتشر تا ہو شعاع | انعکاسِ رنگ سے قوس قزح پائے نظام

(٦) تا حقیقت کے لیے لطفِ سخن ہووے مجاز | صنعتیں ہوں اُس سے پیدا با مرام و بے مرام

(٧) تا کریں روشن معانی و بیاں سحر بدیع | جن سے ابرادِ معانی ہو بہ تحسین الکلام

(٨) تا اَنْ وَلَنْ کے اِذَنْ دیں فعل مستقبل کو نصب | جازم فعل مضارع اِنْ وَلَمْ لَمَّا و لام

(٩) تا کہ علم شعر ہو داخل بہ اوزانِ بحور | تا افاعیل و تفاعیل اس سے پائیں انتظام

(١٠) اور زحافوں کا عمل لیکر ردیف و قافیہ | گر عرب کا ہے عجم میں اُن کو دے موزوں مقام

(١١) تا اطبائے زماں کو ہووے علم طب کے ساتھ | غور نبض و فکر بحران فکر الوانِ قوام

(١٢) تا خس و حکاک لا فرع رحوہ و ثاقب ثقیل | جب تک امراض مہلک کا اطبا میں ہو نام

....

(١٣) کلیات خمسہ ہوں منطق میں ایسا غو جیا | یعنی جنس و فصل و نوع و خاصہ اور عرض عام

(١٤) مادّی و فاعلی علت کو تا صورت کے ساتھ — علتِ غائی پہ دیویں اہلِ دانش انصرام

(١٥) تا ریاضی و طبیعی سے بزورِ فلسفہ — فیلسوفانِ جہاں علم و عمل میں لیویں کام

(١٦) تا کہ بیت سعدِ اکبر ہوں فلک پر قوس و حوت — تا کہ جوزا اور حمل میں شمس کو ہو احتشام

(١٧) سنبلہ کو تا منجم کہوے ہے شاید عقیم — تا کہ ہو دست و بغل جوزا فلک پر شادکام

(١٨) حکم ہو برجیس و کیواں کا رواں برچین ہند — تا کہ تیر و ماہ روم و بلخ پر رکھیں مقام

(١٩) تا خراساں مہر کو بہرام کو ہو ملکِ ترک — ماوراء النہر پر ناہید کو تا ہو قیام

(٢٠) تا کرے معلوم اصطرلاب سے اخترشناس — ارتفاعِ ہر ستارہ روز و شب یا صبح و شام

(٢١) تا زحل کے ساتھ شکل عقلہ و انکیس کو — زائچہ میں دیتے ہوں صاحبِ رمل نسبت مدام

(٢٢) ہووے دائر عرصۂ برزخ میں تا بحثِ حکیم — ہوں مذہبِ جبر او تفویض میں اہلِ کلام

(٢٣) رد کریں تا دعوئے رویت کو اہلِ اعتزال — اور ملاحدہ وسوسوں سے دیں نبی کو اتہام

(٢٤) محو ہو جب تک کہ جوگی شغلِ استدراج میں — سینہ و سر میں سکھے مرغِ نفس کو اپنے تھام

(٢٥) تا کہ سالک مسلکِ تقوے میں کرتا ہو سلوک — تا رہے مجذوب مستِ بادۂ غفلت مدام

(٢٦) تا وجودِ پاک سے ابدال اور اوتاد کے — انتظامِ اہلِ عالم ہووے عالم میں تمام

(٢٧) تا خراسان و عراق و زابل و نیریز سے — نغمہ ریزِ فارس آباداں کرے اپنے مقام

(٢٨) مدّہم و پنچم کھرج گندھار رہوے اور نکھاد — نغمۂ ہندی کا ہووے سات سر سے انتظام

(٢٩) تا کہ فروردی، ابارد، آب، ایلول، اودیل — ماہِ شمسی ہو مطابق ہر ولایت میں مدام

(٣٠) یارب اس کا رتبۂ عالی ہمیشہ ہو فزوں — دولت اس کی ہو کنیز اقبال ہو ادنیٰ غلام

(٣١) کون وہ یعنی محمد شاہ اکبر دیں پناہ — نیک صورت نیک سیرت نیک طالع نیک نام

(٣٢) زورِ دینداری سے جس کی ہے دکھاتی خود بخود — بیخ و بنیانِ ضلال و کفر شکلِ انہدام

(٣٣) کیا تعجب ہے اگر اس کی بہارِ فیض سے — گلشنِ گیتی ہو رشکِ روضۂ دارالسلام

(٣٤) مرغزارِ عالم اس کی فیض سے ہے بسکہ سبز — پائے ہے رنگ زمرّد پارۂ سنگِ رخام

نمبر	مصرعِ اول		مصرعِ ثانی
(۳۵)	کہکشاں سے لے عصائے نقرئی پیرِ فلک		کرتا ہی وقتِ سواری شکلِ چاوش اہتمام
(۳۶)	لے نسیمِ خلق اگر اُس سے تو ہو جائے ابھی		طبلۂ عطار کی صورت معطر ہر مشام
(۳۷)	گلشنِ مدح و ثنا سے اس کے ای گلچینِ فکر		لا گلِ مضمونِ تازہ جلد بہرِ اشتمام
(۳۸)	مطلع	محترم یوں ذاتِ عالی ہی بہ جمہورِ انام حلقۂ تسبیح میں جوں سر برآوردہ امام	
(۳۹)	مائدہ اور من و سلوی کی کسے ہی احتیاج		مطبخِ عالی سے تیرے سب کو پہنچے ہی طعام
(۴۰)	بہرہ ور خورشید سے کوہِ بدخشاں ہی فقط		نیرِ اجلال کی تیرے نظر عالم پہ عام
(۴۱)	غنچۂ تصویر کو بھی مثلِ گلہائے چمن		ہی نسیمِ لطف سے تیرے ہوائے ابتسام
(۴۲)	ہی ملا دستِ سخا کے ساتھ تجھ کو زورِ حکم		دستِ قسامِ ازل سے بسکہ وقتِ انقسام
(۴۳)	فیض تیرا ہی کہ پائے خرقۂ ماہی درم		حکم تو دیوے تو رہوے نہرِ دریا تشنہ کام
(۴۴)	دشمنِ بدبیں کو آبِ خضر بھی زہراب ہی		اور دمِ عیسے گلے میں بترشِ آبِ حسام
(۴۵)	پر ہوا خواہوں کو تیری مرحمت سے خسروا		فیضِ انفاسِ الہی ہیں نفوسِ انتسام
(۴۶)	دستِ صحت سے رگِ ہر سنگِ کوہ و دشت میں		نبضِ سالم کی طرح جنبش دکھاوے گی دوام
(۴۷)	دیں مریضوں کو دمِ عیسے تو یوں نکہتیں وہاں		قطرۂ ریزش گریں جس طرح سے وقتِ زکام
(۴۸)	مستفیدِ نور کب ہی شمس سے جرمِ قمر		نیرِ اجلال سے تیرے جلا لیتا ہی وام
(۴۹)	روبرو دستِ کرم کے ہوتی گرد و باد ہی		آبروئے ابرِ گوہر بار ای ذوالاحترام
(۵۰)	تو جھروکوں میں جو بیٹھے آکے بہرِ عدل و داد		شیر و آہو گھاٹ پر جمنا کے ہوں آپس میں رام
(۵۱)	تا نہ آئے زخم عاشق کے دلِ ناکام پر		تیغِ ابرو پر بتاں رکھتے ہیں وسمہ سے نیام
(۵۲)	ای فریدوں تو جو کر دے راہِ خونریزی کو بند	ق	اور لبوں سے جام کے چھلکے رحیقِ لالہ فام
(۵۳)	شانۂ ضحاک کی مانند ایک ایک اس کی موج		مارِ پیچاں بن کے ہووے متحد با خطِ جام
(۵۴)	معجزِ انصاف سے تیرے سرِ وحشت و جبل		ہر غزالِ ناقۂ صالح ہی گویا بے زمام

(۵۵) قصد صید اس کا کرے کوئی معاذ اللہ اگر — ہو خدا کا قہر نازل اس پہ بہر انتقام

(۵۶) آیا جب تیرے مقابل ای نہنگ بحر زم — شکل خرچنگ اُلٹے پاؤں ہٹ گیا دستان سام

(۵۷) گنج استقلال پر ہی قفل اگر تیری سپر — وقت پر شمشیر ہی مفتاح ابواب مہام

(۵۸) جوں عصاء حضرت موسیٰ سر دریائے نیل — نیزہ تیرا لشکر اعدا میں کر جاتا ہی کام

(۵۹) ہی خدنگ تیر تیرا یا ہوا پر ہی عقاب — دمبدم دے ہی قضا کا اُڑکے اعدا کو پیام

(۶۰) گر عدو سدِّ سکندر کو کرے چار آئینہ — آگے تیری تیغ کے صیقلی ہی پر کاغذی جام

(۶۱) تیرے وصف ناوک اندازی پہ تیر انداز فکر — مطلع برجستہ کو ہی لکھکے دیتا انتظام

(۶۲) **مطلع**

بر سر پرواز ہوں جب تیرے شہباز سہام
جوشن جسم عدو میں ہووے دم محبوس دام

(۶۳) دست دہقاں میں فلاخن شعلۂ جوالہ ہو — لیں ترے برق غضب کا کشت اعدا پر جو نام

(۶۴) گر سحاب قہر تیرا ہو نگرگ افشاں تو ہو — حال اہل قاف وہ ای خسرو عالی مقام

(۶۵) وادی بطحا میں جیسے بر سر اصحاب فیل — معجز طیراً ابابیل آیا وقت انہزام

(۶۶) جنبش خامہ سے میرے سر وہو برق جہاں — گر کروں شاہا رقم وصف سمند تیز گام

(۶۷) ترک تازی میں پڑی تھی اس کی شوخی پر نظر — ابلق چشم بتاں کی ہو گئی ترکی تمام

(۶۸) صفحۂ غبرا پہ کھائے نقطۂ رمال رشک — دیکھے نقش سم جو اس کا جلوہ گر وقت خرام

(۶۹) سرعت طیِ منازل کا لکھوں گر وصف اس کے — حال و مستقبل کا داخل فعل ماضی میں ہو نام

(۷۰) عرصۂ چوگاں میں جب اس کو بوقت معرکہ — لائے جولانی میں دیکھ جنبش دست لگام

(۷۱) گاہ سرپٹ گاہ اڑان اور گاہ بیٹھا پوئیہ — گاہ دل کی اپیہ اور گاہ جائے شاہ گام

(۷۲) اور اشارہ ہو اگر اس قاف سے اُس قاف پر — اس طرح اُڑ جائے جوں مرغ نظر بالائے بام

(۷۳) فیل کو تیرے شب یلدا تو کہتا ہی جہاں — پر جو ہی نقش قدم اس کا وہی ماہ تمام

(۷۴) یا سیہ خیمہ ہی لیلیٰ کا وہ یا ہی تھم گئی — جان قیس [illegible]

(٧٥) حلقۂ زلفِ بتاں کب کھائے ہی یوں پیچ و تاب	جب اُٹھا خرطوم کو اپنے کرے ہی وہ سلام
(٧٦) منزلِ توصیف کو کیونکر تری طے کر سکے	دم کہاں پیکِ خرد میں یہ خیال اس کا ہی خام
(٧٧) تہنیت کو ہی دعا پر ذوق کرتا مختصر	ہو مبارک تجھکو باعیش و طرب عید صیام

(٧٨) جو کہ ہوں بدخواہ وہ ناشاد او غمگیں رہیں
اور ہواخواہوں کے دل ہوویں ہمیشہ شا کام

قصیدہ نمبر ١٧

ذوق نے یہ قصیدہ شہزادہ سلیم کی شادی کی تہنیت میں لکھکر اکبر شاہ ثانی کو نذر گزرانا تھا۔ عالم شباب کا کلام ہی

(١) اُفقِ دل پہ مرے عیش و طرب دونوں بہم	آج یوں آئے سحر جیسے دو پیکر توام
(٢) ایک کا ایک سے وہ ربطِ سخن تھا گویا	دو لبِ یار ہیں یا حضرت عیسیٰ ہمدم
(٣) روشِ ناز پہ ہمدوش تھے یوں جیسے کبھی	لام الف لکھتا تھا اسلام کا یاقوت رقم
(٤) یا تھے وہ مصرعِ مربوط بہم دست و بغل	یا کہ پیوند تھے دو نخلِ گلستانِ ارم
(٥) مل کے دو تارِ نظر ایک ہوے تھے دونو	یا وہ اک بینی کے دو پرے تھے باہم ہمدم
(٦) دونو پیچیدہ بہم ایسے سیہ مستی ہیں	کوئی مشاطہ بھی یوں گوندھے نہ جعدِ پُرخم
(٧) ایک معنی کے وہ لفظ مترادف تھے دو	ایک مضموں کے دو فقرے تھے مگر مستحکم
(٨) تھے جڑے دو دُرِ شہوار کہ ہرگز نہ ملیں	ابرِ نیساں سے گریں لاکھ اگر قطرۂ یم
(٩) ایسے تھے دونوں وہ یک دل کہ دو قالب یکجاں	یک زباں دونوں وہ اس طرح کہ جوں چاکِ قلم
(١٠) آئے لپٹے ہوئے یوں عالمِ سرشاری میں	نالۂ زیر کی ہمراہ ہو جوں نالۂ بم
(١١) میں نے پوچھا جو سبب اُن کے بہم ہونے کا	تو یہ ہاتف نے کہا غیب سے ہوکر ملہم
(١٢) کیوں معموں کے دلِ تنگ میں معنی ہوں نہ تنگ	جب ہو معلوم تو پھر بات ہے کیوں مبہم

لہ طوبیٰ عروسی ۱۲

(۱۳) آج اُس شاہ کے فرزند کی ہے شادی طوبیٰ
کہ شجاعت میں وہ رستم ہے سخا میں حاتم

(۱۴) کون وہ ظلِ خدا شاہ محمد اکبر
جس کی ہمت سے ہوں دریوزہ گرِ ارباب ہمم

(۱۵) شاہ کا پوچھو جو فرزند تو شہزادہ سلیم
ہو سلامت رہی اُس کی یہ سلامت منتظم

(۱۶) اس لیے عیش و طرب مثلِ قرانِ السعدین
متفق ہو کے پئے تہنیت آئے اس دم

(۱۷) یُمن اس عقد نے بخشا ہے جہاں کو ایسا
جو گرہ آج لگائیں سو ہے لگتی محکم

(۱۸) آج وہ دن ہے مبارک کہ ابھی لائے ثمر
دو درختوں کو جو پیوند لگائیں باہم

(۱۹) دیا شکلوں میں ہے پیوند بدیہ الانتاج
پر قلم سمجھے نہ تہذیب نہ جانے سُلّم

(۲۰) بزمِ عشرت کی طرف کرتا ہے جو نظّارہ
پڑھتا یہ مطلعِ رنگیں ہے وہ ہو کر خرّم

(۲۱) مطلع
ہے اُٹھا عیش کا طوفان سرِ ساحلِ یم
زمزمہ موج کا بربط سے ہوا ہے ہمدم

(۲۲) لٹکری کا سا ہے گچھا یہ گلوئے مینا
ہچکیاں قُلقُلِ مینا جو ہے لیتی پیہم

(۲۳) لوگے جس سازِ خدا ساز کو آغوش میں آج
تار چھیڑو گے کھرج کا تو سنو گے پنچم

(۲۴) اثرِ نغمۂ شیریں سے جہاں بھول گیا
کہ سوا راگ کی سم کے ہے کوئی اور بھی سم

(۲۵) جن مزامیر کو ہم سنتے تھے واعظ سے حرام
وجد میں آئیں سُنیں آج گر آ ہوئے حرم

(۲۶) تارِ طنبور بنی آج رگِ سنگِ صفا
بے زباں زمزمہ سازی کرے موجِ زمزم

(۲۷) نہیں کچھ دور کہ تبدیل ہو کعبہ کا لباس
تا کہ دکھلائی نہ دے صورتِ اہلِ ماتم

(۲۸) دھوم اس شادی کی یہ ہے کہ منڈھے کی صورت
چھا گیا گلشنِ آفاق پہ ہے ابرِ کرم

(۲۹) رقعہ شادی کا ہے اس رنگ سے تحریر ہوا
کہ جوانانِ چمن آئیں جو مل کر باہم

(۳۰) شاخِ گل پہنے کلائی میں کلی کا کنگنا
زرد جوڑے پہ بسنت اپنا دکھائے عالم

(۳۱) عطر داں میں گلِ نرگس وہ بھرے عطرِ سہاگ
سارے گل بھرنے لگیں بلبلِ بیتاب کا دم

(۳۲) بل بے تیاریِ پوشاک کہ چرخِ اطلس
لایا اطلس جو لگانے تو یہاں نکلی کم

(۳۳) یہ خیاطہ کی ہے جلدی کہ کھلا جاتا ہے / شکم کرم بریشم ہی میں تار ریشم

(۳۴) یہ چڑھاوے کی ہے کثرت کہ جڑے ہیں صبح / دگدگی پر گل داؤدی کے ہیرے شبنم

(۳۵) اللہ اللہ رے نوشہ ترا عالی رتبہ / جس کی اونگلی میں پہنائے گا سلیماں خاتم

(۳۶) ہوئی نوبت کی یہ نوبت کہ سحر اس کی ٹکور / گوش افلاک سے بھرتی ہے سوا گوش اصم

(۳۷) نے قلیاں کو بھی گر منھ سے لگاتا ہے کوئی / تو وہ بھرتی ہے ہم آوازی شہنائی کا دم

(۳۸) پہنچا یہ طنطنۂ کوس کا گردوں پہ دماغ / کہ نہیں رکھتا سر روئے زمیں اپنا قدم

(۳۹) آتی اس طرح سے پیہم ہے جلاجل کی صدا / کہ پری زاد ہے آتی کوئی کرتی چھم چھم

(۴۰) کہتا ہر دم ہے یہ نقارچی پیر فلک / کہ تھا مدت سے دمامہ کا مرے پھولا شکم

(۴۱) سارے ارمان نکالوں گا وہ شادی میں / اس کے سینہ سے جو نکلیں گے باوازۂ بم

(۴۲) چو گھڑے روپے کے اور سونے کی ٹھلیاں انہیں / صف بہ صف دیکھ کے ان کو یہ پکارا عالم

(۴۳) ہے یہ سلک در شہوار بگوش بہجت / یا کہ ہنستی ہے خوشی دانت نکالے پیہم

(۴۴) ہر سبوچے پہ یہ جوبن ہے کہ جیسے کوئی شوخ / اپنے ابھرے ہوئے پستاں پہ چڑھاوے محرم

(۴۵) دیکھ نقلوں کو سبوچوں میں یہ حیران ہے خلق / کہ بھرے موتیوں سے کیونکہ حباب لب یم

(۴۶) ایسے شیریں کہ اگر چکھے زباں پیران کو / وصف شیریں سخنی پائے زبان ابکم

(۴۷) کروں تحریر جو رنگت کو حنا بندی کی / شاخ گل مہدی ہو پھولوں سے ابھی میرا قلم

(۴۸) ہوئے روشن جو کنول شکل رخ آتشناک / تو لٹیں ان پہ دھوئیں کی ہوئیں زلفیں پر خم

(۴۹) کاغذ زر کے پھولوں میں یہ گل کترے تھے / آگیا تھا گل صد برگ کا پھر کر موسم

(۵۰) نخل آرائش اگر دیکھو تو ایسے دلکش / نوجوانان چمن جیسے بصد ناز و نعم

(۵۱) بیاہ کی شب وہ تجمل تھا کہ اللہ اللہ / کہتا تھا دیدۂ انجم سے یہ گردوں ہر دم

(۵۲) سچ کہو کرتے ہو نظارہ جہاں کا جب سے / کبھی یہ جلوہ ہے دیکھا تمہیں آنکھوں کی قسم

(۵۳) دیکھے دولہ کے نہیں دست حنا بستہ ابھی / ورنہ مٹھی کا ابھی غنچے کے کھل جاتا بھرم

ط مرزا سلیمان شکوہ اکبر شاہ کے بھائی تھے ۱۲

نمبر	مصرعِ اول	مصرعِ ثانی
(۵۴)	منھ پہ نوشاہ کے یوں سہرۂ زرتار کی زیب	روئے خورشید پہ جوں خطِ شعاعی کی جھلم
(۵۵)	ہوا شبدیز فلک سیر پہ دولھا جو سوار	روز نے صدقہ کیا اشہبِ شب نے ادہم
(۵۶)	وصف میں اُس کے پڑھوں کیوں نہ اک مطلع میں	توسنِ طبع نے اب تیز نکالا ہے قدم
(۵۷) مطلع	یارِ ہمدم نہیں لیکن ہے وہ نسلِ آدم	ہے وہ اُس نسل میں جس اصل میں رخشِ رستم
(۵۸)	رمزِ راکب سے یہ آگاہ وہ صرصر رفتار	گذرے گر دل میں توقف تو وہیں جائے ہے تھم
(۵۹)	ہے تو وہ حورِ شمائل نہیں پرزادہ حور	خوئے آدم ہے ولیکن نہیں نسلِ آدم
(۶۰)	چادریں بھیجتا مہتاب کی ہے بسکہ فلک	چاہیے اس کو زمیں پر نہ گلیم و نہ گلم
(۶۱)	نور کے قطرے فلک سے ہیں نمیں پر برسے	چھوٹتے گنج ستاروں کے کہاں ہیں بہم
(۶۲)	سر اُٹھایا یہ ہوائی نے ہے آخر کہ ہُوا	شعلہ اس کا علم کاہکشاں کا پرچم
(۶۳)	ٹہنیاں جھومتی ہیں اس رنگ سے نافرماں کی	جیسے رکھے ہوں تراشے ہوئے جامِ نیلم
(۶۴)	ہاتھی لڑتے نہ سمجھنا۔ پیلِ عشرت نے بزور	سر کو دو کوہ کے ٹکرایا ہے مانندِ غنم
(۶۵)	نخل پھولا ہوا دم بھر میں نکل آتا ہے	ہے اناروں میں اچنبھے کا تماشا عالم
(۶۶)	چھوٹے گھن چکّر اس انداز سے کھا کر چکّر	چرخ میں آیا جسے دیکھ کے گردوں درہم
(۶۷)	پھولیں کیونکر نہ چمک کر گلِ آتشبازی	شاخ تھی گل کی قلم بن گئی شورے کی قلم
(۶۸)	جھاڑ ابرک کے نہیں۔ چادرِ مہتاب میں ہیں	جڑ تلک لپٹے ہوئے نخلِ گلستانِ ارم
(۶۹)	شجرِ طور کا جوں وادیِ ایمن میں ہو نور	شمعِ ابرک کے کنول میں ہے دکھاتی عالم
(۷۰)	ہیں جو سرگرمیِ شادی سے فتیلے روشن	تاب کیا خانۂ گیتی میں رہے سایۂ غم
(۷۱)	باندھے سو شعلۂ فندق بسرِ ہر انگشت	پنج شاخوں کو کھوں میں نہ کبھی دستِ صنم
(۷۲)	کھولا مصحف۔ تو زہے یمن کہ سرِ لوحِ ورق	اسمِ اعظم تھا عیاں خطِ شعاعی سے رقم
(۷۳)	رونمائی پہ لگی رشک سے زہرہ گانے	غیرت از چشم کنم روئے تو دیدن ندہم

(۷۴) اپسی شادی کے تجمل کو لکھے کیا کوئی
دھوم ہی جس کی گئی تا سرِ ہفتم طارم

(۷۵) جی میں ہی توسنِ خامہ کی عناں پھیرکے ہیں
مدح اکبر شہِ ثانی - کروں پھر زیبِ رقم

(۷۶) جس کے باعث سے منور ہی چراغِ خورشید
جس کی دولت سے ہی آراستہ بزمِ عالم

(۷۷) اُس کے دینداری کے نقارہ کی اتنی ہے صدا
از عجم تا بہ عرب اور ز عرب تا بہ عجم

(۷۸) جس سے پوچھو کہ تو آگہ ہی کہے گا کہ بلے
انت تعرف کہو جس سے وہ کہے گا کہ نعم

(۷۹) مدح میں اُس کی رقم کرتا ہوں اک تازہ غزل
کہ غزل خواں ہی ہر ایک آج بجانِ خرم

(۸۰) **غزل**
تو ہی وہ ابرِ سخا - تو ہی وہ دریائے کرم
جس میں ہوں فلس کی جا کیسہ و ماہی درم

(۸۱) چارہ گر ہو جو ترا لطف تو پھر کیا ہی عجب
مشک سو وہ کرے ہر زخم پہ کارِ مرہم

(۸۲) پہنچی ہی روحِ عدو سہم کے ناوک سے ترے
مثلِ آہوئے رمیدہ سرِ صحرائے عدم

(۸۳) تیرا خنجر ہی نہنگ ایسا کہ غرقِ زہر آب
تیری شمشیر وہ اژدر ہی کہ ہی آتش دم

(۸۴) حق میں اعدا کے ترا تیر ہی پیغامِ قضا
اور ترا جوہرِ شمشیر قضائے مبرم

(۸۵) توڑے دل شیشہ کا ہر گز نہ ترے عہد میں سنگ
رحم کھاوے کہ لیا اُس نے مرے گھر میں جنم

(۸۶) تیرے انصاف کا پرتو ہی جو عالم پہ محیط
تو نہ پایا ہی نہ پائینگے فروغ اہلِ ستم

(۸۷) رو برو بچۂ آہو کے نہ روشن ہو چراغ
ڈالے روغن کی جگہ اُس میں جو پیہِ ضیغم

(۸۸) گلشنِ مدح میں جو تیرے ترا ذوق لگا
خرمنِ گل کی جگہ تازہ مضامیں کا اٹم

ق

(۸۹) پر یہ سمجھا کہ ہی جز کرتا و لالت گل پر
کہہ کے اک شمہ تری وصف کا ای نیک شیم

(۹۰) یہ دعا کرتا ہو دل سے کہ مبارک ہو تجھے
شادیِ وصلتِ فرزند بصد جاہ و حشم

(۹۱) ہوں شبستاں میں ترے دمبدم مشغلِ عیش و طرب
گھر میں حاسد کے ولے آشوب بپا محنت و غم

قصیدہ نمبر ۱۸

در مدح اکبر شاہ ثانی

(۱) سحر جو گھر میں۔ بشکلِ آئینہ۔ تھا میں بیٹھا۔ نزار و حیراں
تو اک پری چہرہ۔ حور طلعت۔ بشکلِ بلقیس و ماہ کنعاں

(۲) پری کی صورت چمن کی رنگت۔ گر اس کا شیوہ تو اُس کا جلوہ
زبان شیریں۔ بیان رنگیں۔ کلامِ رنداں۔ خرامِ مستاں

(۳) انیسِ خلوت۔ جلیسِ جلوہ۔ حریفِ حکمت۔ ظریفِ صحبت
بہ بزمِ یاراں۔ بدل بہاراں۔ بہ اہلِ غزلت۔ گلے بداماں

(۴) حسین بشکل و مہِ منور۔ عرق کے قطرے ہیں اُس میں اختر
ہلالِ ابرو نگاہِ جادو۔ خدنگِ مژگان و چشمِ فتاں

(۵) بروئے رنگیں۔ نگارِ بستاں شگوفہ خنداں۔ مگر نہ خنداں
بموئے پیچاں۔ ہے عشق پیچاں۔ جو ہیں پریشاں تو دل پریشاں

(۶) وہ گوش پر زیبِ کج کلاہی۔ جو دیکھو بینی تو یا الٰہی
دہن میں غنچہ۔ لبوں میں گلبرگ و۔ روئے روشن میں مہر تاباں

(۷) نگاہ ساغر کشِ تماشا۔ بیاضِ گردن صراحی آسا
وہ گول بازو۔ وہ گوری ساعد۔ وہ پنجہ رنگیں بخونِ مرجاں

(۸) کمر نزاکت سے لچکی جائے۔ کہ ہے نزاکت کا بار اُٹھائے
اور اُس پہ سو نور لہر کھائے۔ پھر اُس پہ ہیں دو قمر فروزاں

(۹) وہ ران روشن۔ وہ ساق سیمیں۔ وہ پائے نازک حنا میں نگیں
وہ قد قیامت۔ وہ فتنہ قامت۔ دلوں پہ شامت جو ہو خراماں

(۱۰) جو نام پوچھا کہا خوشی ہوں۔ جو وصف پوچھا تو دلبری ہوں
سبب جو پوچھا تو ہنس کے بولی۔ کہ ذوق تو بھی عجب ہے ناداں

(۱۱) وہ شاہ جو ہے۔ محمد اکبر۔ جہاں میں رشکِ جم و سکندر
جلوس جشن اس کا ہے فلک پر۔ اُسی کے پرتو ہیں سب یہ ساماں

(۱۲) یہ سُنتے ہی میں نے بالبداہت لکھا وہ مطلع شفق شباہت
کہ جس کو احسن کہے سخنور۔ پڑھے یہ تحسین ہر اک سخنداں

مطلع

(۱۳) شہنشاہا تیرے سر پہ دوراں۔ ہے چتر بن بن کے ہوتا قرباں
کہ ہفت اختر بہ ہفت کشور ہیں آج یکسر مطیع فرماں

(۱۴) وہ ہے ترا اخترِ ہمایوں۔ کہ ہو کے روشن چراغِ گردوں
مدام کانپے ہے شعلہ آسا۔ بزیرِ فانوس چرخِ گرداں

(۱۵) سحابِ ہمت جو درفشانی۔ کرے بہنگامِ حکمرانی
تو ہو خجالت سے پانی پانی۔ ہوا یہ یک سمت ابرِ نیساں

(۱۶) تری عدالت میں ہے یہ قدغن۔ کتاں کو دیکھے نہ ماہِ روشن
وگرنہ ہالہ ہو طوقِ گردن۔ کہ تا ہو دل میں بہت پشیماں

(۱۷) جو تیغ برّاں کو اپنی شاہا۔ کرے علم تو بروزِ ہیجا
تو زیرِ دامانِ ابر اپنا۔ دکھائے جلوہ نہ برقِ رخشاں

(۱۸) یہ تیرا خنجر ہے یا کہ شہپر۔ کہ جس کے لگتے ہی دم میں اُڑکر
قفس سے ہوتا ہے تن کے پرّاں ترے مخالف کا طائرِ جاں

(۱۹) ہی عیدِ قرباں ہیں تیری میموں یہ کھا بزرگوں نے شبر گردوں
کہ کھا کے گاؤ زمیں نہ ہیبت کہیں بزیر زمیں ہو لرزاں

(۲۰) رکھے گا فغفور چینی خانہ - تو حکم دے ای شہِ زمانہ
بنا صفاہاں پہ آستانہ - کہ بیٹھے دارا بجائے درباں

(۲۱) تری سخاوت کا سُن کے عالم - اُمنڈ پڑا ہی تمام عالم
عرب سے آیا ہی چل کے حاتم بلب سوال و بدست داماں

(۲۲) جو آئیں جنبش میں لعلِ شیریں - چمک ہو اُن کی کلامِ رنگیں
تو حلم دیوے تو ہوشے آئیں - تو ہنس کے بولے تو گل ہو خنداں

(۲۳) جو ہو سوارِ سمند تازی - کرے تو میداں میں اسپ تازی
تو سمجھے دورِ فلک کو بازی - بپائے گوے و بدست چوگاں

(۲۴) وہ تیرا ہی فیلِ کوہ پیکر - کہ جس پہ کہتے ہیں سب نظر کر
فلک پہ دُمدار ہیں دو اختر - وپا نمایاں ہیں اس کے دنداں

(۲۵) ترا جو وصفِ خجستہ شاہا لکھے قلم کو کہاں ہی یارا
ثنا و دعا پر ہی ختم کرتا - جو ذوق تیرا ہی تہنیت خواں

(۲۶) کہ روز تجھ کو خوشی ہو افزوں - حسود ہوں سرنگوں و محزوں
یہ جشن ہو فرخ و ہمایوں - سدا بصد فر و شوکت و شاں

قصیدہ نمبر ۱۹

(۱)	پائے نہ ایسا ایک بھی دن خوشتر آسماں	کھائے اگر ہزار برس چکر آسماں

(۲)	ہی بادۂ نشاطِ طرب سے لبالب آج		ایک عمر سے پڑا تھا تہی ساغرِ آسماں
(۳)	دیکھے نہ اس طرح کا تماشا جہان میں		گر ہو تمام چشم تماشا گر آسماں
(۴)	اترا رہا ہی عطر سے عیش و نشاط کے		سچ ہی زمیں پہ پاؤں رکھے کیونکر آسماں
(۵)	افراطِ انبساط سے ہی کیا عجب اگر		مثلِ حباب جامہ سے ہو باہر آسماں
(۶)	شادی کی اُس کی دھوم ہی آج آسماں تلک		تابع زمانہ جس کا ہی فرماں بر آسماں
(۷)	فرزندِ شاہ یعنی جواں بخت ذی وقار		تسلیم کو ہی جس کے جھکاتا سر آسماں
(۸)	ہی اس کی بارگاہ میں مانندِ چوبدار		حاضر عصائے کاہکشاں لیکر آسماں
(۹)	اس بیاہ کی نوید سے ہی اس قدر سرور		ہی پیر پر جوانوں سے ہی بہتر آسماں
(۱۰)	پھرتا ہی اہتمام میں شادی کے رات دن		مقدور کیا کہ ٹھیر سکے دم بھر آسماں
(۱۱)	فردِ حساب صرف سے اس بیاہ کے ہو کم		گو لاکھ جمع و خرچ کا ہو دفتر آسماں
(۱۲)	توروں کی بخشِ مطبخ عالی میں اس قدر		ہی جس کا ایک تودۂ خاکستر آسماں
(۱۳)	اس روشنی کی چند دکھا دیجے پنجیاں		نازاں ہی آفتاب کے پنجہ پر آسماں
(۱۴)	ابرِ بہار دود چراغاں سے توبہ تو		ہوں سات آسماں کی جگہ ستر آسماں
(۱۵)	چشمِ قمر میں اور بھی ہو روشنی دوچند		کاجل لگائے اُن کے دھوئیں سے گر آسماں
(۱۶)	کر ڈالے پارہ پارہ فلیتوں کے واسطے		مہتاب کو سمجھ کے کہن چادر آسماں
(۱۷)	یہ کہنہ و سیاہ. وہ خوشرنگ و نوبہ نو		فائق ہو کیا سبوچۂ ساچق پر آسماں
(۱۸)	تھلیوں میں ہیں وہ نقل پڑے ان کا عکس اگر		لے کہکشاں کی مانگ میں موتی بھر آسماں
(۱۹)	آرائش ایسی اور وہ گلہائے رنگ رنگ		ادنیٰ سا جن میں غنچۂ نیلوفر آسماں
(۲۰)	بنوائے اس میں پھول طلائی و نقرئی		لے لیکے ماہ و مہر سے سیم و زر آسماں
(۲۱)	نقارخانہ کی ہی چراغاں سے وہ شکوہ		گویا ہی اگنے میں پہ پر از اختر آسماں
(۲۲)	کرتا ہی رقص تخت پہ نقارہ خانہ کے	ق	شہنائی کی صدا کو جو سُن سُن کر آسماں

(۲۳)	آوازۂ دمامۂ نوبت سے گونج اُٹھا	وہ جو سب آسمانوں کے ہی اوپر آسماں
(۲۴)	دولھا دُلھن کی ہی یہ علامت سہاگ کی	آیا ہی ایک سہاگ پُڑا بن کر آسماں
(۲۵)	جائے عجب نہیں ہی کہ عطرِ سہاگ کے	شیشہ کے شیشہ بھر کے لڑھاوے گر آسماں
(۲۶)	یارب ہمیشہ دولھا دلھن میں ہے سہاگ	جب تک کہ ہووے نیچے زمیں اوپر آسماں
(۲۷)	مہندی کے وصف لکھنے کے قابل نہیں کہ ہی	نیلا سا ایک کاغذِ بے مسطر آسماں
(۲۸)	جو برج اُڑے ہی اُڑ کے یہ ہوتا ہی وہ بلند	رکھ لے ہی سر پہ مثلِ گلِ احمر آسماں
(۲۹)	کرتا رہا برات کی شب شام سے نثار	شبنم کی جائے صبح تلک گوہر آسماں
(۳۰)	پہنچے براتیوں کے نہ ہرگز ہجوم کو	انجم سے لاکھ جمع کرے لشکر آسماں
(۳۱)	عیش وطرب کو مژدہ کہ کرتا جہاں میں ہی	زہرہ سے اب قرانِ مہ انور آسماں
(۳۲)	ہنگامِ بزمِ عقد ستاروں کے واسطے	کیا کیا سجے ہی اوج وشرف کے گھر آسماں
(۳۳)	بدبیں کے ہی نظر کے جلانے کے واسطے	انجم سپند آگ شفق مجمر آسماں
(۳۴)	جس وقت سہرہ باندھ کے دولہ ہوا سوار	کیا کیا بلائیں لیتا تھا جھک جھک کر آسماں
(۳۵)	کرتا تھا اَنْ یَّکَادُ کو دم پڑھ کے دمبدم	دولھا کے صبحدم رُخِ روشن پر آسماں
(۳۶)	ایسا نہیں جہاں میں کوئی نخلِ آرزو	لایا ہو آج جس میں نہ برگ و بر آسماں
(۳۷)	کرتا ہی شاخِ خشک تمنا کو نخل سبز	در پردہ مثل پردۂ بازی گر آسماں
(۳۸)	شادی کا اس کے نورِ بصر کے ہی اہتمام	کرتا ہی جس کا روز طوافِ در آسماں
(۳۹)	وہ شاہِ نامور کہ بہادر شہ اس کا نام	ہو حکم سے نہ اُس کے کبھی باہر آسماں
(۴۰)	وہ آفتابی اس کی تجمل جس سے آفتاب	وہ چتر اس کا جس سے نہ ہو ہمسر آسماں
(۴۱)	مطلع پڑھوں حضور میں وہ میں جسے کہے	مطلع سے آفتاب کے بھی برتر آسماں
(۴۲)	مطلع	تجھ سا زمیں پہ دیکھے جو فرخ فر آسماں قرباں نہ کیوں زمیں کے ہو پھر پھر کر آسماں

۱۳۶۷۳

(۴۳)	طالع سدا مساعد و عالم سدا مطیع		کوکب ہمیشہ یار ترا یاور آسماں
(۴۴)	نہ آسماں سے رتبہ ترا یوں بلند تر		جس طرح کوہسار سے بالاتر آسماں
(۴۵)	خطبہ کے واسطے ترے نامِ بلند کے		گر مشتری خطیب ہو تو منبر آسماں
(۴۶)	وہ بحرِ بیکراں ہے تری ہمتِ وسیع		ہے بلبلا سا ایک کنارے پر آسماں
(۴۷)	دریائے قہر تیرا جو طوفاں کرے بپا		بہ جائے مثلِ کشتیِ بے لنگر آسماں
(۴۸)	قد پر ترے وہ راست قبائے علوِ جاہ		زیبندہ جس کے واسطے بالابر آسماں
(۴۹)	تیری گہر فشانیٔ دستِ کرم سے ہے		گویا کہ ایک دامنِ پر گوہر آسماں
(۵۰)	چمکائے تیغِ تیز کو اقبال گر ترا		ہو مصقلہ ہلال تو صیقل گر آسماں
(۵۱)	یوں دل میں تیرے جلوۂ ذاتِ محیطِ حق		آجائے جیسے آئینہ کے اندر آسماں
(۵۲)	سرعت میں تیر ارخشِ فلک سیر کیا شہاب		رفعت میں بھی ہے پیلِ جبل پیکر آسماں
(۵۳)	شاہا عجب نہیں ترے شبدیز کے لیے		بنوائے ماہِ نو سے رکابِ زر آسماں
(۵۴)	پہنچا نہ اُس کے کاوے کے انداز کو کبھی		کھاتا رہا زمیں پہ سدا چکّر آسماں
(۵۵)	انجم ہیں کیا شرر ترے نعلِ سمند کے		ہے بلکہ تیرا گردِ رہِ لشکر آسماں
(۵۶)	مانا اگر بلندیِ شان و شکوہ میں	ق	ہاتھی سے تیرے ہو بھی گیا ہمسر آسماں
(۵۷)	پر اُس کے نقشِ پا کے مقابل بنا سکے		چار آفتاب ایک جگہ کیونکر آسماں
(۵۸)	یہ ذوق کی دعا ہے کہ جب تک زمانہ میں		منسوب ہر ستارے سے ہووے ہر آسماں
(۵۹)	بزمِ نشاط و عیش رہے تیرے گھر میں ونہ		لائے ہمیشہ تیری مرادیں بر آسماں
(۶۰)	مارے جگر میں حاسدِ بدخواہ کے ترے تارِ خطوطِ مہر سے نشتر آسماں		

اس قصیدہ کو ذوق نے شاہزادہ سلیم کی شادی کے موقعہ پر لکھ کر اکبر شاہ ثانی کے سامنے پیش کیا تھا۔ اس کا مسودہ مخلوط ہو گیا تھا۔ مرنے سے ایک سال پہلے اُستاد کو اس قصیدہ کا خیال آیا تلاش کی نہ ملا۔ ردیف قافیہ مضامین حافظہ میں محفوظ تھے انھیں کو نگاہ رکھکر قصیدہ تو نہیں لیکن ایک قطعہ لکھ ڈالا اور اُس کو عید الضحیٰ کے دربار میں اپنے ممدوح ابوظفر کے حضور میں نذر گزران دیا۔ ذوق کی وفات کے بعد اصل قصیدہ بھی مل گیا اور اب یہ قصیدہ عید الضحیٰ کے قطعہ کے ساتھ دیوانوں میں موجود ہے۔

(۱)	دل کہ اس دہر میں ہے گرسنۂ نازِ بتاں	زخمِ تیغ اس کو غنیمت ہے کہ دیکھا لبِ ناں
(۲)	ہوں وہ لب تشنہ کہ ہیں دامنِ دریا جھوں	برقِ پرسوز کا ہاتھ آئے جو طرفِ داماں
(۳)	وہ خنک دل ہوں کہ جس کے نفسِ سرد سے آہ	دم میں یخ بستہ ہو سرچشمۂ مہرِ رخشاں
(۴)	میں ہوں وہ شعلۂ جوّالہ بزیرِ گردوں	کہ اگر دل کو قرار آئے تو چکر میں ہو جاں
(۵)	میں وہ مجنونِ جگر تفتہ ہوں جس کے ہم فصد	ہر بنِ مو سے عوض خوں کے نکلتا ہے دھواں
(۶)	چشمِ سوزن سے نہ لو سلسلۂ زنجیر کا تم	دلِ وحشت زدہ ہے لاغری تابِ تواں
(۷)	ہوں وہ افتادہ کہ ہمت کبھی یاور ہو تو ہو	دستگیر آکے عصائے مژۂ مورِ چکاں
(۸)	ہوں وہ تصویر سرِ صفحۂ عالم جس پر	ہو قلم دو تو کرے کارِ سنان و پیکاں
(۹)	دل گرفتہ ہوں وہ میں دہر میں مانندِ انار	ایک گرہ وا ہو تو ہو صد گرہ اندر داماں
(۱۰)	ہوں وہ فرسودۂ غم جس کے پئے چشم سپنش	کرتا سروِ چمنِ دہر ہے کارِ سوہاں
(۱۱)	قطرۂ شبنم کا ہو گل پر تو مری نظروں میں	سنگِ حسرت ہو کہ رکھتا ہوں تہِ بر دنداں
(۱۲)	میں ہوں وہ کشت کہ بیگانہ ہے سبزہ جس سے	اور اگر ہے تو ہے آغشتۂ زہرابِ سناں
(۱۳)	فلکِ سبز کے نیچے ہوں میں تلوار کا کھیت	آبِ شمشیر مجھے دو کہ یہی ہے مری جاں

(۱۴)	ہوں وہ خود رفتہ کہ جوں عمرِ تلف کردہ مجھے	حشر تک ڈھونڈیں تو ممکن نہیں ہاتھ آئے نشاں
(۱۵)	ماہِ نخشب کی طرح ہوتا عیاں ہوں سرِ کوہ	اور ابھی پل میں جو دیکھو تو عیاں ہے نہ نہاں
(۱۶)	ہوں وہ سرگشتہ کہ گر ساقی و ساغر چاہو	حلقۂ دورِ فلاخن ہو بدستِ دہقاں
(۱۷)	اس گلستاں کی روش پر گل بازی ہوں میں	نہ ادھر ہوں نہ اُدھر ہوں نہ وہاں ہوں نہ یہاں
(۱۸)	دل نے لیموسے کیا رنگ طلا کا روشن	ترش روئی سے رخ زرد ہے میرا تاباں
(۱۹)	ہیں وہ گردشِ زدۂ دہر ہوں جس کا پس مرگ	سنگِ تعویذ بھی چکر میں ہو مانندِ فساں
(۲۰)	میں ہوں وہ بسملِ دل خوں شدہ جس کے خوں میں	تیغ قاتل روشِ کشتی دریا ہو رواں
(۲۱)	اشکِ خونیں ہے مرا آتشِ یاقوتِ یمن	گرچہ ہوں آب میں لیکن ہوں ہمیشہ سوزاں
(۲۲)	دل اڑا جاتا ہے جل جل کے جو بن آگ مرا	طائرِ رنگِ حنا بن کے ہوا ہوں پرّاں
(۲۳)	طفلِ معصوم کا ہے خواب مری موت حیات	کہ ابھی لب مرا خنداں ہے ابھی ہے گریاں
(۲۴)	وہ سیہ بخت ہوں میں خاک نے جس کی یکسر	ہے سیہ کر دیا آئینۂ چرخِ گرداں
(۲۵)	ہیں وہ بیمار ہوں مایوسِ شفا جس کے لیے	دمِ عیسیٰ نے کیا کارِ نفوسِ ثعباں
(۲۶)	اُٹھ سکا سر نہ مرا مزرعِ گیتی میں ذرا	دل رہا دانۂ روئیدہ تہِ سنگِ گراں
(۲۷)	شرحِ جاں سوز سے میری ذی قلباں کی طرح	کیا عجب نالے قلم سے جو نکل آئے دھواں
(۲۸)	دلِ مایوس یہ تھا کہہ رہا مجھ سے کہ خرد	یوں لگی کہنے کہ بے فائدہ کیوں آہ و فغاں
(۲۹)	پھر تو کر غور کہ مداح ہے کس شاہ کا تو	دیکھ وہ ابرِ کرم قلزمِ جود و احساں
(۳۰)	وہ شہنشاہ کہ جشن اس کا ہے افلاک کی سیر	ہفتے مہوش ہیں تو کرتے ہیں ستارے افشاں
(۳۱)	ماہ گردوں پہ ہے اور آ کے زمیں پر مہتاب	کثرتِ عیش سے دریا میں ہے شب کو رقصاں
(۳۲)	سن کے یہ مژدۂ جاں بخش ہر اک کو یاں تک	شوقِ نظارہ ہوا عام بہ گلزارِ جہاں
(۳۳)	دیکھتا ہوں کہ سرِ شاخ مژہ کا سرِ چشم	رخِ نظارگیاں پر ہے بنا نرگس داں
(۳۴)	آج عالم کا ہے دل شاد کہ جوں عالمِ نور	جلوہ گر ہے مرا اور رنگ بصد شوکت شاں

(۳۵)	ماہ فرخندہ لقب شاہ محمد اکبر	تاج شاہانِ زماں فخرِ سلاطینِ جہاں
(۳۶)	دیکھا ہی دولت و صولت کا جو اس کے اقبال	دہرِ سرکش کا بھی قد ہو گیا خم مثلِ کماں
(۳۷)	مدح حاضر کے لیے حاضرِ دربار ہو وقت	تو ہی خاقانی ہند اور وہ ہی خاقانِ ماں
(۳۸)	مطلع ثانی	پوچھ لو آج فلک سے کہ ہی خورشید کہاں گر ہی کچھ وزن تو آجائے بسوئے میزاں
(۳۹)	تیرے جلوہ کے تجلی نے جو روشن کیا دل	ہو گیا شمع مرے سینہ میں تارِ رگِ جاں
(۴۰)	آستیں اپنی ہلا دے جو ترا دستِ کرم	ہر شکن سے ہو عیاں تحفۂ بحرِ عماں
(۴۱)	کیوں نہ اربابِ ہمم ہوں تری ہمت کے غلام	حق یہی ہی کہ الانسانُ عبیدُ الاِنسان
(۴۲)	آگے دریا ترے خود کھولے ہی لبِ سوال	کھولے کس منہ سے کہ پنجہ بھی ہی رکھتا مرجاں
(۴۳)	سرخروئی ترے حاسد کو جگر خواری ہی	تیر کے بال سے ہی تیز تر اُس کو رگِ پاں
(۴۴)	کانپتے ہیں ترے ہیبت سے پلنگ اور نہنگ	بحر و بر پر ہی تری تیغ کی برش یکساں
(۴۵)	ہی زرہ رکھتی اسی واسطے ماہی تہِ آب	پہنے جوشن ہی نیستاں میں ہر اک شیرِ ژیاں
(۴۶)	تیغِ ہندی تو کمر میں ہی پر اک جوہر	رکھتا وہ زیرِ نگیں ہی صفحاتِ صفہاں
(۴۷)	کوہ پر بیٹھ کے یوں بیٹھے بہ پشتِ ماہی	جیسے ابروئے بتاں ہو تہِ آئینہ عیاں
(۴۸)	تری خنجر کو ملا شہپرِ قدرت سے ہی زور	مرغِ دل سینوں سے جوں زاغ و زغن ہیں پرّاں
(۴۹)	تیرِ ناوک کو ترے دیکھ کے ہی لوٹ رہا	طائرِ قبلہ نما خاک کرے گا طیراں
(۵۰)	آتشِ قہر کی ہیبت سے تری نارِ سعیر	رکھتی شعلہ سے ہی انگشت بزیرِ دنداں
(۵۱)	گنبدِ چرخ ہوا کلبۂ پر دود اُسے	روح کو سینۂ حاسد میں بجا ہی خفقاں
(۵۲)	تیرا فرماں تھا کہ فرماں برِ دولت کے ہوا	ہووے اک برگ نہ پیدا بہ گلستانِ جہاں
(۵۳)	ہوئے یہ منکرِ اقبال ترے نا پیدا	کہ چمن میں نہیں اُگتا ہی گلِ نا فرماں
(۵۴)	ترے مہتابِ کرم سے جو سرِ قلزم قہر	پردۂ نور میں اُبلا ہی تنورِ طوفاں

(۵۵) عدل نے تیرے دکھائے ہیں بہم آتش و آب
آب آئینہ میں روشن ہی رخِ برق و شاں

(۵۶) دلِ افگار کا ہی سودۂ الماس علاج
سنگ ہی سنگِ جراحت پہ سرِ زخم جہاں

(۵۷) تیری تاثیرِ محبت نے دیا ہی تریاک
ورنہ تھا زہر دلوں کو خطِ سبزِ خوباں

(۵۸) افقِ صبح سے کافور کا لیکر مرہم
رکھتا مہتاب ہی بر سینۂ صد چاکِ کتاں

(۵۹) سرزنش عہد نے کی تیری یہاں تک معلوم
کہ نظر آتا نہیں دشت میں کانٹوں کا نشاں

(۶۰) بے علف ناقۂ لیلیٰ ہی مگر قیس غریب
نہیں دیتا بہ ضیافت سرِ خارِ مژگاں

(۶۱) خسروا تیری توانائیٔ اقبال سے آج
ناتوانوں کو ہوئی دہر میں یہ تاب و تواں

(۶۲) مور کا سلسلۂ نقشِ قدم گر ہو کہیں
لینے حلقہ میں جکڑ لیتا ہی صد پیلِ دماں

(۶۳) آگے جلوہ کے ترے پرتوِ خورشید ہی گرد
آگے رتبہ کے ترے خاک ہی جرمِ کیواں

(۶۴) اس تصور میں جو ہی پیشِ نظر عالمِ نور
اس کو اک مطلعِ موزوں میں ہوں کرتا میں بیاں

(۶۵) مطلع
گر تری ذات نہ ہو کعبۂ اقبالِ جہاں
آسماں ہووے نہ پھر پھر کے زمیں کے قرباں

(۶۶) ہوسِ ناصیہ سائی تری خورشید کو روز
مو کشاں لاتی ہی در پر ترے ہو سرگرداں

(۶۷) مہرگاں ہمتِ عالی کا جو بادل لائے
ایسے نیساں سے وہ آفاق پہ ہو قطرہ فشاں

(۶۸) جن کی شادابی گوہر کو اگر دیکھے تو دور
طرفۃ العین میں ہو کاہ ربا کا یرقاں

(۶۹) آتشِ قہر و غضب تیری عیاذاً باللہ
مشتعل ہووے اگر سوئے گلستانِ جہاں

(۷۰) ہی یقیں صورتِ نخلِ گلِ آتشبازی
نخلِ فوارہ بھی پانی میں بہے شعلہ فشاں

(۷۱) ماجرے خامہ نے شیریں سخنی کا تیری
صورتِ موج میں دریا کے دیا تھا زباں

(۷۲) سخن و اہلِ سخن سب سرِ ساحل تھے کھڑے
دونو لب اس کے حلاوت سے بہم تھے چسپاں

(۷۳) وصفِ شوخی ترے توسن کا ہو کس طرح رقم
کہ قلم صفحۂ کاغذ پہ ہی جوں برق تپاں

(۷۴) باندھوں کس طرح سے مضمونِ سواری میں اسے
تڑپ اٹھتا ہی کرے جنبش اگر طبع رواں

(۷۵) قلم و حرف نہیں پیش نظر ہیں اس دم — سرِ حاسد سے ہے دل کھیلتا گوئے چوگاں

(۷۶) کہوں شائستگی اس بادیہ پیما کی میں کیا — تازیانہ ہے بکار اس کو نہ درکار عناں

(۷۷) نہیں انساں ہے مگر کام ہیں انساں سے فزوں — پر نہیں۔ پر وہ پری سے ہے زیادہ پرّاں

(۷۸) خسروا سرعتِ رفتار ہو گر مدِّ نظر — پہلے ہو قاف سے تا قاف سراسر میداں

(۷۹) جلوہ گر خانۂ زیں پر ہو پھر اس شان سے تو — بر سرِ دوشِ صبا جیسے شمیمِ ریحاں

(۸۰) تازیانہ جو لگا دے تو کفل پر اس کے — اور چمک کر کبھی اڑ جائے وہ بجلی پرّاں

(۸۱) ابھی کوڑے کی صدا کوہ سے پھر کر نہ چلے — وہ کئی بار پھرے اس سے یہاں تا بہ وہاں

(۸۲) کیا دکھاؤں ترے ہاتھی کی بلندی شاہا — آئے کوسوں سے نظر جب تو عیاں را چہ بیاں

(۸۳) جھومتا جھامتا آتا ہے درِ دولت پر — کہتے ہیں ساقی طنّاز سے یوں بادہ کشاں

(۸۴) سمتِ قبلہ پہ ہے ابر آیا سرِ دوشِ ہوا — خُم پہ خُم آج چلے۔ جام نہ آئے بمیاں

(۸۵) اس کی مستک پہ سپر اور وہ نگارِ خرطوم — کریں آنکھوں پہ رقم قوسِ قزح کا عنواں

(۸۶) اور اگر یہ نہیں مضموں تو کسی مہوش کی — زلف پر گل ہے دیا کاکلِ عنبر افشاں

(۸۷) اس کے دنداں پہ نہیں غور سے دیکھا ہے نے — کشورِ زنگ میں آئے ہیں فرنگی بچگاں

(۸۸) کیا لکھوں آگے ترا وصف کہ منہ میں میرے — پاسِ آداب سے جوں شعلہ زباں ہے لرزاں

(۸۹) ختم کرتا ہے ثنا تیری دعا پر اب ذوق — کہ زباں کو بس اب آگے نہیں یارائے بیاں

(۹۰) تجھ کو یہ جشن مبارک ہو بصد جاہ و جلال — عقل ہو پیر تری بخت ہیں تیرے جواں

(۹۱) جو دعا گو ہیں ترے ان کی دعائیں ہوں قبول — صبحِ جشنِ طرب افزا میں ہو دائم خنداں

(۹۲) اور بہ رنگِ شبِ دیجور ترے سب بدخواہ — روسیہ محفلِ عالم میں ہوں جوں ناپیداں

قطعہ تہنیت عید اضحیٰ

(۹۳) خسروا جلوہ ترا وہ طرب افزائے جہاں — کہ جسے دیکھ کے ہو عید بھی قرباں قرباں

(۹۴) حکم دے تو جو شہا واسطے قربانی کے — سعد ذابح بھی کرے ایسا چھری کو برّاں

(۹۵) گاؤ گردوں نہ فقط خوف سے ہر دم کانپے
بلکہ ہو زیرِ زمیں گاؤ زمیں بھی لرزاں

(۹۶) تو جو ہو حامیٔ اسلام تو بت خانہ میں
بت کرے قصدِ نماز اور کبھی ناقوس اذاں

(۹۷) نیرِ جاہ شب و روز ترا جلوہ فروز
مہرِ تاباں کبھی ظاہر ہے کبھی ہے پنہاں

(۹۸) قطرہ افشاں ہو اگر تیرا سحابِ ہمت
لبِ سیپی کے پنجہ میں گہر بحر سے نکلے مرجاں

(۹۹) اور گہر بھی ہوں وہ خوش آب جنھیں دیکھ کے دُر
طرفۃ العین میں ہو کاہ ربا کا یرقاں

(۱۰۰) نطقِ شیریں ترا وہ ہے کہ تمنا میں اس کے
تر زباں موجۂ دریا ہو اگر ایک زماں

(۱۰۱) آبِ دریا میں ہو یہ جوشِ حلاوت پیدا
لبِ دریا بھی بہم ہو کے ہوں یوں چسپاں

(۱۰۲) اس قدر تابعِ فرماں ہے زمانہ تیرا
نہ ہو گلشن میں بھی روئیدہ گلِ نافرماں

(۱۰۳) ہو کے سرسبز بہاراں کرم سے تیرے
شاخ پر گل چمنِ دہر میں ہو شاخِ کماں

(۱۰۴) بلکہ حیرت کی نہیں جا کہ سرِ شاخِ خدنگ
روشِ غنچۂ گل ہووے شگفتہ پیکاں

(۱۰۵) وہ ترا زورِ حمایت ہے کہ جس کے باعث
ناتوانوں کو بھی ہو دہر میں یہ تاب و تواں

(۱۰۶) مل سکیں پھر نہ جگہ سے کبھی گر باندھ رکھیں
ایک تارِ نگہِ مور سے سو پیلِ دماں

(۱۰۷) دیگِ مطبخ پہ ترے یہ فلکِ پیر انجم
کیا عجب صورتِ سرپوش ہو گر قطرہ فشاں

(۱۰۸) پھیل تیرا گلِ سوسن کا بڑا ہی انبار
گلِ مہتاب کے گلدستہ میں اس کے ندماں

(۱۰۹) اُس کی خرطوم کسی دلبرِ لیلیٰ وش کی
جعدِ مشکیں ہے کہ ہے کاکلِ عنبر افشاں

(۱۱۰) لکھوں شوخی جو ترے توسنِ چالاک کی میں
جنبشِ خامہ بھی ہو موجِ رمِ برقِ جہاں

(۱۱۱) وقت کاوے کے دمِ معرکہ اک اُس کا
سرِ حاسد کو رکھے صورتِ گوئے چوگاں

(۱۱۲) دل میں ہے جوشِ مضامیں تو نہایت لیکن
دل حوادث سے زمانہ کے ہے بیتاب و تواں

(۱۱۳) ذوق کرتا ہے تمنا ختمِ دعا پر تیری
کیا لکھے وہ ترے اوصاف قاصر ہے زباں

(۱۱۴) عیدِ اضحیٰ تجھے ہر سال مبارک ہووے
تجھ پہ ہو سایۂ حق اور ترے سایہ میں جہاں

قصیدہ نمبر ۲۱

اکبر شاہ ثانی کی مدح میں

(۱) مدح کر اُس شاہِ دریا دل کی ای دل جس کا فیض — لعل و گوہر ہی بہاتا وقتِ گفتن آب میں

(۲) شاہ اکبر خسروِ غازی کہ آبِ تیغ سے — رکھے حاسد کو ہمیشہ تا بہ گردن آب میں

(۳) پڑھ کے بسم اللہِ مجریہا و مرسیہا وِلا — جوں شنا ور پھر ہوا ہیں دست و پا زن آب میں

(۴) مطلعِ روشن لکھا جس سے کہ بحرِ نظم میں — صورتِ اختر دُرِ معنی ہیں روشن آب میں

(۵) ڈالے جوں روح القدس تو جبکہ توسن آب میں — نورِ حق ہو اہلِ برہاں پر مبرہن آب میں

(۶) ای شہِ الیاس نسبت ای شہِ خضر احترام — خشک و تر کو ہی سہارا تیرا دامن آب میں

(۷) نامِ حق لیکر جو مارے تیغ راہِ حق میں تو — غرق جوں فرعونیاں ہو فوجِ دشمن آب میں

(۸) تو شہِ دریا نوال اور دل ترا گنجِ کرم — ہی سخاوت سے تری دستِ قلزم آب میں

(۹) تیرا نیسانِ عطا جس دم گہرباری کرے — گوہرِ تر سے بھریں ہو جوں سکے دامن آب میں

(۱۰) حکم تیرا جستجو چاہے تو گم ہونے نہ پائے — مثلِ ابراہیم ادہم ایک سوزن آب میں

(۱۱) تیرے حکمِ شرع سے جب کفر دریا برد ہو — غرق ہووے تا بہ انشائے برہمن آب میں

(۱۲) ہو ترے سینہ میں جب بحرِ معانی موج زن — قطرہ سے روشن ہو صد معنیِ روشن آب میں

(۱۳) ہو ترا فیضِ سخن گر سے معنیِ نطقِ فصیح — بلبلے مانندِ بلبل ہوں نوا زن آب میں

(۱۴) تیرے آگے گر کریں اعدا سرِ عصیاں بلند — مثلِ قومِ نوح ہووے سب کا مدفن آب میں

(۱۵) تو صفا را ہو جو دریا میں تو ایک اک کم آب — ہو عدو کے قتل کو سو سو تہمتن آب میں

(۱۶) روئے دریا پر بناتے ہیں بہم موج و حباب — بہر سربازانِ لشکر خود و جوشن آب میں

(۱۷) نور و ظلمت ہمدگر دشمن ہیں پر حیراں ہیں یاں — تیرے خنجر میں ہے کیوں آتش بہ آہن آب میں

(۱۸) باد پا تیرا ہے یوں آتش قدم بر پشتِ خاک — ق — ہووے جوں برقِ درخشاں سا بہ افگن آب میں

(۱۹) عکس ابھی دریا میں ہی پورن سے اُڑ جاتا ہی یوں — روح گویا اُڑ گئی اور رہ گیا تن آب میں

(۲۰) تیرِ فیل کوہ پیکر بس کہ دریا سیر ہی — ڈالے وہ کوہِ رواں جب پانو دامن آب میں

(۲۱) مثل ابر آئے ولیکن سرعتِ رفتار سے — اوپر او پر جائے مثلِ ابرِ بہمن آب میں

(۲۲) نسرِ طائر نسرِ واقع چرخ پر تا ہوں شہا — اور زمیں پر ہو ئے تا ماہی کا مسکن آب میں

(۲۳) ہو ہو ائے شوق میں سر پر ہما اقبال کا — ماہیِ دولت کا ہو تیرے نشیمن آب میں

قصیدہ نمبر ۲۲

در مدح اکبر شاہ ثانی

(۱) خضرِ نصیب کی گر دنیا میں رہبری ہو — اور شاہ راہ دل پر چشم ہنر وری ہو

(۲) منظور ہر نظر میں تب شکلِ آئینہ ہوں — روشن قلم سے میرے تاجِ سکندری ہو

(۳) تارہ کی طرح چمکے ذرہ مرے سخن کا — اور نام میرا روشن جوں مہر و مشتری ہو

(۴) میں رستمِ معانی اور سیستان سخن ہی — دیتا جو زورِ قسمت دل کو تناوری ہو

(۵) برگشتہ بخت اپنا گر آئے راستی پر — گردوں بھی سرنگوں پھر دیکھ اپنی سروری ہو

(۶) یہ کہہ رہا تھا میں جو یکبار عقل بولی — وہ بات کہہ کہ جس میں تیری بھی دلبری ہو

(۷) تجھ کو خبر نہیں کیا ہی دورِ شاہِ اکبر — رفعت سے پست جس کی شانِ سکندری ہو

(۸) ہی فکر کیا جب ایسا فیاض ہو جہاں میں — اور دل کا اس کے مقصد خود بندہ پروری ہو

(۹) مثلِ سحاب جا کر باندھے ہوا فلک پر — جس پر کہ اُس کی چشمِ الطاف سرسری ہو

(۱۰) دربار میں تو اُس کے ہو بہرہ یاب جا کر — بہروزی ہو وے تیری اور تیری بہتری ہو

(۱۱) لیکن رہِ رسائی اُس وقت ہو گی روشن — جب خضرِ راہ تیری طبعِ سخنوری ہو

(۱۲)	تو بھی تو سوچ دل میں تیرے دُرِ سخن کا	اُس کے سوا جہاں میں کون آج جوہری ہو
(۱۳)	اُس کی نظر چڑھیں گر یہ تابدار گوہر	پھر نام تیرا روشن مانند انوری ہو
(۱۴)	تب بحرِ فکر میں دل غوّاص ہو کے اُترا	معلوم تا کہ سب کو زورِ شناوری ہو
(۱۵)	مطلع یہ ہاتھ آیا شہوار بن کے موتی	شرمندہ جس کے آگے صد کانِ جوہری ہو
(۱۶)	مطلع	شاہا نظر کرم کی جس ذرّہ پر دری ہو وہ آسماں پہ جا کر خورشیدِ خاوری ہو
(۱۷)	دیکھی ہو چینِ ابرو آئینہ جبیں میں	کیونکر نہ تن میں اُس کے ہیبت سے تھرتھری ہو
(۱۸)	کیا تاب ہو فلک کی جنبش کرے جگہ سے	گر بہرِ پائے بندی ایماءِ سرسری ہو
(۱۹)	یہ آستانِ دولت ہو سجدہ گاہ عالم	دل کو تری عقیدت اور رنگِ سروری ہو
(۲۰)	دارا کو تیرے در تک ہو کس طرح رسائی	درباں جو تیرے در کا۔ کرتا سکندری ہو
(۲۱)	سورج مکھی کا تیرے اک پھول مہرِ انور	قربانِ چترِ دولت۔ نہ چرخ چنبری ہو
(۲۲)	باغِ جہاں میں نرگس لے کیوں نہ جامِ زریں	جب ہر گدا کو دیتا اک ساغرِ زری ہو
(۲۳)	دکھلائے آبداری جب تیغِ شعلہ دم کی	شیروں کے دل میں ٹھنڈا خونِ دلاوری ہو
(۲۴)	کشتِ امل کو سرسبز آبِ گہر سے کر دے	ابرِ کرم کی تیرے جب فیض گستری ہو
(۲۵)	بیشہ میں معدلت کے۔ وہ شیر ہو تو شاہا	نوشیرواں کو جس سے ہرگز نہ ہمسری ہو
(۲۶)	شیوہ مہوّسوں کا۔ مہرِ کرم میں تیرے	تیری گداگری ہو۔ کیوں کیمیاگری ہو
(۲۷)	گر آفتاب تیرا۔ ڈالے کرن کو اپنی	تاجِ گدا کا جلوہ۔ جوں تاجِ قیصری ہو
(۲۸)	تیری ثنا میں شاہا لکھتا ہوں اب وہ مطلع	جس کی چمک سے کاغذ جوں کاغذِ زری ہو
(۲۹)	مطلع	پابوسِ نقشِ پا سے تیرے جو کنکری ہو جا کر فلک پہ اُس کو تاروں سے برتری ہو
(۳۰)	ابرِ کرم سے تیرے۔ کیا دور ہو کہ شاہا	کشتِ فلک میں پیدا۔ سرسبزی و تری ہو

(۳۱)	سورج کی جو کرن ہے گردوں سے لے زمیں تک	مانندِ عشق پیچاں پھر سر بسر ہری ہو
(۳۲)	تیغ کو فلک پہ جس تیغ سے ہوا ہیبت	دشمن کو بھاگ کر پھر کیا اس سے جاں بری ہو
(۳۳)	نشتر سے تیرے ہوئے ہیبت کا چاک سینہ	دل پر دلاوری کے وہ تیغِ حیدری ہو
(۳۴)	تیرے سوا جہاں میں کون آج ہے توانا	جو دل کے ناتواں کو دیتا تونگری ہو
(۳۵)	جاروب کش ہے تیرے مشکوئے خسروی کا	زیبا ہے ماہ کو گر فرمانِ مہتری ہو
(۳۶)	خورشید نذر لائے جب افسر شعاع سے	منشورِ افسری پر توقیعِ خاوری ہو
(۳۷)	ابروئے تاج بخشی جس دم کرے اشارہ	کشتی میں لے کے حاضر وہ افسرِ زری ہو
(۳۸)	لائیں پئے سواری توسن کو جب سجا کر	صورت میں ہووے پتلی پرواز میں پری ہو
(۳۹)	چلتا ہوا ہے افسوں اُڑتا ہوا چھلاوہ	پھر اس سے آگے بڑھ کر کیا سحر سامری ہو
(۴۰)	کیا برشِ قلم وہ ان دکھلائے شہسواری	جب توسنِ تصور کہتا سکندری ہو
(۴۱)	خاکِ قدم ہو اس کی اہلِ نظر کو سونا	جو نقشِ سم ہے اس کا وہ مہرِ اکبری ہو
(۴۲)	تو اس پہ بر سرِ زیں جوں رحل پر ادب سے	اُم الکتاب لے کر جبریل نے دھری ہو
(۴۳)	کس وصف کی ہو سیڑھی ہاتھی پہ تیرے موزوں	کرتا نہ فیلِ گردوں جس کی برابری ہو
(۴۴)	اس طرح جلوہ گر ہے تو بر سرِ عماری	برجِ حمل میں جیسے خورشیدِ خاوری ہو
(۴۵)	چار آئینہ بدن پر دشمن کے گر سجا ہو	اور سر پہ اس کے ٹوپی فولاد کی دھری ہو
(۴۶)	پر جیسے آئینے سے تیرِ نگاہ گذرے	یوں غرق اس میں تیری ہر تیر کی سری ہو
(۴۷)	کیا سعد و نحس کا یاں ہووے حساب باقی	جب چھائی آسماں پر فرخندہ اختری ہو
(۴۸)	ختمِ ثنا ہے کرتا اب ذوق اس دعا پر	تو مدعا پہ اس کی گر ملتفت ذری ہو
(۴۹)	جو ہو ترا دعا گو گل رنگ ہو وہ کھل کر	بدخواہ اگر ہو خنداں صد برگ جعفری ہو

(۵۰)

ہو سیر بخت تیری گر اوجِ میمنت پر
رفتارِ بختِ اعدا بر رجعِ قہقری ہو

قصیدہ نمبر ۲۳

تقریبِ تہنیت سالگرہ اکبر شاہ ثانی

(۱) گردش میں چشم مست کی ہو دل مرا گرہ
اور کھولے ہائے دانہ کی یوں آسیا گرہ

(۲) سینہ میں دل اگر نہ گرہ تھا تو کس لیے
ہر اشک میری آنکھ سے ہو کر گرا گرہ

(۳) اپنا دل گرفتہ چمن میں نہ وا ہوا
غنچہ ہزار جا پہ کھلا اور ہوا گرہ

(۴) چلتا نہیں ہے پنجۂ مژگاں کا کچھ عمل
ہے ایسی چشم تر سے بہم آشنا گرہ

(۵) قمری ہے لائی چاک گریباں چمن میں آہ
اے سرو گل سے دے سر بند قبا گرہ

(۶) ہوں وہ گرفتہ دل کہ مژہ پر ہجوم اشک
ہوتا ہے شکل خوشۂ انگور آ گرہ

(۷) ہیں مجمرِ فنا میں ہوں کیا دانۂ سپند؟
کھولے ہے کار بستہ کی میری صدا گرہ

(۸) تصویر غنچہ ہوں چمن روزگار میں
وا کر سکے گی میری بھلا کیا صبا گرہ

(۹) مرقد پہ میرے طرۂ شمشاد کی طرح
چھوٹے گی نخل شمع میں بھی جا بجا گرہ

(۱۰) آیا ہوں میں سرشت میں لیکر گرفتگی
ہوویں گے استخواں پہ گلو سے ہما گرہ

(۱۱) رہوے گا شکل دستِ حنا بستہ حشر تک
قاتل کے دست و دل میں مرا خوں بہا گرہ

(۱۲) گر میں گرفتہ دل ہوں۔ تو جوں دانۂ انار
محفل میں ہوگا خندۂ دنداں نما گرہ

(۱۳) میں عکس اپنا دوں تو ہو جوہر سے آئینہ
جوں دام موج و شکل خط بوریا گرہ

(۱۴) عکسِ دلِ فسردہ سے مینائے بزم کی
رہ جائے شکل دانۂ انگور کھا گرہ

(۱۵) یہ زہر غم چڑھا ہے کہ سبزہ بزیر لب
سوجھے ہے یوں کہ زہر کی تھا یہ بلا گرہ

(۱۶) ہیں دل گرفتہ آہ اگر کارواں ہیں ہیچ
حیرت سے اٹھ کے ہو زبانِ درا گرہ

(۱۷) رویا ہیں شکلِ شیشہ کبھی کھول کر نہ دل — میرے گلو میں گریہ ہمیشہ رہا گرہ

(۱۸) دل بستگی کا اپنے قلمبند کرکے حال — بازو پہ مُرغِ دل کے اگر دوں لگا گرہ

(۱۹) کھائیں کبوترانِ گرہ باز کی طرح — سینہ سے آن کر سرِ دوش ہوا گرہ

(۲۰) وہ دل گرفتہ ہوں کہ اگر نکلے پاس سے — جوں غنچہ ہو رہوں بہ جبینِ صبا گرہ

(۲۱) پھیلاؤں گر شمیمِ مضامیں کو ہند میں — ہووے ختن میں نافۂ مشکِ خطا گرہ

(۲۲) رجعت سے نجم بار کی مری ماہیِ سپہر — خرچنگ بن کے بیٹھ رہے ایک جا گرہ

(۲۳) پیدا ہوں سو گرہ اگر اک دل سے کھولیے — جوں کو کنار لالہ و تخمِ حنا گرہ

(۲۴) گہنا تا ماہرو کا ہی کہتا کہ دیکھیو! — قینچی کی طرح کترے ہی چرخِ دوتا گرہ

(۲۵) آہیں تو کھینچیں سینۂ صد چاک سے بہت — ق — کھلنی تھی میرے دل کی مگر کیا بھلا گرہ

(۲۶) سوزن کا رشتہ بن کے کچا جنتری ہیں آہ — ہی زیرپائے رشتہ بپا دوسرا گرہ

(۲۷) قطروں سے خونِ دل کے ہوں سو سو گرہ عیاں — اک آبلہ سے دل کے جو کھولوں ذرا گرہ

(۲۸) یہ عقدہ مثلِ ابروئے خوبانِ کینہ جو — ہی ڈالتا بہ ناخنِ عقدہ کشا گرہ

(۲۹) رمّال قرعہ ڈالے جو اس عقدہ پر تو ہو — انگلی سے پوری پوری ہیں اُس کی جدا گرہ

(۳۰) ہر قطرۂ سرشک مرے روئے زرد پر — خاطر گرفتگی سے ہی جوں کہربا گرہ

(۳۱) یارب وہ شانہ پاؤں کہاں میں جو دل سے آہ — دے کھول مشکل عقدۂ زلفِ دوتا گرہ

(۳۲) وابستہ تار مجھ سے میاں سے ہوں شکل ناف — چشمِ کشادہ کار رکھے مجھ سے کیا گرہ

(۳۳) نقطہ کی طرح مرکزِ گردش رہا صدا — میں تھا مگر بہ دائرۂ دیرپا گرہ

(۳۴) دل تھا گرہ خیال میں جو آکے عقل نے — یوں کھول دی بہ ناخنِ فکرِ رسا گرہ

(۳۵) اُس آفتاب پر تو نظر کر کہ جوں نگرک — پل بھر میں اک زمانہ کی ہی کھولتا گرہ

(۳۶) وہ کون یعنی اکبرِ ثانی کہ جس نے وا — تیرے بھی کام دل سے ہی کی بارہا گرہ

(۳۷) گل کی گرہ بہار کرے گر صبا سے وا — وہ کھولدے دلوں کی بہ فضلِ خدا گرہ

(۳۸)	لایا ہوں بہرِ نذر میں دُرِّ آب دار	ہو جس کو دیکھ آبِ دُرِ بے بہا گرہ
(۳۹)	جوں برق لکھ کے مطلعِ برجستہ خامے نے	مطلع سے آفتاب کے دی ہے لگا گرہ
(۴۰)	مطلع	مہ طلعتوں میں حسن سے کی تو نے وا گرہ کیوں میرے دل میں خالِ سویدا رہا گرہ
(۴۱)	کھل جائے نامِ پاک سے اک آن میں ابھی	گر ہووے کوہ مروہ و کوہِ صفا گرہ
(۴۲)	ہیبت سے تیرے نطق کے تبخالہ بن کے ہے	دعوی کے لب پہ آ سخنِ مدعا گرہ
(۴۳)	چاہے جو اس کو آبِ فصاحت کے لیے واں	لکنت وہیں زبان پہ دیوے لگا گرہ
(۴۴)	تیرے سحابِ جود سے گلشن میں صبحدم	لے مشتِ زر ہے غنچۂ گل باندھتا گرہ
(۴۵)	گر دل خنک کی جان فروبستہ کچھ کے ہو	ما بینِ کوہِ قاف میانِ ستا گرہ
(۴۶)	تو ناخنِ نگاہ سے مانندِ آفتاب	دے کھول دم میں دیکھ کے یہ ماجرا گرہ
(۴۷)	کھولے ہیں کارِ بستۂ عالم سے دانہ وار	تیرے ہوائے لطف و سحابِ عطا گرہ
(۴۸)	دستِ گرہ کشا نے ہے باقی کہاں رکھی	جز تکمہ ہائے پیرہنِ اغنیا گرہ
(۴۹)	البتہ دل میں غنچۂ پیکاں کے ہے ترے	جانب سے حاسدوں کے صباح و مسا گرہ
(۵۰)	یا جو تری کمانِ نگاریں میں ہے نمود	وہ ابروئے نگار پہ ہے خوشنما گرہ
(۵۱)	اک دم میں تیرے ناخنِ شمشیر سے ہوں وا	ہیں سر جو حاسدوں کے بروزِ وغا گرہ
(۵۲)	تیرے فروغِ نیرِ حشمت سے کیا عجب	گر مہر ہو سمٹ کے بہ شکلِ سہا گرہ
(۵۳)	اللہ رے تیری قوتِ بازو کہ مثلِ گوئے	چوگاں کے آگے کوہ کو ہے جانتا گرہ
(۵۴)	تو چاہے گر تو دامنِ ساحل میں بحر کو	دو نو طرف سے کھینچ کے دیوے لگا گرہ
(۵۵)	پنجے سے تیرے مہر کے گردوں پہ ہر سحر	کھل جاتی ہے ستاروں کی لا انتہا گرہ
(۵۶)	منقارِ ماکیاں کی طرح ناخنِ ہلال	ہے بیضۂ فلک کی سدا کھولتا گرہ
(۵۷)	لائے جو شعلہ حرفِ شرارت زبان پہ	تاثیرِ عدل سے ہو تری لب پہ آ گرہ

(۵۸) اللہ رے بیم عدل کہ خونِ زمانہ میں / دشنہ بھی دیکھے کر کے جبیں پر اپا گرہ

(۵۹) زلفوں کے دام جیسے حسینانِ نازنیں / ق / ہیں ڈالتے دیکھے بسوئے قفا گرہ

(۶۰) مارِ سیہ کے سر میں اسی طرح زہر مار / ہووے گا مثل مہرۂ مار ایک جا گرہ

(۶۱) انجم سے تیری سالگرہ کے لیے فلک / ہر سال کہکشاں میں ہے دیتا لگا گرہ

(۶۲) توسن ترا زمیں پہ جو کاوے کا ڈالے نقش / سمجھیں کہ بیٹھا مار کے ہے اژدہا گرہ

(۶۳) جولاں پہ اپنے آئے تو جوں جنبشِ صبا / غنچوں کی کھولے باغ میں وہ بادپا گرہ

(۶۴) دامانِ ابرِ تر پہ وہ پاتا ہے برق نام / اُس کا شرارِ نعل جو دے ہے اُڑا گرہ

(۶۵) گرد اُس کی گردِ سُم سے بمیدانِ کارزار / ہو گرد باد دامنِ صحرا میں کھا گرہ

(۶۶) لائے اُڑا کے تو اُسے از شرق تا بغرب / کھلنے نپائے یہاں بہ جبینِ ہوا گرہ

(۶۷) رفعت پہ تیرے فیل کی طبعِ رسا نے رات / پھینکا کمندِ وہم کو جو کر کے وا گرہ

(۶۸) آیا نظر کہ صفحۂ چشمِ زمانہ میں / اک نقطۂ مشکِ ناب کا ہے ہو رہا گرہ

(۶۹) ہے بسکہ رکھتا عقدہ کشائی کا دل میں شوق / دیکھا جو ذی شعر میں کہ ہیں جا بجا گرہ

(۷۰) کرتا ہے آشنا اُسے دنداں سے وہ فقط / اس واسطے کہ اُس کی بھی ہے دل کی وا گرہ

(۷۱) سلکِ دُرِ سخن میں دلا صبح تا بہ شام / جوں سبحہ دے گا بیٹھا ہوا تا کجا گرہ

(۷۲) وا کر لبِ سوال بدرگاہ ذوالجلال / تا رہ نجائے سینہ میں دل کی دعا گرہ

(۷۳) غلطاں بزیرِ گنبدِ گردوں ہوا کرے / بن بن کے تا زمانہ کی صبح و مسا گرہ

(۷۴) تا چرخ وا ژگوں پہ سرِ شاخِ کہکشاں / ہو خوشۂ وار عقدِ ثریا سدا گرہ

(۷۵) میدان ہو تا سپہر کا اور گوے ماہ و مہر / اور دور مہ سے ہو ذنب و راس تا گرہ

(۷۶) تا دل گرفتگی سے زمانہ کی بزم میں / ہر دم گلوئے شیشہ میں ہو قہقہہ گرہ

(۷۷) جب نبات کو پئے دردِ مریضِ عشق / تا دیں بخالِ لبِ بُتِ شیریں ادا گرہ

(۷۸) جب تک شمیم کا کلِ پیچاں کے رشتے سے / نافہ میں ہو وے مشکِ ختن بے خطا گرہ

(۷۹)	ہر سال تجھ کو جشنِ مبارک ہو خسروا	اور مشکلاتِ خلق کی ہوں اُس سے واگرہ	
(۸۰)	پر تیرے مدعی کی نہ وا ہووے جوں حباب ہر گز محیط دہر میں غیر از فنا گرہ		

قصیدہ نمبر ۲۴

درمدح زبدۃ العارفین قدوۃ السالکین حضرت سید عاشق نہال چشتی رحمۃ اللہ علیہ

یہ قصیدہ حضرت آزاد کے مرتبہ دیوان ذوق سے پہلے مختصر دیوان مروجہ میں شامل نہ تھا ۱۲۴۵ھ میں جبکہ اکبر شاہ ثانی کا عہد تھا ایک دکنی بزرگ شیخ نہال چشتی کی شان میں جن کی ولایت کا شہرہ دکن سے دلی تک پہونچا تھا تصنیف ہوا استاد ذوق نے ان شیخ کے حالات سائیں نثار علی شاہ کے زبانی جو ان دنوں دہلی آئے ہوئے تھے سُنے تھے اور ان حالات سے کچھ ایسے متاثر ہوئے کہ ان جذبات عقیدت کو نظم کی صورت میں ظاہر کیے ہی بن پڑا۔ اُستاد کے مسودات میں یہ قصیدہ موجود نہیں تھا اُستاد کے زبانی سُنے ہوئے اس کے چند اشعار حضرت آزاد کے کان میں پڑے ہوئے تھے اور وہ اس کی تلاش میں تھے بالآخر استاد کی وفات کے کچھ دنوں بعد دہلی کی ایک برگزیدہ خاتون سے جن کے یہاں سائیں نثار علی شاہ فروکش ہوئے تھے خود اُستاد کے ہاتھ کا لکھا ہوا قصیدہ ان کو مل گیا اور انھوں نے اپنے مرتبہ دیوان میں اس کو جگہ دی۔

(۱)	ہے ابر درفشاں وہ چمن میں کمال کے		عاشق نہال کیوں نہ ہوں عاشق نہال کے
(۲)	ہیں دیدہ ور ستاروں میں خورشید و ماہ گر		روشن ہیں دو نو نور سے اس کے جمال کے

(۳) اُس کی نگہ سے گر جگرِ سنگ پائے رنگ
پھر جائیں پل میں لعل سے وامن جبال کے

(۴) ہی بحر اُس کے سامنے کشتی بکف صدا
پھرتا صدف ہی کھولے ہوئے لب سوال کے

(۵) ہیں اُس کے در کے خاک نشینوں کے دل غنی
خواہاں وہ ملک کے ہیں نہ جویاں ہیں مال کے

(۶) دنیائے خاکساری اُسے دی ہی نذر میں
مٹی خمیر کی ہی گھر میں کلال کے

(۷) ہو اُس کا حکم عام جو بر منع انقطاع
رہ جائے ارہ چوب پہ دنداں نکال کے

(۸) دل جس کا اُس کے زورِ حمایت سے ہی قوی
وہ پیر زال سمجھے ہیں رستم کے زال کے

(۹) ہیبت جو اُس کی وادیٔ حق میں کرے ظہور
جا بیٹھے چھپ کے شیر بھی گھر میں غزال کے

(۱۰) اُس کی شمیم خلق معطر کرے جو گل
لے لیکے سونگھیں اہلِ چمن پھول ڈھال کے

(۱۱) خوشبو سے اُس کی فیض کے ہوتا ہی مشکبو
ہی وہ جو خون جام میں نافِ غزال کے

(۱۲) کیا تاب رات دن میں تغیر ہو بال بھر
وہ لائے گر زمانہ میں دن اعتدال کے

(۱۳) ہو شکر ثنا سے اگر اس کی کامیاب
لب بند ہو ویں طوطیٔ شیریں مقال کے

(۱۴) طائر بھی اُس کے ذکر سے ہیں زمزمہ خواں ہوئے
نکلے ہی پیر پیر صدا منہ سے لال کے

(۱۵) آب گہر میں ہووے رواں کشتی گدا
دستِ کرم سے اُس شہِ دریا نوال کے

(۱۶) جی چاہتا ہی ہو کے مخاطب بیاں کروں
اوصاف ایسے شاہِ کرامت خصال کے

(۱۷) ای سیدِ جلال کے خورشید پر جلال
قربان جائیے ترے جاہ و جلال کے

(۱۸) تو شمع بزمِ خاص کہ پیدا کیا تجھے
صانع نے اپنے نور کے سانچے میں ڈھال کے

(۱۹) گردوں بھی پست ہو کے ہوا خوب منفعل
رتبہ کو دیکھا جب ترے اوجِ کمال کے

(۲۰) انجم جنھیں ہیں کہتے منجم جہان کے
قطرے جبیں پہ ہیں عرقِ انفعال کے

(۲۱) ای شاطرِ زمانہ تصدق ہو پیلِ چرخ
شطرنجِ عشق میں ترے گھوڑے کی چال کے

(۲۲) دیکھا جو تیرے فیض کو جاری تو رہ گیا
دریا بھی منہ بھنور کے گریباں میں ڈال کے

(۲۳) جس دل پہ تو نگاہ کرے اُس کے سامنے
جامِ جہاں نما ہی برابر سفال کے

(۲۴)	ہے گرچہ تو جنوب میں لیکن ترا جمال	ق	روشن ہوا کمال سے قطبِ شمال کے
(۲۵)	سنتے ہیں جاں نثار وں سے جب تیرا ذکرِ خیر		گویا اذاں کو سنتے ہیں منہ سے بلال کے
(۲۶)	سر تا قدم ہیں شوق ترے طالبِ جمال		مشتاق روزہ دار کھڑے ہیں ہلال کے
(۲۷)	ساعت بقدرِ روز ہے اور روز ہفتہ وار		ہر ہفتہ ماہ و ماہ برابر ہے سال کے
(۲۸)	بیتاب اس طرح ہیں ترے اشتیاق مند		جیسے طیورِ تازہ گرفتارِ جال کے
(۲۹)	مرغِ نظر کے ساتھ اڑا چاہتا ہے دل		مژگاں سے دونو بازوؤں پہ پرکال کے
(۳۰)	جاتا ہے دوڑ دوڑ کے ہر دم تری طرف		دھو دھو کے پاؤں پیچھے پیکِ خیال کے
(۳۱)	شاہا یہ تیرا ذوق ہے امیدوارِ لطف		ہو حال پر نگاہ اس آشفتہ حال کے
(۳۲)	تا جلد اس کا کوکبِ طالع پئے عروج		آ جائے سمتِ اوج پہ گھر سے وبال کے
(۳۳)	کر دے بہارِ نام سے اپنے اسے نہال		جھونکوں میں آ گیا ہے سمومِ ملال کے
(۳۴)	دنیا میں زندگی کرے آرام سے بسر		ایمان اس کے ہاتھ ہو وقتِ انتقال کے

(۳۵) نکلے بہ صبحِ حشر تو رنگ اس کا جوں شفق
ہو سرخ دوستی سے محمدؐ کی آل کے

قصیدہ نمبر ۲۵

در مدح ابو ظفر بہادر شاہ مرحوم

(۱)	ساون میں دیا پھر مہِ شوال دکھائی	برسات میں عید آئی قدح کش کی بن آئی
(۲)	کرتا ہے ہلال ابروئے پر خم سے اشارہ	ساقی کو کہ بھر بادہ سے کشتیِ طلائی
(۳)	ہے عکس فگن جامِ بلوریں سے مئے سرخ	کس رنگ سے ہوں ہاتھ نہ مے کش کے حنائی
(۴)	کوندے ہے جو بجلی تو یہ سوجھے ہے نشہ میں	ساقی نے ہے آتش سے مئے تیز اڑائی

(۵) پہ جوش ہی باراں کا کہ افلاک کے نیچے ‏— ہو وے نہ ممیز کرۂ ناری و مائی

(۶) پہنچا کمک لشکر باراں سے ہی یہ زور ‏— ہر نالہ کی ہی دشت میں دریا پہ چڑھائی

(۷) ہو قلزم عماں پہ لب جو متبسم ‏— تا لاب سمندر کو کرے چشم نمائی

(۸) ہی کثرت باراں سے ہوئی عام یہ سردی ‏— کافور کی تاثیر گئی جو زمیں پائی

(۹) سردی حنا پہنچے ہی عاشق کے جگر تک ‏— معشوق کا گر ہاتھ میں ہو دست حنائی

(۱۰) عالم یہ ہوا کا ہی کہ تاثیر ہوا سے ‏— گردوں پہ ہی خورشید کا بھی دیدہ ہوائی

(۱۱) کیا صرف ہوا ہی طرب و عیش سے عالم ‏— ہی مدرسے میں بھی سبق صرف ہوائی

(۱۲) خالی نہیں مے سے روش دانۂ انگور ‏— زاہد کا بھی ہر دانۂ تسبیح ریائی

(۱۳) جو آئینۂ دل ہی وہ عاشق کی بغل میں ‏— گویا کہ ہی مینا ے مئے کاہ ربائی

(۱۴) کرتی ہی صبا آکے کبھی مشک فشانی ‏— کرتی ہی نسیم آکے کبھی لخلخہ سائی

(۱۵) تھا سوزنی خار کا صحرا میں جہاں فرش ‏— سبزہ نے وہاں مخمل خوش رنگ بچھائی

(۱۶) آرائش گلشن کے لیے جامۂ رنگیں ‏— زیبائش غنچے کے لیے تنگ قبائی

(۱۷) ہی نرگس شہلا نے دیا آنکھ میں کاجل ‏— برگ گل سوسن نے دھڑی لب پہ جمائی

(۱۸) ابرو پہ کرے قوس قزح وسمہ تو خورشید ‏— سرخی شفق سے کرے ریش اپنی حنائی

(۱۹) رخسارۂ گلچیں کا ہی سرخی سے یہ عالم ‏— جوں وقت غضب چہرۂ ترکان خطائی

(۲۰) کیا ساغر رنگیں کو کیا جلد مہیا ‏— نرگس نے تو سرسوں ہی ہتھیلی پہ جمائی

(۲۱) ہوتی متحمل نہیں اک ساغر گل کی ‏— شاخ گل احمر کی نزاکت سے کلائی

(۲۲) اعجاز نوا سنجی مطرب سے چمن میں ‏— ہر خار کی ہی نوک زباں شعر نوائی

(۲۳) حیرت کی نہیں جائے کہ دیوار چمن پر ‏— ہر طائر تصویر کرے نغمہ سرائی

(۲۴) شاہا ترے جلوہ سے ہی یہ عید کو رونق ‏— عالم نے تجھے دیکھ کے ہی عید منائی

(۲۵) کہتے ہیں مہ نو جسے ابرو نے وہ تیری ‏— کی آئینۂ چرخ میں ہی عکس نمائی

(۲۶)	پرتو سے ترے جام مئے عیش سرِ بزم	لے ساغرِ جمشید کرے کار روائی
(۲۷)	ٹپکے لبِ ساغر سے وہ قطرہ کروی شکل	ہو مثلِ فلک جس میں تماشائی خدائی
(۲۸)	کیا علم سمائے ترا سینہ میں فلک کے	دریا کی کہاں ہو سکے کاسہ میں سمائی
(۲۹)	پڑھتا ہوں ترے سامنے وہ مطلع نوں	احسنت کہیں سن کے ہمائی و سنائی
(۳۰)	مطلع	یوں کرسی زر پر ہے تری جلوہ نمائی جس طرح کہ مصحف ہو سرِ رحلِ طلائی
(۳۱)	رکھتا ہے تو وہ دستِ سخا سامنے جس کے	ہے بحر بھی کشتی بکف از بہرِ گدائی
(۳۲)	گمرہ کو ہدایت جو تری راہ چلا دے	رہزن بھی اگر ہو تو کرے راہنمائی
(۳۳)	تا ناخنِ شمشیر نہ ہو ناخنِ تدبیر	دشمن کی تری ہو نہ کبھی عقدہ کشائی
(۳۴)	خورشید سے افزوں ہو نشاں سجدہ کا روشن	گر چرخ کرے در کی ترے ناصیہ سائی
(۳۵)	عکسِ رُخِ روشن سے ترے جوں یدِ بیضا	کرتا ہے کفِ آئینہ اعجاز نمائی
(۳۶)	کرتا ہے تری نذر سدا نقدِ سعادت	ہے مشتریِ چرخ کی کیا نیک کمائی
(۳۷)	اک مرغِ ہوا کیا ہے کہ سیمرغ نہ چھوٹے	گر سر بہوا ہووے ترا تیرِ ہوائی
(۳۸)	ہر کوہ اگر کوہِ صفا ہو تو عجب کیا	ہو فیض رساں جب ترے باطن کی صفائی
(۳۹)	ہو بلکہ صفا ایسی دلِ سنگِ صنم میں	ہر بت میں کرے صورتِ حق جلوہ نمائی
(۴۰)	ہر شعرِ غزل میں ترے معنی شفا ہیں	قربان غزل کے ترے دیوانِ شفائی
(۴۱)	مانع جو ہوا دست درازی کو ترا عدل	پروانہ کو بھی شمع نے انگلی نہ لگائی
(۴۲)	زنجیر میں جوہر کی رہے تیغ ہمیشہ	خونریز کو یہ عہد میں تیرے نہ رہائی
(۴۳)	دیتا ہے دعا ذوق کہ مضمونِ ثنا میں	ہے ذہنِ رسا کو یہ کہاں اس کے رسائی
(۴۴)	ہر سال شہا ہووے مبارک یہ تجھے عید	تو مسندِ شاہی پہ کرے جلوہ نمائی

قصیدہ نمبر ۲۶

اکبر شاہ ثانی کی مدح میں

(۱) شاہا جمال و حسن کا تیرے لکھوں میں وصف کیا ۔۔۔ ظاہر میں تو ظلِّ خدا باطن میں تو نورِ خدا

(۲) جلوہ ترے دیدار کا ہے اس قدر بہجت فزا ۔۔۔ روئے مقدّس کو ترے جس نے کہ دیکھا یہ کہا

(۳) صلِّ علیٰ صلِّ علیٰ صلِّ علیٰ صلِّ علیٰ

(۴) انوارِ عرفاں سے ترا سینہ ہوا ایسا ہے صفا ۔۔۔ جس کی پہنچتی روشنی ہے قاف سے لے تا بہ قاف

(۵) خورشید مہ کو روبرو تیرے کہاں مقدورِ لاف ۔۔۔ کرتے ہیں یوں روز و شب آ کر ترے در کا طواف

(۶) اے قبلۂ روشن دلاں اے کعبۂ اہلِ صفا

(۷) ہے تیری فرّ و فر ہی فرِ فریدوں کا نشاں ۔۔۔ نصفت کو تیری دیکھ کر کسریٰ کی بھی ہو کسر شاں

(۸) تو وہ سکندر قدر ہے اے فخرِ شاہانِ جہاں ۔۔۔ تیرے ضمیرِ پاک کو پہنچے ہے جامِ جم کہاں

(۹) وہ جام ہے گیتی نما یہ آئینہ ہے حق نما

(۱۰) تیری بہارِ لطف سے ہر دشت ہے رشکِ چمن ۔۔۔ پیدا ہوں خارِ خشک میں گلہائے نسرین و سمن

(۱۱) تیرے سحابِ فیض سے ہے ظلِّ ربِّ ذو المنن ۔۔۔ جس جا کہ موجِ ریگ ہے بحرِ رواں ہو موج زن

(۱۲) اور دامنِ ہر موج میں لاکھوں ہوں دُرِّ بے بہا

(۱۳) اللہ رے دریا دلی تیری درم جود و کرم ۔۔۔ ہے دل ہی دل شاہنشہا تو سر سے لیکر تا قدم

(۱۴) آگے تری بخشش کے ہے دریا کہیں رتبہ میں کم ۔۔۔ تو بخش دے اک آن میں سو گنج دینار و درم

(۱۵) پیسہ بھی دے سکتا نہیں وہ فلس ماہی کے سوا

(۱۶) جس پہ عنایت ہو تری اس کو نہیں پروائے زر | جس کا کہ حامی تو ہو کیوں اس کی شکستہ ہو کمر
(۱۷) اللہ نے تجھ کو کیا بیچارگاں کا چارہ گر | اے خسرو والا گہر تیرے تلطف کی نظر
(۱۸) ہے مفلسوں کو کیمیا۔ ٹوٹے دلوں کو مومیا
(۱۹) تیری ثنا کب ہو سکے اے خسرو والا نگاہ | اب یہ دعا ہے ذوق کی حق سے ہمیشہ شام و پگاہ
(۲۰) جب تک زمیں پر ہے فلک اور ہیں فلک پہ مہر و ماہ | فتح ہمیشہ عید ہو تجھ کو شہا با عز و جاہ
(۲۱) بدخواہ تیرا ہو سدا رنج و الم میں مبتلا

مخمس نمبر ۲۷

(۱) خسروا چڑھ کے سر گنبد دوار ہلال | خود لب عجز سے کرتا ہے یہ اقرار ہلال
(۲) حاضر خدمت عالی ہے بہر کار ہلال | گرز بردار ہے خورشید کماندار ہلال
(۳) آسماں لے کے سپر چلتا ہے تلوار ہلال
(۴) دست ہمت ترا خورشید سے ہے بالاتر | تیری بخشش سے ہے نیساں عرق شرم میں تر
(۵) آئیں تیرے در دولت پہ گدایانہ اگر | اپنے کاسہ میں بھرے چرخ وہیں لعل و گہر
(۶) اور کشتی میں بھرے درہم و دینار ہلال
(۷) ذوق کرتا ہے سخن تیری دعا پر کوتاہ | عید ہر سال ہو فرخ تجھے با حشمت و جاہ
(۸) تیری دولت سے ہوں خورسند ترے دولتخواہ | اور جو حاسد ہیں ترے واسطے اُن کی ہر ماہ
(۹) چرخ پر تیز کرے خنجر خونخوار ہلال

قصیدہ مسدس عائیہ نمبر ۲۸

(۱) سر پر آرائے گردوں جب تلک سلطان خاور ہو — قمر دستورِ اعظم صدرِ اعلیٰ سعدِ اکبر ہو

(۲) عطارد میر منشی زہرہ ناظر آسمان پر ہو — زحل میرِ عمارت ترکِ گردوں میرِ لشکر ہو

(۳) سرِ ہفت آسماں جب تک کہ دورِ ہفت اختر ہو
الٰہی یہ بہادر شاہ شاہِ ہفت کشور ہو

(۴) رہے نامِ سلیماں تا نگینِ حکمرانی سے — رہے نامِ فریدوں تا درفشِ کاویانی سے

(۵) رہے دارا کو تا نام آوری تاجِ کیانی سے — سکندر تا ہو نامی سکۂ کشورستانی سے

(۶) ترا اے خسروِ والا حشم عالم مسخر ہو
سرِ سلطنت پر تو ہمیشہ دادگستر ہو

(۷) بخارِ ارض سے تا ابر ہو اور ابر میں پانی — رواں پانی سے تا دریا ہو اور دریا کو طغیانی

(۸) زمیں میں تا ہو کان اور کان میں ہو جوہر کانی — پئے جوہر ہو قیمت اور قیمت کو فراوانی

(۹) تری شمشیرِ جوہردار میں نصرت کا جوہر ہو
ترے قبضہ میں بحرِ پر گہر ہو کانِ پر زر ہو

(۱۰) رکھیں تا عود کو آتش میں اور آتش کو مجمر میں — گلِ تر تا ہو گلداں میں تری ہو تا گلِ تر میں

(۱۱) رہے نافہ میں مشکِ اذفر اور بو مشکِ اذفر میں — صدف میں تا ہو گوہر اور ہو تا آب گوہر میں

(۱۲) ترے ابرِ کرم سے باغِ عالم تازہ و تر ہو
شمیمِ خلق سے تیرے جہاں یکسر معطر ہو

(۱۳) طریقِ رہبری میں خضر ہو جب تک ہدایت فن — سہارا ہووے تا بحرِ غریق الیاس کا دامن

(۱۴) رہے ادریس تا قطعِ تعلق سے جناں مسکن — مسیحا کا ہو بالا خانہ تا خورشید سے روشن

(۱۵)
چراغ عمر سے تیری جہاں سارا منور ہو
فروغ اسلام کو ہو رونق دین پیمبر ہو

(۱۶) شفق گلگوں نہ ہو جبتک سحر کے روئے نیکو کو — کرے آراستہ تا شام اپنے موئے گیسو کو
(۱۷) ثریا نورتن تا کہکشاں کے ہووے بازو کو — کرے وسمے سے تا قوس قزح سبز اپنے ابرو کو

(۱۸)
لب پاں خوردہ دشمن کے لہو سے تیر انجر ہو
سپر بدخواہ فندق تیری انگشت سناں ہو

(۱۹) گلستاں میں ہو تا گل ورگل سے شاخ ہو پیدا — نیستاں میں ہو تا نَے اور نَے سے نغمہ ہو پیدا
(۲۰) نہال تاک میں انگور ہو انگور میں صہبا — نشہ صہبا میں ہو اور ہو نشہ جبتک نشاط افزا

(۲۱)
شراب عیش سے خالی کبھی تیرا نہ ساغر ہو
ہمیشہ جشن جمشیدی سے تیرا جشن بہتر ہو

(۲۲) رہے تا کام دینداروں کو احکام شریعت سے — خوشی تا حاجیوں کو ہووے کعبہ کی زیارت سے
(۲۳) رہے تا عابدوں کو شوق محراب عبادت سے — نماز اہل سنت تا ہو مسجد میں جماعت سے

(۲۴)
ترا خطبہ میں ہو نام اور خطبہ زیب منبر ہو
ترا حامی ابوبکر و عمر عثمان و حیدر ہو

(۲۵) قلم تا راستی پیشہ ہو اور کاغذ صفا آئیں — قلمزن تا ہو مشک افشاں کاغذ خط مشک آگیں
(۲۶) زباں پر تا سخن ہو اور سخن میں معنی رنگیں — سخن تا داد چاہے اور تا اہل سخن تحسیں

(۲۷)
ترا مداح دائم خسروا ذوق سخنور ہو
ہمیشہ تہنیت خواں ہو دعا گو ہو ثنا گر ہو

قصیدہ ناتمام نمبر ۲۹

(۱) خسروا نیر اقبال کی تیرے خورشید — کھائے ہے وقت شرف عز و شرف کی سوگند

(۲) تاب کیا نجم سعادت سے ترے ہو ہمسر — منزلِ اوج پہ چمکے مہِ تاباں ہر چند

(۳) دمِ تحویل یہ کہتے ہیں عناصر چاروں — چار چند آپ کا ہو مرتبہ بلکہ صد چند

(۴) پرورش ان کے سایہ میں کیا کرتا ہے — شیر نر بچۂ آہو کو بجائے فرزند

(۵) قصرِ دولت سے ترے مرغِ نظر بجنہ پہ — بامِ حشمت پہ ترے کا ہکشاں نصف کمند

قصیدہ ناتمام نمبر ۳

(۱) کروں اگر رقمِ تہنیت کا میں آہنگ — تو ہووے خامہ سے پیدا صدائے بربط و چنگ

(۲) ہے تیز زورِ حمایت کہ پانوں کو اپنے — کرے ہے شیر کی چربی سے مالش آہوئے لنگ

(۳) شہا ترے رخِ روشن کو کس سے دوں تشبیہ — کہ مہر و مہ کو گہن لازم آئینہ کو زنگ

(۴) کروں کیا میں ترے گلگوں کا وصف چالاکی — اڑا ہی جاتا ہے وہ تو بہ رنگِ طائرِ رنگ

(۵) نہ پہنچے گرد کو اس کے وہ پیکِ فکرِ رسا — کہ ہووے عرصۂ چرخ جس کی ایک شلنگ

(۶) چلے ہے یوں کج و واکج ادا و ناز کے ساتھ — کہ جیسے مستِ مے ناز کوئی دلبرِ شنگ

(۷) وہ چلنے میں ہے تدرو اور اڑنے میں شاہیں — اچکنے میں ہے وہ آہو پھیکنے میں ہے پلنگ

(۸) نہیں پری وہ پری سے بھی سوا پراں — نہیں وہ آدمی لیکن سب آدمی کے ڈھنگ

(۹) رواں ہو گر وہ پئے سیر آب دریا پر — تو سم بھی تر نہ ہو اس کا جو جا نکلے تو نہنگ

(۱۰) [illegible] — بہ زیرِ نعل سم آکر شرر فشاں ہو سنگ

(۱۱) ترا سمند نظر سے نہاں نہ ہونے پائے — ڈپٹ کے اور وہ پھر آئے سیکڑوں فرسنگ

(۱۲) اگر ہو تجھ کو شہا اس کے خانہ زیں میں — تمام عرصۂ گیتی کی سیر کا آہنگ

(۱۳) تو اس ارادہ کے کرنے میں [illegible] ہو دیر — اور اس کے جا کے پھر آنے میں کچھ نہ ہووے درنگ

قصیدہ ناتمام نمبر ۳۱

(۱) لکھوں جو میں کوئی مضمون ظلم چرخ بریں
تو کربلا کی زمیں ہو مری غزل کی زمیں

(۲) یہ حال ہے مرا ضعفِ دماغ سے کہ مجھے
صدائے صورِ قیامت ہے ہر مگس کی طنیں

(۳) زمانہ عربدہ پرداز و بختِ بد ناساز
ستارہ بر سرِ پرخاش و چرخ بر سرِ کیں

(۴) عجب نہیں ہے کہ راہب خطِ چلیپا سے
بناوے تیرے طویلے کے واسطے خرزیں

اشعار قصیدہ ہفتدہ زبان

ناتمام نمبر ۳۲

(۱) جبکہ سرطان و اسد مہر کا ٹھیرا مسکن
آب و ایلہ ہوے نشو و نمائے گلشن

(۲) جوشِ روئیدگی سبزہ پہ یاد آئی ہے
انت انبتہ اللہ نباتا حسنا

(۳) جس طرح شعلہ کا عالم ہو بہ فانوس خیال
خوف سے یوں تھے لرزاں ہے عدو زیر کفن

قصیدہ ناتمام نمبر ۳۳

(۱) آج کچھ ایسی ہوائے عیش کی تاثیر ہے
ہر ورق کاغذ کا رشکِ گلشنِ کشمیر ہے

(۲) گر نہالِ دشت کو شوقِ حنابندی نہیں
ہاتھ کیوں مہندی سے رنگتا برگِ بید انجیر ہے

(۳) مدحِ حاضر میں سنادے مطلعِ روشن کہ ذوق
منتظر مشرق میں بیٹھا مہرِ پر تنویر ہے

(۴) نام کو اللہ اکبر کیا ترے تاثیر ہے
ہر اذاں میں شامل و داخل بہر تکبیر ہے

مثنوی ناتمکمل

(۱) چاہیے نام اُسی کا ای خامہ — زینتِ نامہ زیبِ سرنامہ

(۲) ہی فلک اک نمونہ قدرت کا — یا قلمدان ہزار صنعت کا

(۳) رُخ قرطاس کو صفائی دی — اور سیاہی کو روشنائی دی

(۴) دیا قمری کو مصرعِ نالا — مصرعِ قدِ سرو پر بالا

(۵) کی عطا نوخطوں کو کاکلِ ادا — کیا عاشق کو تختہ مشقِ جفا

(۶) نمک افشاں ہی عشق شور انگیز — زخمِ دل کرتے ہیں بریز بر بیز

(۷) عکس ہی سبزۂ لبِ جو کا — وسمہ قوسِ قزح کے ابرو کا

(۸) آئے گلشن میں فصلِ گل سو بار — بلبلیں ہوں ترانہ سنج ہزار

(۹) ساقیا جلد اٹھ درنگ نہ کر — عرصہ مطلب کا دیکھ تنگ نہ کر

(۱۰) طاق سے تو اُتار لے شیشہ — طاق پر رکھ کتابِ اندیشہ

(۱۱) شیشۂ مُے کی یہ دراز زباں — اور پھر یہ ستم کہ پنبہ وہاں

(۱۲) میں ہوں مانندِ ساغرِ لبریز — جاں بلب جاں بلب کو کیا پرہیز

(۱۳) جھوم جھوم ایسے بادل آنے لگے — پانو توبہ کے لڑکھڑانے لگے

ق

(۱۴) کردے یاں تک مجھے نشہ میں چور — تاکہ مانند خوشۂ انگور

(۱۵) دل کے سارے پھپھولے پھوڑوں میں — نکتہ باقی کوئی نہ چھوڑوں میں

(۱۶) شبِ ہجراں بسر نہیں ہوتی — نہیں ہوتی سحر نہیں ہوتی

(۱۷) بسترِ رنج و کنجِ تنہائی — رات کیا آئی اک بلا آئی

(۱۸) شام سے حال ہی یہ صبح تلک — نہیں لگتی مری پلک سے پلک

(۱۹)	کیوں نہیں بولتے سحر کے طیور	کیا شفق نے کھلا دیا سیندور
(۲۰)	گر لکھوں خط میں بے قراریٔ دل	نامہ بر ہو کبوتر بسمل
(۲۱)	مضطرب اب جو ہو رہا دل ہے	دل ہے یا مرغِ نیم بسمل ہے
(۲۲)	دل کی واشد کی کیا کروں تدبیر	غنچۂ دل ہے غنچۂ تصویر
(۲۳)	جانِ بیتاب جیسی بیکل برق	وہ بھی گرمِ رہِ فنا کالبرق
(۲۴)	نبضیں چھوٹی ہوئیں عشق طاری	ایک فرقت ہزار بیماری
(۲۵)	دل سے رخصت ہے تاب و طاقت کی	بے قراری نے استقامت کی
(۲۶)	ہوسِ سیرِ باغ ہے کس کو	دل ہے کس کو دماغ ہے کس کو
(۲۷)	کاٹ کھانے کو دوڑتا ہے گھر	سگِ دیوانہ بن گیا ہے گھر
(۲۸)	اب ہے یک لخت دل کہ ہے صد لخت	تن بتفت بر سنگ آمد و سخت
(۲۹)	ہو چکی دل کی اپنے عشق میں خیر	رہو ہیں دریا میں اور مگر سے بیر
(۳۰)	ماہِ بے مہر بلکہ دشمنِ مہر	ہر ستم میں شریک سپہر
(۳۱)	برق کا وہ ذرا چمک جانا	اور بغل میں ترا دبک جانا
(۳۲)	فتنۂ استاد نرگسِ فتّاں	گردِ مژگاں ہجومِ شاگرداں
(۳۳)	رخ تعالی و زلف صلّ علےٰ	قدوہ سبحان ربّی الاعلےٰ
(۳۴)	زلفِ جنباں میں رخ کی برّاقی	کرے مشائیوں کو اشراقی
(۳۵)	گو انا ربکم نہ منہ سے کہے	لیک جاری زبانِ ہر مو سے
(۳۶)	مچھلی بازو کی یا ہے والفین	غرقہ کش بحر خوں سے مردم عین
(۳۷)	کمر و ناف از پئے دلِ زار	رشتۂ کار و عقدۂ دشوار
(۳۸)	رنگِ پاں لعل روح افزا پر خون ثابت کرے مسیحا پر	

سہرا

یہ سہرا اُردو ادب میں ایک تاریخی حیثیت رکھتا ہی شہزادہ مرزا جواں بخت جو نواب زینت محل کے بطن سے بادشاہ ظفر کے بیٹے تھے اُن کی شادی کے موقع پر مرزا غالب نے اپنا مشہور سہرا بادشاہ کے حضور میں پیش کیا جس کا مقطع یہ تھا ؎

ہم سخن فہم ہیں غالب کے طرفدار نہیں ؎ دیکھیں اس سہرے سے کہدے کوئی بہتر سہرا

مقطع کو دیکھ کر بادشاہ نے یہ محسوس کیا کہ استاد ذوق پر چوٹ کی گئی ہی ظفر نے اُستاد کو یہ سہرا دکھا اس کے جواب میں دوسرا سہرا لکھنے کی فرمایش کی۔ چنانچہ ذوق نے یہ سہرا لکھ کر نذر گزرانا۔

(۱) ای جواں بخت مبارک تجھے سر پہ سہرا — آج ہی یمن و سعادت کا ترے سر سہرا

(۲) آج وہ دن ہی کہ لائے دُرِ انجم سے فلک — کشتیِ زر میں مہِ نو کی لگا کر سہرا

(۳) تابشِ حسن سے مانندِ شعاعِ خورشید — رُخِ پر نور پہ ہی تیرے منوّر سہرا

(۴) وہ کہے صلّ علیٰ یہ کہے سبحان اللہ — دیکھے مکھڑے پہ جو تیرے مہ و اختر سہرا

(۵) تا بنے اور بنی میں رہے اخلاص بہم — گوندھیے سورۂ اخلاص کو پڑھ کر سہرا

(۶) دھوم ہی گلشنِ آفاق میں اس سہرے کی — گائیں مرغانِ نوا سنج نہ کیونکر سہرا

(۷) روئے فرخ پہ جو ہیں تیرے برستے انوار — تارِ بارش سے بنا ایک سراسر سہرا

(۸) ایک کو ایک پہ تزئیں ہی دمِ آرائش — سر پہ دستار ہی دستار کے اوپر سہرا

(۹) ایک گوہر بھی نہیں صد کانِ گہر میں چھوڑا — تیرا بنوایا ہی لے لے کے جو گوہر سہرا

(۱۰) پھرتی خوشبو سے ہی اترائی ہوئی بادِ بہار — اللہ اللہ رے پھولوں کا معطر سہرا

(۱۱) سر پہ طُرّہ ہی مزین تو گلے میں بدّھی — کنگنا ہاتھ میں زیبا ہی تو سر پر سہرا

(۱۲) رونمائی میں تجھے دے مہ و خورشید فلک — کھولدے منھ کو جو تو منھ سے اُٹھا کر سہرا

(۱۳) کثرتِ تارِ نظر سے ہی تماشائیوں کے — دمِ نظّارہ ترے روئے نکو پر سہرا

(۱۴)	دُرِّ خوش آب مضامیں سے بنا کر لایا	واسطے تیرے ترا ذوق ثنا گر سہرا
(۱۵)	جن کو دعوےٰ ہو سخن کا یہ سنادو اُن کو	دیکھو اس طرح سے کہتے ہیں سخنور سہرا

قطعات

قطعہ نمبر ۱

(۱)	دیکھتے ہیں جلوۂ گلہائے رنگا رنگ ہم	مثلِ نرگس جب تلک ہے اس چمن میں چشم وا
(۲)	آخرش ہوگا وہی اک دن خزاں کے ہاتھ سے	جو کہ عالم اپنا اس نشو و نما سے پہلے تھا
(۳)	ہے غنیمت کوئی دم نظارۂ رنگِ بہار	پھر کہاں یہ گلشن اور گل۔ اور سبزہ یہ ہوا
(۴)	در عدم بودیم و دیگر در عدم خواہیم رفت	ایں تماشائے جہاں را مفت سے بینیم ما

قطعہ نمبر ۲

(۱)	خون رگہائے گلو لاشۂ بے سر سے مرے	آگے کب جوش پہ فوّارہ سے ہمسر نہ ہوا
(۲)	عشق پہ معجزہ کیسا ہے کہ اس کشتہ کے	موئے سر حلق سے پیدا ہوئے اور سر نہ ہوا

قطعہ نمبر ۳

(۱)	ساقیا ابر ہے آیا تو بڑھا خم پہ ہاتھ	کہ گھٹا میں نہیں ہمّت کا گھٹانا اچّھا
(۲)	جل کے گر قطرۂ خونِ دل کا ہوا اشک آلود	تو نہیں تجھ مژگاں سے گرانا اچّھا

قطعہ نمبر ۴

(۱) وہ صبح کو آئے تو کروں باتوں میں دوپہر — اور چاہوں کہ دن تھوڑا سا ڈھل جائے تو اچھا

(۲) ڈھل جائے جو دن بھی تو اسی طرح کروں شام — اور پھر کہوں گر آج سے کل جائے تو اچھا

(۳) جب کل ہو تو پھر وہ ہی کہوں کل کی طرح سے — گر آج کا دن بھی یونہیں ٹل جائے تو اچھا

(۴) القصہ نہیں چاہتا میں جائے وہ یاں سے — دل میری ہی باتوں میں بہل جائے تو اچھا

قطعہ نمبر ۵

(۱) دل سے میں اپنے رسولِ عربی کا ہوں غلام — دل کھو جان کھو چاہیں ہیں اس بات کو سب

(۲) ہیں حضوری میں ہوں اس کی نہ کس طرح مدام — ہے یہ مشہور مثل مالِ عرب پیشِ عرب

قطعہ نمبر ۶

(۱) کل ایک تارکِ دنیا سے میں نے پوچھا ذوق — کہ تو اکھڑ کے اُدھر سے ادھر ہوا پیوست

(۲) گذرتی ہوگی بآرام زندگی تیری — کہ تجھکو اب نہ غمِ نیستی ہے نہ شادیٔ ہست

(۳) کہا یہ اُس نے کہ قیدِ حیات میں انساں — کبھی نہ ہوگا دل آسودہ گو ہو مستِ الست

(۴) اُٹھائے ہاتھ جہاں سے ولیک کیا امکاں — کہ با فراغ کرے کنجِ عافیت میں نشست

(۵) چھٹا جو کوئی گرفتاریوں سے دنیا کی — تو سلسلہ میں فقیری کے وہ ہوا پابست

(۶) رہا وہ خدمتِ مرشد کی قید میں برسوں — کہ حق پرست ہو وہ پہلے جو ہو پیر پرست

(۷) گر ایک عمر میں پہنچا مقامِ عالی پر — کہا یہ شوق نے ہو ہمتِ بلند نہ پست

(۸) جو دست گاہ تصرف میں بھی ہوئی اُس کو — تو یہ ارادہ ہوا اور بھی ہوں بالا دست

(۹) ہمیشہ جنگ سے ہی بعد صلحِ کُل کے بھی — کہ نفس دشمنِ سرکش ہے اس کو دیجے شکست

(۱۰)	جو ہوشیار ہی تو ہی وہ شرع کا پابند	پھنسا ہوا ہی وہ کیفیتوں میں گر ہی مست
(۱۱)	نہیں ہی دامِ علائق سے مطلق آزادی	مجال کیا کہ نکل جائے کوئی کر کے جست
(۱۲)	کہا ہی خوب کسی نے یہ شعر برجستہ	گیا زباں سے نکل اُس کی جیسے تیر ز شست
(۱۳)	کہ کرد قطع تعلق کدام شد آزاد بریدہ زہمہ۔ با خدا گرفتار است	

قطعہ نمبر ۷

(۱)	عہد میں تیرے نکالے دانت گر سینِ ستم	کام لے زنبور کا خامہ سے دستِ معدلت
(۲)	گر پڑے پاؤں پہ تیرے مہر آ کر سایہ وار	آفتابی سے جو تو کہدے کہ اس کو روک مت

قطعہ نمبر ۸

(۱)	ہی اگر لیلی سیاہی تو ورق عذرا عذار	خط ترا شیریں ہی شاہا اور قلم شاخِ نبات
(۲)	ہو گیا خورشید مالا مال وہیں نور سے	دی جو تو نے دولتِ انوارِ دانش کی زکوٰت
(۳)	ہاتھ میں بندوق لے جس وقت تو بہرِ شکار	شیرِ گردوں کو ہو مشکل ہاتھ سے تیرے نجات

قطعہ نمبر ۹
در تہنیتِ جشنِ نوروز

(۱)	خسروا سُن کے ترا مژدۂ جشنِ نوروز	آج ہی بلبلِ تصویر تلک زمزمہ سنج
(۲)	خبرِ عیش تری دی ہی چمن کو جا کر	زرِ گل پیکِ صبا پائے نہ کیونکر پارنج
(۳)	بادۂ جوشِ جوانی کی ہی گویا اک موج	تنِ پیرانِ کہن سال پہ ہر چینِ شکنج
(۴)	چند قطرے سے ہیں شبنم کے وہ بلکہ کمتر	آگے ہمت کے ترے گوہرِ شہوار کے گنج

(۵)	حسنِ نیت سے ہی تو یوسفِ مصرِ بخشش	دستِ حاتم میں بجا ہی کہ جو دیں تیغ و ترنج
(۶)	شش جہت پر جو ہی غالب ترا سرپنجۂ امن	فتنہ کو اُٹھنے میں جوں نرد ہی کیا کیا شش و پنج
(۷)	نہ بجھے آب سے آتش نہ خس آتش سے جلے	ایک سے ایک موافق کہ مرنجان و مرنج
(۸)	تیرے منصوبہ کے تابع ہیں سب احکامِ نجوم	صفحۂ تقویم کا گویا ہی بساطِ شطرنج
(۹)	لایا ہی معنیٔ رنگیں سے یہ لعلِ خوش رنگ	ذوق جو مدح و ثنا میں ہی تری گوہر سنج
(۱۰)	خسروا ہوتا ہی اس رنگ سے معلوم یہ رنگ	رنگِ نوروز جو ہی اب کے برنگِ نارنج
(۱۱)	بزمِ رنگیں میں تری رنگ طرب ہو ہر روز	اور تری خاطرِ اقدس پہ کبھی آئے نہ رنج

قطعہ نمبر ۱۰

(۱)	کرے ہی مہرِ علی دل کو صاف پر انوار	طلوعِ شمس پہ موقوف ہی وجودِ نہار
(۲)	علیؑ سے کیونکہ نہ ہو زیر لشکرِ کفار	علیؑ ہی شکلِ علی اور علی ہی حرفِ چار

قطعہ نمبر ۱۱

very good 4/9/69

(۱)	میں نے کہا کہ بوسہ تمہی دو! ادبے ہیں	لا سکتا اپنا منہ نہیں چاہِ ذقن کے پاس
(۲)	ہنسکر کہا کہ جاتا ہی پیاسا کنوئیں پہ آپ	یا جاتا ہی کنواں کسی تشنہ دہن کے پاس

محاورہ

قطعہ نمبر ۱۲

(۱)	پر نہیں پر ترا توسن وہ پری سان پرّاں	سیرگہ جس کے ہی اک قاف سے لیکر تا قاف
(۲)	ہو قوی دست ترے زور سے اسلام اگر	کھینچے شمشیر سرِ کفر پہ پھر مرکزِ کاف
(۳)	پاتا گرداب سے ہی گردۂ نانِ آبی	تیری بخشش سے جو دریا کا معیں ہی کفاف
(۴)	دستِ ہمت نے ترے کھوئی روپے کی یہ قدر	چٹکیوں میں ہیں اُڑاتے اسے کیا کیا صراف

قطعہ نمبر ۱۳

در مدح میرزا شاہرخ بہادر

میرزا شاہرخ بہادر نے — قصدِ صید افگنی کیا جس دم
خونِ نخچیر سے ہوا سارا — دامنِ دشت لالہ زارِ ارم
نہ بچا اُس شکار افگن سے — صید کوئی سوائے صیدِ حرم
مرغ و سیمرغ اور غزال و پلنگ — ہوئے مسکن پذیرِ دشتِ عدم
ہی جگر گوشۂ بہادر شاہ — ہو بہادر نہ کیوں وہ نیک شیم
سمجھے شیر آپ کو ہزار غنیم — اُس کے پر سامنے ہی مثلِ غنم
شیرِ گردوں بھی اس کے لشکر میں — پائے ہرگز نہ قدرِ شیرِ علم
رہے مانندِ شیرِ قالیں کے — اوجِ ہمت سے اُس کے زیرِ قدم
ہاتھ میں جب تفنگ لی اُس نے — ہمسرِ اژدہائے آتش دم
کیے شیرِ ژیاں شکار کئی — اُس غضنفر شکار نے پیہم
ہی بجا گر دلاورانِ جہاں — کھائیں اُس کی دلاوری کی قسم
جبکہ اس جرأت و شجاعت کو — چاہا اس طرح دل نے کیجے رقم
تا رہے یادگار عالم میں — وصفِ عالی صاحبِ عالم

لکھی ہے ذوق میں نے یہ توصیف
مع تاریخ ثنائے رستم
۱۲ ھ ۶۲

قطعہ نمبر ۱۴

(۱)	سرد مہری کا تری ہو جو خنک دل کشتہ	ہووے گلگشت سے کیا اُس کا دل اے گلرو گرم
(۲)	تابشِ نارِ جہنم سے سوا اُس کو لگے	ہمرہِ بادِ سحر بوئے گل شب بو گرم
(۳)	سرد مہری سے رکھا اپنی خنک دل تونے	گرمجوشی سے کیا تونے بتِ دل تجھ گرم
(۴)	اپنے کشتے کی کرامت کو ذرا دیکھ آکر	ایک پہلو ہی اگر سرد تو اک پہلو گرم

قطعہ نمبر ۱۵

(۱)	گر ہے اے صیّادِ ناداں تجھ کو آرائش کا شوق	مت بنا پیتل کے تاروں سے قفس کی تیلیاں
(۲)	جو ہیں مرغِ تر دماغ اُن کے قفس کے واسطے	چاہییں صندل کی چوبیں اور خس کی تیلیاں

قطعہ نمبر ۱۶

(۱)	ہائے کل سب آشنا تیرے مریضِ عشق کے	تھے علاجِ ضعفِ دل اور ضعفِ تن کی فکر میں
(۲)	آج گھبرائے ہوئے پھرتے ہیں با چشمِ پُر آب	گاہ تدبیرِ لحد میں گہ کفن کی فکر میں

قطعہ نمبر ۱۷

(۱)	ناصحا مجھ کو ملامت تو نہ کر	کس طرح میں عشق سے بیزار ہوں
(۲)	بسکہ مجھ کو عشق بازی کا ہی ذوق	کیا کروں میں ذوق سے ناچار ہوں

قطعہ نمبر ۱۸

(۱)	رہی ہر طرح سے صیدی کے کبوتر کی طرح	ہاتھ سے اُس بتِ بیدرد کے ایذا ہم کو

(۲)	صید ہی میں نہ فقط ذبح کا کچھ قصد رہا		صلح بھی ٹھیری تو پھر کاہے کے چھوڑا ہم کو

قطعہ نمبر ۱۹

(۱)	ہماری لاش پہ آواز قم باذن اللہ		تم آکے حضرت عیسیٰ سے عبث سناتے ہو
(۲)	اٹھینگے یار کی ٹھوکر سے لے چلو تشریف		نہیں تو پھر کوئی صلوات سن کے جاتے ہو

قطعہ نمبر ۲۰

(۱)	ہمیشہ صدقے اس ابرو کے ہو کے حضرت دل		یہ لب پہ نالۂ جانکاہ اپنے لاتے ہو
(۲)	و یا طواف حرم میں ہے سامنے محراب		اور اس میں نعرۂ لبیک تم سناتے ہو

قطعہ نمبر ۲۱

(۱)	مرے لیے تو ہر اک طرح سے قباحت ہے		یہ تم جو دشمنوں کو درد سر بتاتے ہو
(۲)	لگاؤں گھس کے جو صندل تو کہتے ہو کہ مجھے		لگاوٹ اتنی بھلا کس لیے دکھاتے ہو
(۳)	جو پڑھ کے سورۂ اخلاص دم کروں تو کہو		کہ دیکے دم مجھے اخلاص کیا جتاتے ہو
(۴)	یہ ایسا کونسا انداز گفتگو ہے ذوق		کہ جس پہ زور طبیعت تم آزماتے ہو

قطعہ نمبر ۲۲

(۱)	اس عاشق بیچارہ کا ہے آج یہ کیا حال		گریہ سے ہے آنکھوں پہ ورم اور زیادہ
(۲)	بیٹھے سر بستر یہ پڑا پاؤں کہاں تک		بس پاؤں نہ پھیلا شب غم اور زیادہ

قطعہ نمبر ۲۳

(۱)	ہے باغِ جہاں میں تجھے گر ہمتِ عالی	کر گردنِ تسلیم کو خم اور زیادہ
(۲)	لیتے ہیں ثمر شاخِ ثمر ور کو جھکا کر	جھکتے ہیں سخی وقتِ کرم اور زیادہ

قطعہ نمبر ۲۴

(۱)	عمر ہے کہ رہی ہے ہر دم سفرِ بحرِ فنا	جس کو تو سانس کہے ہے دلِ محزوں چلتی
(۲)	سمجھے ہے راکبِ کشتی کہ ہے ساحل چلتا	پر حقیقت میں ہے کشتی سرِ جیحوں چلتی

قطعہ نمبر ۲۵

(۱)	دل کے آئینہ کو گر کر دے گداز	یار اپنی گرمیِ رخسار سے
(۲)	جوہر اس کے یوں اُٹھالیں جس طرح	حرف قرطاسِ غلط بردار سے

قطعہ نمبر ۲۶

(۱)	میں نہ تڑپا جو دمِ ذبح تو یہ باعث تھا	کہ رہا مدِ نظر عشق کا آداب مجھے
(۲)	ورنہ وہ شوخ کہ جو گل سے بھی نازک ہے سوا	لیوے اس طرح سے نہ [illegible] مجھے

قطعہ نمبر ۲۷

(۱)	نکلے ہو میکدہ سے ابھی منہ چھپا کے تم	داب ہوئے بغل میں صراحی شراب کی
(۲)	اے ذوق بس نہ آپ کو صوفی جتائیے	معلوم ہے حقیقت ہو حق جناب کی

قطعہ نمبر ۲۸

کچھ اپنی شرح سوزِ دلِ بے قرار آج ۔۔۔ آیا تھا جی میں بیٹھ کے کیجے رقم پیے
اللہ رے اضطراب کہ جوں آتشیں قلم ۔۔۔ ہاتھوں سے جا پڑا مرے چھٹ کر قلم پیے

قطعہ نمبر ۲۹

کہوں کیا ذوق احوالِ شبِ ہجر ۔۔۔ کہ تھی اک اک گھڑی سو سو مہینے
نہ تھی شب ڈال رکھا تھا اندھیر ۔۔۔ مرے بختِ سیہ کی تیرگی نے
تپِ غم شمع ساں ہوتی نہ تھی کم ۔۔۔ اور آتے تھے پسینوں پر پسینے
یہی کہتا تھا گھبرا کر فلک سے ۔۔۔ کہ او بے مہر بد اختر کمینے
کہاں میں اور کہاں یہ شب مگر تھے ۔۔۔ مری جانب سے تیرے دل میں کینے
سوا اس ظلمت کے پردہ میں کیے ظلم ۔۔۔ ارے ظالم تری کینہ وری نے
عوض کس بادہ نوشی کے مجھے آج ۔۔۔ پڑے یہ زہر کے گھونٹ پینے
حواس و ہوش جو مجھ سے قریں تھے ۔۔۔ قرینے سے ہوئے سب بے قرینے
مری سینہ زنی کا شور سن کر ۔۔۔ پھٹے جاتے تھے ہمسایوں کے سینے
اٹھایا گاہ اور گاہے بٹھایا ۔۔۔ مجھے بیتابی و بے طاقتی نے
کہا جب دل نے تو کچھ کھا کے سو رہ ۔۔۔ بہت الماس کے توڑے نگینے
نہ ٹوٹا جان کا قالب سے رشتہ ۔۔۔ بہت سی جان توڑی جانکنی نے
بہت دیکھا نہ دکھلایا ذرا بھی ۔۔۔ طلوعِ صبح سے منہ روشنی نے
کہا جی نے مجھے یہ ہجر کی رات ۔۔۔ یقیں ہے صبح تک دے گی نہ جینے
لگے پانی چوانے منہ میں آنسو ۔۔۔ پڑھی یاسیں سرہانے بیکسی نے

(۱۶)	مگر دن عمر کے تھوڑے سے باقی	لگا رکھے تھے میری زندگی نے
(۱۷)	کہ قسمت سے قریب خانہ میرے	اذاں مسجد میں دی بارے کسی نے
(۱۸)	بشارت مجھ کو صبح وصل کی دی	اذاں کے ساتھ یمن و فرخی نے
(۱۹)	ہوئی ایسی خوشی اللہ اکبر	کہ خوش ہو کر کہا خود یہ خوشی نے
(۲۰)	مؤذن مرحبا بر وقت بولا تری آواز مکے اور مدینے	

قطعہ نمبر ۳۰

(۱)	تو بھلا ہی تو برا ہو نہیں سکتا ای ذوق	ہی برا وہ ہی کہ جو تجھ کو برا جانتا ہی
(۲)	اور اگر تو ہی برا ہی تو وہ سچ کہتا ہی	کیوں برا کہنے سے تو اس کے برا مانتا ہی

قطعہ نمبر ۳۱

(۱)	قدم سنبھال کے رکھ راہ عشق میں ای ذوق	گذرنا اس رہ دشوار سے نہ آساں ہی
(۲)	جو کوئی آبلۂ پاے مور بھی ہی یہاں	ترے ڈبونے کو وہ بھی تنور طوفاں ہی

قطعہ ۳۲

(۱)	نذر دیں نفس کس کو دنیا دار	واہ کیا تیری کارسازی ہی
(۲)	سچ کہا ہی کسی نے یہ ای ذوق	مال موذی نصیب غازی ہی

رباعیات

رباعی نمبر ۱

(۱)	کیا فائدہ فکرِ بیش و کم سے ہو گا	ہم کیا ہیں جو کوئی کام ہم سے ہو گا
(۲)	جو کچھ کہ ہوا۔ ہوا کرم سے تیرے	جو کچھ ہو گا ترے کرم سے ہو گا

رباعی نمبر ۲

(۱)	ای ذوق کبھی تو نہ خوش اوقات ہوا	ایک دم نہ ترا صرفِ مناجات ہوا
(۲)	جب تک تھا جوان تھا جوانِ بدمست	اب پیر ہوا۔ پیرِ خرابات ہوا

رباعی نمبر ۳

(۱)	ان آنکھوں سے رخِ لالہ گوں بھی دیکھا	اور پھر ان کو پر اشکِ خوں بھی دیکھا
(۲)	کیا کیا دیکھے نہ رنگ ہم نے ای ذوق	یوں بھی دیکھا جہاں میں ووں بھی دیکھا

رباعی نمبر ۴

(۱)	مشکل ہی یہاں پائے خرد کا جمنا	اس وحشیِ رم دیدہ کو کیسا رمنا
	ہم پیروِ عشق و عشق اپنا ہادی	جو عشق کہے ذوق کہو سلّمنا

رباعی نمبر ۵

(۱)	دل کو سرِ بازارِ جہاں کر نہ اُچاٹ		جس طرح بنے سود و زیاں میں دن کاٹ
(۲)	ای ذوق فلک کے جب ہیں بارہ حصّے	•	سودا ہو نہ کیوں زیرِ فلک بارہ باٹ

رباعی نمبر ۶

(۱)	خورشید سے یکروز جہاں میں نوروز		اور تجھ سے جہاں روز مسرت اندوز
(۲)	ہی تجھکو زمانہ میں شرفِ وازدہ ماہ	•	اور مہر جہاں تاب کو یک یک روز

رباعی نمبر ۷

(۱)	شاہا تجھے با دولتِ بختِ فیروز		فرخ ہو سدا جہاں میں جشنِ نوروز
(۲)	ہووے شرف اندوز ترے طالع سے	•	ہر سال حمل میں مہرِ عالم افروز

رباعی نمبر ۸

(۱)	کہتا ہی یہ فیروزہ پے رنگِ نوروز		تو ہو صفِ اعدا پہ مظفر فیروز
(۲)	ہو دشمنِ سرکش کے لیے سہم الموت	•	ای شاہ عدو کش ترا تیرِ دلدوز

رُباعی نمبر ۹

(۱)	ای ذوق کرے گا کوئی دنیا کیا ترک		دُنیا ہے بری بلا اسے کیا ترک
(۲)	کیا دخل کہ ہو ترک کسی سے دُنیا		جب تک نہ کرے آپ اسے دنیا ترک

رباعی نمبر ۱۰

(۱)	جن دانتوں سے ہنستے تھے ہمیشہ کھل کھل	اب درد سے ہیں وہی رُلاتے ہل ہل
(۲)	پیری میں کہاں اب وہ جوانی کے مزے	ای ذوق بڑھاپے سے ہے دانتا کل کل

رباعی نمبر ۱۱

(۱)	جن کو اس وقت میں اسلام کا دعوی ہے کمال	غور سے دیکھا تو ای ذوق ہے اُن کا یہ حال
(۲)	جیسے محفل میں ہنسانے کو مسلمانوں پہ	نقل کرتا ہو مسلمان کی کافر نقال

رباعی نمبر ۱۲

(۱)	اعلیٰ جو علی کی ہے امامت کا مقام	رکھتے ہیں خبر اس سے یہاں خاص نہ عام
(۲)	جو لوگ صفِ اول میثاق میں تھے	پوچھے کوئی اُن سے کہ وہ کیسا تھا امام

رباعی نمبر ۱۳

(۱)	سبطین نبیؐ یعنی حسنؑ اور حسینؑ	زہراؑ و علیؑ کے دونوں وہ نور العین
(۲)	عینک ہو تماشائے دو عالم کے لیے	ای ذوق لگا آنکھوں سے ان کی نعلین

رباعی نمبر ۱۴

(۱)	کھلتا نہیں ای ذوق یہ اہم مضموں	ہر شخص جو مذہب کا ہے اپنے مفتوں
(۲)	کہیے کسے حق پہ اور باطل پہ کسے	کل حزب بما لدیہم فرحون

رباعی نمبر ۱۵

(۱)	ای زاہدو تم سے کیا جھگڑ کروں میں		غصہ سے کروں کس لیے دل کو خوں میں
(۲)	میخوار و صنم پرست کہتے ہو مجھے		تم ہو تم ہو جو کچھ کہ ہوں میں ہوں میں

رباعی نمبر ۱۶

(۱)	دل جن کا ہی آہن کی طرح سخت و سیاہ		وہ لطف سخن سے نہیں ہوتے آگاہ
(۲)	بد اصل کو کیا نام خدا کوئی بتائے		بندوق کا طوطہ نہ کہے حق اللہ

رباعی نمبر ۱۷

(۱)	جب تک تھے گرہ میں احمقوں کے پیسے		سب کہتے تھے ان کو آپ ایسے ایسے
(۲)	مفلس جو ہوئے تو پھر کسی نے ای ذوق		پوچھا نہ کہ تھے وہ کون۔ ایسے تیسے

رباعی نمبر ۱۸

(۱)	آنکھ اس کی نشہ میں جب گلابی ہو جائے		صوفی اسے دیکھے تو شرابی ہو جائے
(۲)	دکھلائے جو وہ روئے کتابی ای ذوق		سب مدرسہ کافر کتابی ہو جائے

رباعی نمبر ۱۹

(۱)	ای ذوق فرشتے ہیں یہ کہکر روتے		ای کاش کہ انسان ہی ہم بھی ہوتے
(۲)	غفلت میں یہ رہتا ہی یہاں تک ہشیار		شیطان کے چلا دیتا ہی سوتے سوتے

رباعی نمبر ۲۰

(۱)	دنیا کے الم ذوق اُٹھا جائیں گے	ہم کیا کہیں کیا آئے تھے کیا جائینگے
(۲)	جب آئے تھے روتے ہوئے آپ آئے تھے	اب جائینگے اوروں کو رُلا جائینگے

رباعی نمبر ۲۱

(۱)	اس جہل کا ہو ذوق ٹھکانا کچھ بھی	دانش نے کیا دل کو نہ دانا کچھ بھی
(۲)	ہم جانتے تھے علم سے کچھ جانیں گے	جانا تو یہ جانا کہ نہ جانا کچھ بھی

رباعی نمبر ۲۲

(۱)	دنیا سے ذوق رشتۂ الفت کو توڑ دے	جس سر کا ہو یہ بال اُسی سر میں جوڑ دے
(۲)	پر ذوق تو نہ چھوڑے گا اس پیر زال کو	یہ پیر زال گر تجھے چاہے تو چھوڑ دے

رباعی نمبر ۲۳

(۱)	دُعا ہو ذوق کی ہو خلعت ولیعہدی	مبارک آپ کو با آفتابی و کرسی
(۲)	یہ آفتابی و کرسی خدا کرے فرخ	بحق سورۂ والشمس و آیۃ الکرسی

تمام شد

فہرست اغلاط قصائد ذوق

(براہ کرم کتابت کی مندرجہ ذیل اغلاط کو مطالعہ سے پہلے درست کر لیجیے)

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۶	۶	ظاہر	باہر	۵۸	۸	جنبس	جنبشِ
۷	۹	خوبی	خوبی	۶۱	۱	کی	کے
۱۹	۶	پیرانِ	پیران	۶۱	۳	انساں	انسان
۲۱	۲	ہی	ہے	۶۱	۲۰	ہی	ہے
۲۴	۸	محو	نحو	۶۱	۲۱	کاتی	کافی
۲۵	۱۶	ودیت	دولت	۶۴	۱۱	بدلع	بدیع
۲۶	۶	مہ طلعت	مہ طلعت	۶۵	۳۰	کی	کے
۳۶	۱۲	شہنشاہِ	شہنشاہ	۶۶	۱۳	ہیں	ہیں
۳۶	۱۳	تسخیر	تسخیر	۷۰	۱۰	انمیں	انھیں
۳۸	۱۹	آپ	آب	۷۱	۱۱	جھبومے	جھومے
۴۶	۲۰	کہتے	کہتے	۷۶	۱۱	پخپت	پخت
۴۷	۱۵	تزئین	تزئیں	۷۹	۱۹	ہوں ہیں ہیں	ہوں ہیں
۴۷	۱۵	طاس	قطاس	۱۰۳	۱۰	اٰیت	آیت
۴۹	۱۹	تیع	تیغ	۱۰۶	۱۰	ابش	تابش
۵۶	۸	سے دل	سے دل	۱۰۷	۱	آبِ	آب
۵۸	۵	دیہی	دیتی	۱۱۲	۱۰و۱۱	کی فکر ہیں	کے فکر ہیں
۵۸	۵	طاقتِ	طاقتِ	۱۱۹	۲	ہمنشہ	ہمیشہ

فرہنگ کلام ذوق

قصائد

قصیدہ نمبر (۱)

نمبر شعر	لفظ	معنی
۱	عالم وحدت	تنہائی کا عالم۔ یگانگی۔
۲	مسجع	وہ عبارت یا شعر جس کے الفاظ آپس میں ہم قافیہ ہوں۔
۲	مربع	چوگوشہ وہ سطح جس کے چاروں ضلع باہم برابر ہوں اور چاروں زاویہ قائمہ ہوں۔
۲	جنت ماوا (جنت ماوے)	مراد جنت یعنی بہشت سے ہے
۳	شقایق	لالہ۔ واحد اور جمع دونوں میں مستعمل ہوتا ہے۔ مجازاً پھولوں کے معنی میں آتا ہے۔
۴	لحن قماری	قمریوں کی آواز۔
۴	مسبّح	تسبیح کرنے والا فرشتہ
۴	مہلل	تہلیل کرنے والا (یعنی لا الہ الا اللہ پڑھنے والا)
۵	موسم اردی	موسم بہار۔ اردی فارسی مہینہ کا نام ہے جو زمانہ بہار میں شروع ہوتا ہے۔
۵	عناصر	عنصر کی جمع ہے۔ عنصر چار ہیں پانی۔ ہوا۔ مٹی۔ آگ۔
۵	طبایع	طبیعت کی جمع ہے۔
۵	عالم اشیا	مراد دنیا سے ہے۔
۶	ژالہ	اولا۔ برف۔
۸	صُلصُل	فاختہ۔
۹	خیل بادہ پرستاں	میخواروں کا گروہ۔
۹	نغمہ طراز	گانے والا۔
۹	چنگ نواز	باجہ بجانے والا۔
۱۰	پنبہ مینا	شیشہ کی ڈاٹ۔
۱۰	گنبذ خضرا	نیلا گنبد (آسمان کی طرف اشارہ ہے)۔
۱۲	لات۔ منات یعوق۔ عزّیٰ	بتوں کے نام ہیں ایام جاہلیت میں عرب میں ان کی پرستش ہوتی تھی۔
۱۶	مسجد اقصےٰ	بیت المقدس

نمبر شعر	الفاظ	معنی
۱۷	خطِ چلیپا	صلیب نما خط۔
۱۸	قوس قزح	کہکشاں۔ دھنک
۱۹	معما	چیستاں، پہیلی
۲۲	زمزمہ پیرا	نغمہ سنج، کہنا۔ بولنا۔ گانا۔
۲۳	معرّے، جریر اور اعشےٰ	شعرائے عرب کے نام ہیں۔
۲۵	ہیولے	صورت۔ ڈھانچا۔
۲۶	جانِ موافق	وفا کرنے والی جان
۲۹	قربت	نزدیکی
۲۹	سدرہ طوبےٰ	جنت کا ایک درخت
۳۰	نارِ خلیل	وہ آگ جس میں حضرت ابراہیم خلیل اللہ ڈالے گئے تھے اور پھر وہ بحکم خدا گلستاں ہو گئی تھی
۳۰	بادِ مسیحا	حضرت عیسے علیہ السلام کی آواز جس سے مردے زندہ ہو جاتے تھے۔
۳۱	تا ماہ بہ ماہی	آسمان سے زمیں تک۔
۳۱	ثرےٰ	زمین کے نیچے کی مٹی۔ نمناک خاک پاتال۔

نمبر شعر	الفاظ	معنی
۳۱	ثریا	پروین۔ جھمکا۔ وہ چھ سات ستارے جو باہم متصل واقع ہیں۔
۳۲	ناظر	دیکھنے والا۔
۳۴	لحیان	صاحب ریش دراز۔
۳۴	حُمرا	سُرخ۔
۳۵	درایت	عقل و دانش۔
۳۷	یوسفؑ صالحؑ موسیٰؑ و عیسےٰؑ	پیغمبروں کے نام ہیں۔
۳۸	آیۂ کُرسی	کلام مجید کی ایک سورہ کا نام ہے۔
۳۸	آیتِ قدسی	کلام مجید کی آیۃ کی طرف اشارہ ہے۔
۳۸	نمائم	نوم کی جمع ہے (نوم بمعنی نیند)
۳۸	عزائم	عزم کی جمع ہے (عزم = ارادہ)
۳۹	صارمِ برّاں	چمکتی ہوئی تیز تلوار
۳۹	اُقتُلْ اُقتُلْ	قتل کرو۔ قتل کرو۔
۳۹	نحن قتلنا	ہم نے مار ڈالا۔
۴۲	جوہرِ ثانی	عقل دوم (جو عقول عشرہ سے ہے)

نمبر شعر	الفاظ	معنی
۴۳	غیر تفاول	فال و شگون نہ لینا
۴۴	عود قماری	قمار ایک شہر کا نام ہے وہاں کا عود اچھا ہوتا ہے۔
۴۴	عنبر سارا	خالص (عنبر) خوشبو اردوم
۴۵	دانش یونان	یونان کی عقلمندیاں
۴۶	جزو لایتجزے	ایسا جزو جس کے ٹکڑے نہ ہو سکیں۔
۴۷	خط امضا،	فرمان
۴۹	گوہر مکنون	قیمتی اور آبدار موتی۔
۵۴	خسرو خاور	آفتاب (مراد بادشاہ سے ہے)
۵۸	منضم	قایم۔ ڈھکا ہوا۔ سایہ کیا ہوا
	قصیدہ نمبر (۲)	
۱	معتدل	مزاج میں (اعتدال) برابری رکھنے والی جس میں افراط و تفریط نہ ہو۔
۲	دار الشفاء	شفا پانے کا مکان شفاخانہ۔
۳	مومیا	وہ دوا جس سے عضو شکستہ جڑ جاتا ہے۔

نمبر شعر	الفاظ	معنی
۴	احتراق	جلنا۔ پھنکنا۔
۷	صفرا	ایک خلط زرد رنگ۔ پت
۱۰	جدوار	زہر کا اثر دور کرنے والی دوا نربسی۔
۱۰	زقوم	تھوہڑ۔ ایک خاردار درخت جنگل کا نہایت کڑوا مزہ رکھنے والا۔
۱۰	حنظل	اندراین کا پھل۔
۱۱	نیش کی جا نوش ہووے بنا ار نبور ہیں	بھڑ (بر) کے ڈنک ایسے بجائے تکلیف کے شہد کا مزا ہو۔
۱۵	ہوالشافی	اطبا نسخہ پر تبرکاً "ہوالشافی" (اللہ شفا دے) لکھا کرتے ہیں
۱۷	بدر الدجا	چودھویں رات کا چاند پورا چاند
۲۱	تفتیح	کھولنا۔ کھول دینا۔
۲۲	نفخ	اپھار۔ پھلاؤ۔
۲۲	امتلا	پُر ہونا۔ پیٹ بھرنا۔ بدہضمی اپھراپن۔
۲۳	جید الکیموس	کنایہ ہے زود ہضم ہونے والی اور جزو بدن ہونے والی غذا۔
۲۹	اقویا	جمع ہے قوی کی۔ تندرست مضبوط بہادر۔

نمبر شعر	الفاظ	معنی
۳۳	انتہا	بڑھنا۔ زیادہ ہونا۔ افزوں ہونا۔
۳۴	ماء الحیات	آب حیوان۔ وہ پانی جس کے پینے سے انسان کبھی مرتا نہیں ہے۔ کنایہ عرق سے ہے۔
۵۰	گنج	ایک قسم کی آتشبازی
۵۲	بُرج	ایک قسم کی آتشبازی۔ غبارہ

قصیدہ نمبر (۳۳)

نمبر شعر	الفاظ	معنی
۵	پاتراب (اصل لفظ پاترا ہے)	مقام بدلنا۔ جگہ تبدیل کرنا۔ شگون سفر کے لیے کچھ سامان سفر منتقل کرنا
۱۱	نکیرین	منکر نکیر قبر میں مردے سے سوال و جواب کرنے والے دو فرشتے
۱۲	کلاب	جمع ہے کلب کی۔ کتّے
۲۱	صفیر	آواز۔ سیٹی جو پرندوں کے واسطے دی جاتی ہے۔
۲۳	صوابدید	صلاح درست۔ تجویز۔
۲۴	حکمتِ اشراق	اشراق کی حکمت۔ حکمائے اشراق مکاشفہ سے تعلیم دیتے تھے۔
۲۶	اجتناب	پرہیز کرنا

نمبر شعر	الفاظ	معنی
۲۸	شیب	بُڑھاپا
۳۲	دُرج	ڈبیا جس میں زیور و جواہر رکھے جاویں۔
۳۶	ذناب	دُم
۴۸	اکتساب	حاصل کرنا۔ اختیار کرنا۔
۴۱	التہاب	آگ کا بھڑکنا۔ شعلہ۔
۴۶	دعاء قدح	ایک دُعا کا نام ہے۔
۴۶	مستجاب	قبول کیا گیا۔
۴۷	غراب	کوّا
۵۰	ذباب	شہد کی مکھی۔ مگس۔ مکھی۔

قصیدہ نمبر (۳۴)

نمبر شعر	الفاظ	معنی
۲	تصوّر	کسی چیز کی صورت کا حکم بغیر عقل میں آنا (اصطلاح منطق)
۲	تصدیق	حُکم (اصطلاح منطق)
۳	علم حصولی	وہ علم جس کی صورت ذہن میں ہو۔ صورت۔ مفہوم ماہیت کلی
۳	علم حضوری	وہ علم جس کی صورت ذہن میں نہ ہو اور بلا واسطہ ہو جیسے نفس ناطقہ۔
۶	صور	صورت کی جمع ہے۔ شکلیں صورتیں

نمبر شعر	الفاظ	معنی
		تدبیریں۔
۱۰	توضیح	تفصیل۔ تشریح۔ وضاحت
۱۰	نجوم	جمع ہے نجم کی بمعنی ستارہ یعنی علم نجوم ستاروں سے متعلق ہے۔
۱۰	ہیئت	وہ علم جس میں اجرام فلکی یعنی کی گردش اور کشش وغیرہ کا بیان ہے
۱۲	طبیعی	علم طبیعات وہ علم جس میں اجسام کے تغیر و تبدل کا حال درج ہو۔
۱۴	بسماءِ انشقت	یعنی آسمان میں شگاف نہیں ہو سکتا۔ شق نہیں ہو سکتا۔
۱۵	تناسخ	دوبارہ جنم لینا روح کا ایک قالب سے دوسرے قالب میں آنا۔
۱۶	اجساد	جمع ہے جسد کی بہ معنی جسم
۱۹	اعراض	جمع ہے عرض کی۔ وہ چیز جو دوسری چیز کے سبب سے قائم ہو
۲۰	منقول	نقل کیا گیا۔ یعنی جو کچھ کتب میں درج ہے۔
۲۰	معقول	جس کو عقل قبول کرے۔
۲۲	مجسطی	علم ریاضی کی ایک کتاب ہے جس میں دلائل و اصول اشکال ہندسہ کے بیان کیے گئے ہیں
۲۳	قانون	علم طب کی ایک مشہور کتاب ہے
۲۳	قاموس	لغت عربی کی ایک مشہور کتاب ہے
۲۴	لَون	رنگ۔ چہرہ کی رنگت سے مرض شناخت کرنے کا کنایہ ہے۔
۲۵	نباتات	زمین سے پیدا ہونے والی اشیاء از قسم درخت وغیرہ
۲۵	جمادات	زمین سے نکلنے والی اشیاء از قسم پتھر معدنیات وغیرہ
۲۶	سوفسطائی	وہ گروہ جس کی بنیاد وہم پر ہے جو حقائق کو نہیں مانتے۔
۲۷	معتزلی	ایک فرقہ جو دیدار خدا کا قائل نہیں ہے۔ کنارہ کرنے والی جماعت۔
۲۸	جبری	وہ فرقہ جو کہتا ہے کہ بندہ کو اپنے کام میں اختیار نہیں ہے۔

نمبر شعر	لفظ	معنی
۲۸	قدری	وہ فرقہ جو کہتا ہے کہ انسان کو اپنے کام میں قدرت ہے یا اختیار ہے۔
۲۹	وجودی	خدا کو مجسم ماننے والا گروہ
۲۹	شہودی	خدا کو حاضر جاننے والا گروہ۔
۳۱	جفار	علم جفر جاننے والا۔
۳۲	خانہ کیسہ داخل خارج وغیرہ	رمل کی اشکال کے نام ہیں۔
۳۷	سیمیا	علم طلسم یعنی اشیا موہوم جن کا اصل میں وجود نہ ہو لوگوں کو دکھا جائیں
۳۹	فرائض	جمع ہے فرض کی۔
۳۹	نوافل	جمع ہے نفل کی
۴۲	عروضی	علم عروض کا جاننے والا شاعر
۴۴	موبد	آتش پرستوں کا پیشوا
۴۴	تبعیت	اتباع کرنا۔ پیروی کرنا متابعت کرنا
۴۶	نغز	نادر خوب۔ اچھا۔
۴۷	العلم حجاب الاکبر	علم بڑا پردہ ہے۔

نمبر شعر	لفظ	معنی
۵۳	احسنت	مرحبا۔ داد دینا۔ تعریف کرنا
۵۳	اہل فطنت	عقلمند لوگ۔ ذہین لوگ۔ طبیعت دار لوگ۔
۵۸	جر اثقال	وہ علم جس کے ذریعہ سے بھاری چیزیں بہ آسانی اٹھائی جاسکیں۔
۵۹	سحبان	ایک مشہور عربی شاعر کا نام
۶۲	تقویم	جنتری۔ پترا۔
۶۳	پور سینا	ابن سینا۔ ایک حکیم کا نام ہے۔
۶۵	علم نیرنج	جادو کا علم۔ نیرنج بمعنی جادو۔
۶۵	نخل نارنج	نارنگی کا پیڑ
۶۶	رجم و لعنت	لعنت و ملامت۔ رجم کے معنی ہیں پتھر مارنا۔
۶۷	ظلوم و جہول	تاریکی اور جہل والا۔ کنایہ ہے انسان کی طرف۔
۶۸	خرق عادت	کرامات۔
۷۱	نوید بہجت	خوشخبری۔ خوشی کی خبر
۸۸	چاہ بابل	شہر بابل کا کنواں۔ بعض کے

نمبر شعر	لفظ	معنی	نمبر شعر	لفظ	معنی
		نزدیک ایک کنواں ہے	۱۰۸	کھرج ریھبوت	راگ کی قسمیں ہیں
		جس میں ہاروت وماروت	۱۰۹	مغبچہ	خوبصورت لڑکا۔ مے فروش
		دو فرشتے قید ہیں۔			کا لڑکا۔
۷۸	ہاروت	ہاروت فرشتہ کا نام ہے	۱۱۰	للت رام کلی	راگنیوں کا نام ہے۔
		جو چاہ بابل میں قید ہے	۱۱۳	خروس	مرغ۔
۸۳	حمرت	سرخی۔ لالی۔	۱۱۴	مرغان اولی	فرشتوں سے کنایہ ہے۔
۸۶	جعد	چوٹی۔		اجنحہ	
۸۸	تبختر	نازو انداز۔ تکبر۔ غرور	۱۲۰	طوبےٰ لک	خوشی کی بشارت ہو
۹۱	لانم قم	اٹھ مت سو۔	۱۲۳	قامع کفر والحاد	کفر والحاد کا توڑنے والا
